تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا حماد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد نمبر 02 | جمعتہ المبارک 21 نومبر 2025ء 27 جمادی الاول 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 98

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سہ ملکی سیریز میں شریک پاکستان، سری لنکا اور زمبابوے کی کرکٹ ٹیموں کے اعزاز میں دی گئی ضیافت سے خطاب کر رہے ہیں۔

کام محنت سے ہوتا ہے جادو ٹونے سے نہیں، مریم نواز

کچھ لوگوں نے سیاست میں کئی سال ضائع کیے، کام نہیں کیا، ان کا نام لو تو بدتمیزی کا خیال آتا ہے، پنجاب میں ڈیڑھ سال میں جو ترقی ہوئی اس کی مثال نہیں ملتی

الیکٹرک بس میں طلبہ کو مفت سفر کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے، میٹرو ہو یا الیکٹرک بسیں، مسلم لیگ (ن) کا عوام کیلئے تحفہ ہے، الیکٹرک بسیں ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے میں معاون ثابت ہوں گی، وزیر اعلیٰ پنجاب کا خطاب

راولپنڈی (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ کام محنت سے ہوتا ہے، جادو ٹونے سے نہیں، کچھ لوگوں نے سیاست میں کئی سال ضائع کیے، کام نہیں کیا، ان کا نام (بقیہ نمبر 1)

سپریم کورٹ سے مستعفی ججز آگے آکر ہماری تحریک کو لیڈ کریں، پوری قوم ان کیساتھ ہوگی، اسد قیصر

صوابی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما و سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر (بقیہ نمبر 2)

1973 کے آئین کی رو کے مطابق جو بھی آئینی ترامیم ہوں گی، پیپلز پارٹی ان کی حمایت کریگی، گورنر پنجاب

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ وکلاء برادری کا معاشرے (بقیہ نمبر 3)

لاہور: صوبائی وزیر صحت وایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق ریسکیو ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، سیکرٹری ڈاکٹر رضوان نصیر بھی ہمراہ ہیں۔

نائب وزیراعظم سینیٹر محمد اسحاق ڈار 19 سے 21 نومبر تک برسلز کا سرکاری دورہ کریں گے

نائب وزیراعظم دورے کے دوران چوتھے یورپی یونین انڈو پیسفک وزارتی فورم میں بھی شرکت کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار یورپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ اور نائب صدر برائے خارجہ امور اور سلامتی پالیسی کایا کالس کی دعوت پر 19 سے 21 نومبر تک برسلز کا سرکاری دورہ کریں گے جہاں وہ پاکستان-یورپی یونین (بقیہ نمبر 4)

وزیر اعلیٰ مریم نواز کا وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کے چچا سید مجاہد حسین بخاری کے انتقال پر اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کے چچا سید مجاہد حسین بخاری کے (بقیہ نمبر 5)

بچوں کا تحفظ ریاست اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے، صدر زرداری

اس سال عالمی موضوع ''میرا دن، میرے حقوق'' بچوں کو اپنی زندگیوں سے متعلق فیصلوں میں شریک ہونے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے عالمی یومِ اطفال کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یہ دن محض اعتراف نہیں بلکہ بچوں کے حقوق کے تحفظ اور فروغ کیلئے عملی اقدامات کا تقاضا کرتا ہے، عالمی یوم اطفال دنیا بھر میں بچوں کی فلاح و بہبود کے لئے آگاہی اور اجتماعی ذمہ داری کے احساس کو مضبوط بنانے کا موقع فراہم کرنے اور اقوام متحدہ کے کنونشن برائے حقوقِ طفل کی سالگرہ کی یاد دہانی بھی کراتا (بقیہ نمبر 6)

رانا تنویر حسین کی سپین میں انٹرنیشنل اولیو کونسل کے 122 ویں اجلاس میں شرکت

حکومت پاکستان ملک بھر میں ایک پائیدار اور مسابقتی زیتون ویلیو چین کے قیام کے لیے پوری طرح پرعزم ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے قرطبہ، سپین میں منعقد ہونے والے انٹرنیشنل اولیو کونسل (آئی او سی) کے 122 ویں اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کی اور اجلاس سے خطاب کیا۔ اس عالمی اجلاس میں مختلف ممالک (بقیہ نمبر 7)

لاہور ہائیکورٹ میں 27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف دائر درخواستیں سماعت کیلئے مقرر

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں 27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف دائر درخواستیں سماعت کے لیے مقرر کر دی (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ اور ریونیو سینیٹر محمد اورنگزیب ایک مقامی ہوٹل میں کارپوریٹ فلانتھراپی رپورٹ 2024 کے اجراء اور ایوارڈ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

این ڈی ایم اے کی آئندہ سال مون سون میں 22 سے 26 فیصد زائد بارشوں کی پیشگوئی

بہت سے کام وفاق اور صوبوں نے کرنے ہیں، دریاؤں میں آنے والے پانی کیلئے سفارشات بنائی گئی ہیں

لاہور (این این آئی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے نے 2026ء کے مون سون میں 22 سے 26 فیصد زائد بارشوں کی پیشگوئی کردی۔ ایک بیان میں کہا گیا کہ پاکستان میں موسم کی شدت میں اضافہ ہو رہا ہے، 2026ء کے مون سون میں 22 سے 26 فیصد (بقیہ نمبر 9)

آئندہ برس مون سون سے نقصانات سے بچنے کیلئے ابھی سے تیاری کی جائے، وزیراعظم

وزیراعظم نے حکم دیا کہ پیش کردہ قلیل مدتی منصوبے پر فوری عملدرآمد شروع کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ترقی پذیر ملک ہے، ہر تیسرے سال موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات پر جی ڈی پی کا خاطر خواہ حصہ خرچ کرنا پڑتا ہے

وقیمتی و محدود وسائل ترقی کی بجائے موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات سے بچاؤ کیلئے استعمال ہوتے ہیں، پاکستان جس کا موسمیاتی تبدیلی میں کردار نہ ہونے کے برابر ہے، موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات کی لپیٹ میں ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آئندہ برس مون سون میں کسی بھی جانی و مالی نقصان سے بچنے کیلئے ابھی سے تیاری کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزارت موسمیاتی تبدیلی، وزارت منصوبہ بندی اور نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے مربوط منصوبہ سازی کریں۔ وزیراعظم ا X فس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت موسمیاتی تبدیلیوں کے مضر اثرات سے بچاؤ کی حکومتی حکمت علی پر جائزہ اجلاس (بقیہ نمبر 10)

عمران خان کی جی ایچ کیو حملہ کیس میں پیشی کیلئے ویڈیو لنک تیاری کا حکم

راولپنڈی (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے عمران خان کی جی ایچ کیو حملہ کیس میں (بقیہ نمبر 13)

وفاقی وزیر شزہ فاطمہ خواجہ 2 روزہ دورے پر کرغزستان پہنچ گئی

بشکیک (این این آئی) آذربائیجان کے کامیاب دورے کے بعد وفاقی وزیر برائے انفارمیشن (بقیہ نمبر 12)

ماحولیاتی تبدیلی اور پانی کا بحران قومی سطح کا چیلنج ہے، فیصل کنڈی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ ماحولیاتی تبدیلی اور پانی کا (بقیہ نمبر 11)

جو لوگ عطیات چھپا رہے ہیں وہ بھی سامنے آئیں، وفاقی وزیر خزانہ

وزیراعظم کی ہدایت پر سوشل فنانسنگ فریم ورک پر کام ہو رہا ہے، متحد ہو کر ہی چیلنجز پر قابو پایا جا سکتا ہے، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کا شمار عطیات دینے والے ممالک میں سرفہرست ہے، کراچی پاکستان میں عطیات دینے والوں میں سب سے اوپر ہے، جو لوگ عطیات چھپا رہے ہیں وہ بھی سامنے آئیں۔ اسلام آباد (بقیہ نمبر 14)

وزیر پٹرولیم کی چینی سفیر سے ملاقات، دیرینہ شراکت دارانہ تعلقات کے عزم کا اعادہ

پاکستان اور چین کے درمیان سٹریٹجک تعلقات کو مزید مضبوط، توانائی اور معدنیات کے شعبوں میں تعاون پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور چین کے درمیان سٹریٹجک تعلقات کو مزید مضبوط، توانائی اور معدنیات کے شعبوں میں تعاون پر اتفاق ہوا ہے، دونوں ممالک نیا سی عزم کا اعادہ کیا کہ توانائی اور معدنیات کے شعبوں میں تعاون کو نئی بلندیوں تک لے جایا جائے گا۔ بدھ کو وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک اور پاکستان میں تعینات چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ کے درمیان چینی سفارتخانے اسلام آباد میں ملاقات ہوئی جس میں پاکستان اور چین کے مضبوط اور دیرینہ (بقیہ نمبر 15)

300 سے زائد افغانستانی فنکاروں کا پاکستان سے انخلا کیخلاف عدالت سے رجوع

پشاور (این این آئی) افغانستانی فنکاروں نے پاکستان سے انخلاء کے خلاف پشاور ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا۔ درخواست میں وفاقی حکومت، ایف آئی اے اور چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کو فریق بنایا گیا ہے، مؤقف اپنایا گیا کہ تین سو سے زائد فنکار درخواست گزار افغان گلوکار ہیں (بقیہ نمبر 16)

علیم خان سے چین کے گیزوبا گروپ کے چیئرمین کی وفد کے ہمراہ ملاقات، سرمایہ کاری پر گفتگو

چینی کمپنی نے M-6 اور M-10 کے باقی ماندہ حصوں کی تعمیر میں شراکت داری کی پیشکش نے قبول کرلی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان کی M-6 اور M-10 کے باقی ماندہ حصوں کی تعمیر میں شراکت داری کی پیشکش چینی کمپنی نے قبول کر لی۔ بدھ کو وزارت مواصلات سے جاری بیان کے مطابق چین کے گیزوبا گروپ کے چیئرمین لیو ہوالیانگ نے وفد کے ہمراہ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے عبدالعلیم خان نے کہا کہ پاکستان کے چند دوست ممالک میں چین سب سے زیادہ نزدیک اور (بقیہ نمبر 17)

ملک کے سیاسی استحکام کیلئے مزید ترامیم کر سکتے ہیں، طلال چوہدری

راستے روکنے کی بجائے مناسب جگہ پر احتجاج کریں تو سکیورٹی اور تحفظ فراہم کریں گے، استعفوں سے عدلیہ سیاسی ججوں سے پاک ہوئی ہے

جڑانوالہ (این این آئی) وزیر مملکت داخلہ اینٹی نارکوٹکس سینیٹر طلال بدر چوہدری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں سمیت کسی خاتون کی بے حرمتی نہیں کی گئی، یہ پوائنٹ سکورنگ کیلئے بیانیہ بنایا گیا، راستے روکنے کی بجائے مناسب جگہ پر احتجاج کریں تو سکیورٹی اور تحفظ فراہم کریں گے، استعفوں سے عدلیہ سیاسی ججوں سے پاک ہوئی ہے، 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترامیم چارٹر آف ڈیموکریسی کے مطابق 18 ویں آئینی ترمیم (بقیہ نمبر 29)

وزیر داخلہ محسن نقوی کی سعودی عرب کے سفیر سے ملاقات

سعودی سفیر کی اسلام آباد میں دہشتگرد حملے کی مذمت۔ جانی نقصان پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی سے ملاقات کی جس میں سعودی عرب کے سفیر نے ڈپلومیٹک انکلیو میں سعودی عرب کے سفارتخانہ آمد پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا خیر مقدم کیا۔ ملاقات میں پاک سعودیہ تعلقات دوطرفہ تعاون بڑھانے اور سیکیورٹی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سعودی سفیر نے اسلام آباد کچہری کے قریب خودکش دھماکے کی مذمت کی اور دھماکے کے باعث ہونے والے جانی نقصان پر (بقیہ نمبر 18)

ہائیکورٹ نے قتل کیس میں ٹرائل کورٹ سے سزائے موت پانے والے کو بری کر دیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بھابھی کے قتل کے مقدمے میں ٹرائل کورٹ سے سزائے موت پانے والے کو بری کر دیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ استغاثہ چشم دید گواہوں کی موقع پر موجودگی ثابت کرنے میں ناکام رہا جس کے باعث ملزم کو سزا برقرار نہیں رکھی جا سکتی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شہرام سرور چوہدری (بقیہ نمبر 30)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین انسداد سموگ سرگرمیوں بارے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

لاہور کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان لاہور کی تمام تحصیلوں کے اے سیز اور پیرافورس افسران کی کارکردگی کا جائزہ اور عوامی سہولیات فراہمی بارے بریفنگ لے رہی ہیں۔

غیر قانونی مقیم افغان شہریوں کیخلاف آپریشن جاری ہے، عظمیٰ بخاری

تین ہفتوں میں 6 ہزار 220 افغانیوں کو واپس اپنے ملک بھجوایا گیا ہے، وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب میں غیر قانونی مقیم افغان و غیر ملکی شہریوں کے خلاف آپریشن جاری ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ غیر قانونی مقیم افغانیوں کی اطلاع دینے والوں کو نقد انعام ملے گا، تین ہفتوں میں 6 ہزار 220 افغانیوں کو واپس اپنے ملک بھجوایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ویسلز بلور کے تحت کئی شہریوں نے درست معلومات (بقیہ نمبر 19)

امریکی کانگریس میں جمع رپورٹ میں گزشتہ جنگ میں پاکستان کی بھارت پر برتری کا تذکرہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی کانگریس میں جمع کرائی گئی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان نے اس برس مئی میں ہونے والے چار روزہ تصادم میں بھارت پر ''فوجی برتری'' حاصل کی۔ گزشتہ روز امریکا-چین اقتصادی و سلامتی جائزہ کمیشن کی جانب سے کانگریس میں جمع کرائی گئی رپورٹ میں کہا گیا کہ چار روزہ جھڑپ میں پاکستان کی بھارت پر (بقیہ نمبر 31)

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن مینار پاکستان اجتماع گاہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

خواتین معاشی ترقی کے سفر میں حصہ ڈالیں، ہارون اختر خان

پاکستانی کاروباری خواتین رکاوٹوں کو توڑ کر روزگار پیدا کر رہی ہیں، عاطف اکرام شیخ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت خواتین کے مسائل حل کرنے اور سہولیات فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے، حکومت سال انٹرپرائز کے ذریعے خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کیلئے کام کر رہی ہے، پاکستان کی پچاس فیصد سے زائد آبادی خواتین پر مشتمل ہے، ہم صرف اپنی پچاس فیصد ورک فورس کے ذریعے کام کر رہے ہیں، دنیا بھر کی تمام بڑی ایئر لائنز میں خواتین کام کر رہی ہیں، (بقیہ نمبر 32)

اسلامی بینکنگ کے نام پر زیادہ سود لیا جا رہا ہے، سلیم مانڈوی والا

قائمہ کمیٹی کا اسلامی بینکنگ کے نام پر زیادہ سود لینے کے معاملے پر بینکوں کو کمیٹی میں بلانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے اسلامی بینکنگ کے نام پر زیادہ سود لینے کے معاملے پر بینکوں کو کمیٹی میں بلانے کا فیصلہ کر لیا۔ سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس ہوا، جس میں وزیر مملکت خزانہ اور ریلوے بلال اظہر کیانی شریک ہوئے۔ چیئرمین کمیٹی سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ اسلامی بینکنگ کے نام پر زیادہ سود لیا جا رہا ہے۔ سینیٹر فاروق ایچ نائیک نے سوال اٹھایا کہ اسٹیٹ بینک کیسے ایسا کر سکتا ہے؟ (بقیہ نمبر 22)

وفاقی آئینی عدالت: ججز ٹرانسفر کیس میں 6 رکنی لارجر بینچ تشکیل

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت میں 5 ججز کی انٹرا کورٹ اپیل پر 6 رکنی لارجر بینچ تشکیل دے دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق آئینی عدالت میں ججز ٹرانسفر کیس میں جسٹس محسن اختر کیانی سمیت 5 ججز کی اپیل سماعت کیلئے مقرر کر دی گئی ہے۔ جسٹس امین الدین کی (بقیہ نمبر 21)

پنجاب میں آئمہ کرام کے وظیفے کی منظوری و نگرانی کا نیا نظام تیار

آئمہ کرام کا ڈیجیٹل ڈیٹا سپیشل برانچ اور سی ٹی ڈی کو منتقل کیا جائے گا، ذرائع

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کی جانب سے آئمہ کرام کے وظیفے کی منظوری و نگرانی کا نیا نظام تیار کر لیا گیا، آئمہ کرام کا ڈیجیٹل ڈیٹا سپیشل برانچ اور سی ٹی ڈی کو منتقل کیا جائے گا، سکیورٹی کلیئرنس کے بعد آئمہ کرام کو 25 ہزار ماہانہ وظیفہ ملے گا۔ ذرائع کے مطابق ہیٹ اسپیچ اور اینٹی اسٹیٹ سرگرمیوں پر سخت کارروائی ہوگی، پہلی خلاف ورزی پر آئمہ کرام کو صرف ''وارننگ'' دی (بقیہ نمبر 20)

مافیاز کے مسلط کردہ ظالمانہ نظام کو برداشت نہیں کرینگے، حافظ نعیم الرحمن

جماعت اسلامی کا اجتماع عام نوجوانوں، کسانوں، مزدوروں اور خواتین سمیت پسے ہوئے طبقہ کے لئے امید کا پیغام ہوگا

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ 78 سال سے ظلم و جبر کے نظام نے عوام کو ریلیف دینے کی بجائے لوگوں کے ارمانوں کا خون کیا، عدالتیں انصاف دے سکیں نہ ادارے کسی کام آسکے، عوام بنیادی حقوق اور سہولیات سے محروم ہیں کوئی ان کا پرسان حال نہیں، 26 ویں اور 27 ویں ترمیم نے تو بیڑا غرق کر دیا ہے، جماعت اسلامی عوام کو وڈیروں، جاگیرداروں اور (بقیہ نمبر 33)

گھوٹکی: پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری خان گڑھ میں ان مہر سے ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کر رہے ہیں۔

قونصل جنرل امتیاز فیروز گوندل کی بیرسٹر امجد ملک سے ملاقات

پی آئی اے فلائٹس کی بحالی اور خصوصی عدالتوں کے قیام پر تفصیلی گفتگو

لاہور (این این آئی) مانچسٹر میں تعینات قونصل جنرل آف پاکستان امتیاز فیروز گوندل نے راچڈیل کا دورہ کیا جہاں انہوں نے وائس چیئرپرسن اوورسیز کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک سے خصوصی ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، کمیونٹی مسائل اور برطانیہ میں پاکستانیوں کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گفتگو کے دوران حکومت پاکستان کی (بقیہ نمبر 24)

قلعہ عبداللہ، جرائم پیشہ افراد کے لیویز پوسٹ پر حملے کے نتیجے میں پوسٹ انچارج شہید ہوگیا

کوئٹہ (این این آئی) قلعہ عبداللہ میں جرائم پیشہ افراد کے لیویز پوسٹ پر حملے کے نتیجے میں پوسٹ انچارج شہید ہوگیا ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ کے مطابق جرائم پیشہ افراد کوئٹہ چمن شاہراہ پر لوٹ مار کر رہے تھے اس دوران وین چھیننے کی (بقیہ نمبر 23)

سرحد چیمبر نے پاک، چین تجارتی تعلقات کو بہتر وسعت دینے کیلئے کوششیں تیز کر دیں

پشاور (این این آئی) سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے پاکستان اور چین کے درمیان دوطرفہ تجارتی اور اقتصادی تعلقات کو فروغ دینے کیلئے کوششیں تیز کر دی ہیں اور چائنیز کموڈٹی سٹی میں باہمی شراکت دار بننے پر آمادگی ظاہر کی ہے۔ یہ بات گذشتہ روز سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر جنید الطاف نے (بقیہ نمبر 25)

ملتان: چیئرمین سینیٹ آف پاکستان سید یوسف رضا گیلانی روٹس ملینیم ایجوکیشن گروپ ملتان کیمپس کا افتتاح کر رہے ہیں۔

پاکستانی فضائی حدود کی بندش نے بھارتی ایئر لائنز کے چھکے چھڑا دیے

کچھ طویل پروازوں کے سفر کے دورانیے میں 3 گھنٹے تک کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا

کراچی (این این آئی) پاکستانی فضائی حدود کی بندش کے باعث ایئر انڈیا کی مغربی ممالک کے لیے پروازوں میں نہ صرف ایندھن کا خرچہ بڑھ گیا بلکہ دورانیہ بھی تقریباً 3 گھنٹے طویل ہوگیا جس کے بعد فضائی کمپنی بھارتی حکومت کو آمادہ کرنے کی کوشش کر رہی ہے تاکہ چینی فضائی حدود استعمال کی جاسکے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایئر انڈیا بھارتی حکومت پر دباؤ ڈال رہی ہے کہ وہ چین کو قائل کرے کہ وہ سنکیانگ کی حساس عسکری فضائی حدود استعمال کرنے کی (بقیہ نمبر 26)

پاکستانی ماہرین کا بڑا کارنامہ، میڈ اِن پاکستان محفوظ موبائل فون تیار

لاہور (این این آئی) پاکستانی ماہرین نے میڈ اِن پاکستان محفوظ موبائل فون تیار کر لیا گیا، محفوظ موبائل فون سیٹ حکومتی شخصیات اور سرکاری افسران کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ موبائل فون کا سافٹ ویئر اور ہارڈ ویئر دونوں پاکستان میں تیار کئے گئے ہیں، نئے آپریٹنگ سسٹم کے (بقیہ نمبر 27)

بی آئی ایس پی کے تحت سوشل پروٹیکشن والٹ کے پائلٹ مرحلے کا آغاز

مقصد خواتین کیلئے شفاف، باوقار اور براہِ راست مالی رسائی کو یقینی بنانا ہے، پہلے مرحلے کا آغاز 17 نومبر سے 41 اضلاع میں ہو چکا

اسلام آباد (این این آئی) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کے تحت سوشل پروٹیکشن والٹ کے پائلٹ مرحلے کا آغاز کر دیا گیا۔ پہلے 24 گھنٹوں میں 30 سے زائد اضلاع میں 747,5 مفت موبائل سمز جاری کر دی گئیں، اس اقدام کا مقصد خواتین کیلئے شفاف، باوقار اور براہِ راست مالی رسائی کو یقینی بنانا ہے، پہلے مرحلے کا آغاز 17 نومبر سے 41 اضلاع (بقیہ نمبر 34)

کراچی پورٹ سے ماحول دوست میرین فیول کی پہلی بڑے پیمانے پر پیداوار اور ترسیل کا آغاز

کراچی (این این آئی) پاکستان کی بحری تاریخ میں ایک اور سنگ میل عبور ہوگیا۔ کراچی پورٹ سے ماحول دوست میرین فیول کی پہلی بڑے پیمانے پر پیداوار اور ترسیل کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ پاکستان نے بحری و توانائی کے شعبوں میں پہلی بار بین الاقوامی تنظیم برائے (بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ پاکستان انرجی اینڈ ایگزیبیشن کانفرنس (PEEC-2025) کا افتتاح کر رہے ہیں۔

بجلی کی قیمت میں 65 پیسے فی یونٹ کمی کا امکان

سی پی پی اے نے قیمت میں فی یونٹ کمی کے لیے نیپرا میں درخواست جمع کرادی

اسلام آباد (این این آئی) آئندہ ماہ بجلی کی قیمتوں میں کمی کا امکان ہے۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے نیپرا کو بجلی کی قیمت میں 65 پیسے فی یونٹ کمی کی درخواست جمع کروادی ہے۔ یہ درخواست ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں اکتوبر کے مہینے کے لیے (بقیہ نمبر 37)

تعلیم کسی بھی قوم کیلئے سب سے قیمتی سرمایہ ہوتا ہے، وزیر تعلیم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی نے کہا ہے کہ تعلیم کسی بھی قوم کیلئے سب سے (بقیہ نمبر 36)

مصنوعی مہنگائی کی روک تھام کیلئے انقلابی اقدام اٹھانے کا فیصلہ

پرائس مجسٹریٹس کی بھی کڑی نگرانی ہو سکے گی، نئے نظام کا جلد وزیر اعلیٰ افتتاح کریں گی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے مصنوعی مہنگائی کی روک تھام کے لئے انقلابی اقدام اٹھانے کا فیصلہ کیا ہے جس کے تحت پرائس مجسٹریٹس کی بھی کڑی نگرانی ہو سکے گی، نئے نظام کی تشکیل حتمی مرحلے میں داخل ہوگئی جس کا متوقع طور پر بہت جلد وزیر اعلیٰ پنجاب افتتاح کریں گی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حکومت نے (بقیہ نمبر 28) ای کورٹس کا نظام بھی لایا جائیگا، موبائل ایپ سے شکایت کا اندراج، ویڈیو لنک پر پیش ہو سکے گا

راولپنڈی ایس ڈی پی وارث خان سرکل رانا نعیم یاسین زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ بنی انسپکٹر راجہ طاہر محمود و بنی پولیس ٹیم کی اہم کاروائی

ایک ماہ قبل اندھے قتل کی واردات کا معمہ حل، مقتول کی اہلیہ ہی قاتل نکلی

ملزمان نے 9 اکتوبر بروز جمعرات کو تھانہ بنی علاقے اصغر مال روڈ پر وقار احمد اسد کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا تھا

زخمی وقار احمد بعد ازاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ہسپتال میں دم توڑ گیا تھا، پولیس

واقعہ کا مقدمہ مقتول کے بھائی رفاقت علی خان ولد ذوالفقار حسین کی مدعیت میں نامعلوم ملزمان کے خلاف درج کیا گیا تھا، پولیس

خاتون نے اپنے شوہر کو آشنا اور دیگر ساتھیوں کے ساتھ مل کر قتل کیا

راولپنڈی(نعمان چوہدری)تفصیلات کے مطابق ایس ڈی پی وارث خان سرکل رانا نعیم یاسین زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ بنی انسپکٹر راجہ طاہر محمود و بنی پولیس ٹیم کی اہم کاروائی کرتے ہوئے ایک ماہ قبل شہری کے اندھے قتل کا معمہ حل کرلیا، مقتول کی اہلیہ اور آشنا ہی قاتل نکلے، مقتول کی اہلیہ، آشنا اور اس کے ساتھی کو گرفتار کرلیا، ملزمان نے منصوبہ بندی سے مقتول کی گاڑی کو روکا اور فائرنگ کر کے قتل کیا تھا، مقتول کی اہلیہ کے آشنا نے اپنی دوکان پر کام کرنے والے ملازم کے ساتھ مل کر قتل کی واردات کیتھی، ابتدائی طور پر مقدمہ میں ایک خاتون کو نامزد کیا گیا تھا جس کا وقوعہ سے کوئی تعلق ثابت نہ ہو سکا، پولیس نے تفتیش کا دائرہ بڑھایا تو مقتول وقار احمد کی اہلیہ اور اہلیہ کا آشنا ہی قاتل نکلے، پولیس نے تفتیش کے دوران سینکڑوں سی سی ٹی وی کیمروں اور دیگر ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع سے مدد لی، گرفتار ملزمان نے انکشاف کیا کہ مقتول کی جائیداد و رقم حاصل کرنے کے لیے اسے راستے سے ہٹایا گیا، گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، اندھے قتل کی موثر تفتیش اور ملزمان کی گرفتاری پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس پی راول، ڈی ایس پی وارث خان، ایس ایچ او بنی اور ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

میانی عوامی خدمت پروگرام کے تحت صوبائی محتسب پنجاب کی موبائل وین کا یونین کونسل نمبر 1 مڈھ پرگنہ تحصیل بھیرہ ضلع سرگودھا کا دورہ

شہریوں کے مسائل کا بروقت حل اور انصاف کی فراہمی صوبائی محتسب پنجاب کے ادارے کی اولین ترجیح ہے

سرگودھا محمد زبیر بھٹی سے ۔۔۔۔۔میانی عوامی خدمت پروگرام کے تحت صوبائی محتسب پنجاب کی موبائل وین کا یونین کونسل نمبر 1 مڈھ پرگنہ تحصیل بھیرہ ضلع سرگودھا کا دورہ ۔۔۔صوبائی محتسب پنجاب کے حکم کے مطابق عوامی خدمت پروگرام کے تحت موبائل وین کے ذریعے شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر سنے جا رہے ہیں اور متعلقہ محکموں کو دادرسی کی ہدایات دی جا رہی ہیں۔ اسی سلسلے میں ریجنل آفس سرگودہا کی جانب سے یونین کونسل نمبر 1 مڈھ پرگنہ تحصیل بھیرہ ضلع سرگودھا میں موبائل وین کے ذریعے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ پرائیویٹ سیکرٹری فیصل بٹ اور لائزن آفیسر طوبیٰ ※ رباب نے عوامی شکایات سنیں۔ اس موقع پر سیکرٹری یونین کونسل نمبر 1 ملک اشفاق حسین بھی موجود تھے اس موقع پر عوام الناس کی جانب سے 73 شکایات موصول ہوئیں جنہیں موقع پر درج کر کے متعلقہ محکموں کو ان کے فوری حل کی ہدایات جاری کی گئیں۔ پرائیویٹ سیکرٹری فیصل بٹ نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کے مسائل کا بروقت حل اور انصاف کی فراہمی صوبائی محتسب پنجاب کے ادارے کی اولین ترجیح ہے

سعید تنولی، سترہ رکنی مرکزی کمیٹی نے آصف علی زرداری، بلاول؛ بھٹو، وزیر اعلیٰ سندھ اور ڈی جی رینجرز سے دہشت گردوں کے خلاف سخت کاروائی کا مطالبہ کیا

کراچی ملک کا معاشی حب ہے بھتہ بازی اور خوف کی فضا ملکی مفاد میں نہیں

کراچی (بیورو چیف جرنلسٹ محمد فاروق برڑو قادری) کراچی رائٹس آرگنائزیشن کے سربراہ سعید تنولی، سترہ رکنی مرکزی کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، چیئرمین بلاول؛ بھٹو، وزیر اعلیٰ سندھ اور ڈی جی رینجرز سے تاجر برادری اور کراچی میں معشت کا پہیہ مفلوج کرنے کی کوششوں پر دہشت گردوں کے خلاف سخت کاروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ کراچی ملک کا معاشی حب ہے بھتہ بازی اور خوف کی فضا ملکی مفاد میں نہیں۔ سعید تنولی نے کہا کہ سندھ میں بیڈ گورننس کا بدترین معاملہ ہے۔ زمینوں پر دہشت گردوں کو بسانے کا مکروہ عمل ہو رہا ہے۔ کے ایم سی نے چائنا کٹنگ کئے ذریعے نو ہزار گز زمین منگھو پیر میں دے دی ہے۔ جبکہ ڈائریکٹر لینڈ عدنان زیدی نے 28 بسیں ہاکس بے کے ڈبل لیز کردیئے ہیں۔، پانچ پٹرول پمپس، چار ایکڑ زمین حب ریور روڈ کے پاس لیز کردی گئی ہے۔ 300 گز گلستان مزدور میں، 3100 گز الگ لیز کئے ہیں۔ خالی زمینیں اور لینڈ لیز کردیئے ہیں جسکے لئے وصی عثمانی اور افسران نے میئر سے بغاوت کی تھی۔ بیس لاکھ روپے ہفتہ افضل زیدی کو دیا جا رہا ہے جسکے انعام کے طور پر میونسپل کمشنر افضل زیدی جو چائنا کٹنگ ڈان اور کرپشن کا سب سے بڑا بادشاہ ہے اپنی گاڑی پراڈو عدنان زیدی کو الاٹ کردی ہے جو او پی ایس افسر ہے۔ اسی طرح فیصل رضوی نے ایس ٹی سکس جسے پہلے وہ فلاحی زمین کہ کر میڈیا اور عوام کو گمراہ کرتا رہا۔ پچاس پچاس لاکھ روپے لیکر چالیس دکانیں لیز کردیں۔ جبکہ اسی طرح دیگر رفاہی پلاٹ بھی بھگتائے جا رہے ہیں۔ لوٹ مار کا بازار گرم ہے۔ لیز ریگولارائز کی دے دی ہے جبیہ جگہ اوپن پڑی ہے۔ ریگولارائز لیز اسے دی جاتی ہے جہاں پر اس فریق کا قبضہ ہو یا الاٹمنٹ ہو۔ رفاہی پلاٹ پر کمرشل لیز کیسے دی جا سکتی ہے؟ جعلسازی کے سارے ریکارڈ توڑ دیئے گئے ہیں۔ میئر کراچی کو ٹرک کی بتی کے پیچھے لگا کر پرانے افسران کو غلط کہنے اور ان کو الجھا کر اپنا الو سیدھا کرلیا گیا ہے۔ نو ہزار ایکڑ گلشن ضیاء میں فتنہ الہندوستان کو کروڑوں روپے لے کر غفار قاضی سمیت تمام فتنوں کو دے دی گئی ہے۔ اسی طرح مواچھ گوٹھ، ساڑھے گیارہ، یو سی ڈی کی 850 گز زمین کشور زہرہ، سفیر اسپتال کا چالان بھی امین الحق، کشور زہرہ کے نام تیار تھا جو عدالت میں اسٹے کے بعد روک لیا گیا ہے۔ پانچ کروڑ لے کر نیپا پر کشور زہرہ کو اربوں کی زمین دی گئی ہے۔ پیپلز پارٹی ویسٹ اور متحدہ ایک پیج پر ہیں بے نظیر بھٹو کا اسٹیڈیم بیچنے کے بعد اب عزیز ملت کی تیاری ہے۔ بنارس نیشنل بھی ایم کیو ایم کو دے دیا گیا ہے۔ 2020 میں پروجیکٹ ڈائریکٹر نے باقاعدہ نیب اور تمام اداروں اور مرکزی قیادت کو آگاہ کیا تھا۔ جس پر انہیں ماورائے قانون ہٹا کر انکا ہی میڈیا ٹرائل شروع کر دیا گیا تھا۔ اینٹی کرپشن تمام واقعہ سے واقف ہے۔ اب یہ زمینیں شاہد بشیر نعمان اور کشور زہرہ، جمیل اختر و دیگر ملکر نمٹوا رہے ہیں جبکہ ایس ایم جاوید نے شاہ جی موٹرز سے تین کروڑ لے کر دو ہزار گز زمین علی گڑھ ایس ٹی ٹو کے چالان بھر لئے ہیں۔ فیصل رضوی کو فی دکان رقم دی جائے گی۔ دو کروڑ دے دیئے گئے ہیں۔ 90 دکانیں نکالی گئی ہیں خالی پلاٹ کو ریگولارائز کا ڈرامہ کر کیلیز کیا جا رہا ہے جبکہ کچھ لیزیں جعلی دستخط اور نقشہ بنا کر کردی گئیں ہیں۔ کراچی میں بھٹائی آباد، نیو کراچی، تیسر ٹاؤن، اسکیم تینتیس، برج الحرمین، اسکیم اکتالیس، سرجانی ٹاؤن، کورنگی، لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز اور نگی، بلدیہ ٹاؤن انڈسٹریز بھی نمٹا دی گئی ہیں۔ سعید تنولی نے کہا ہے کہ کراچی اگر بچانا ہے تو فیلڈ مارشل کراچی آئیں۔ شاہ لطیف ٹاؤن پر قابض افراد گلشن حدید اور لانڈھی انڈسٹریل ایریا میں مشکوک افراد کی سرگرمیاں دیکھیں۔ افضل زیدی اور فیصل رضوی کو حساس اداروں کے حوالے کیا جائے کلک کرپشن اور کے ایم سی اور کراچی کو لوٹنے والے ڈان کو نشان عبرت بنایا جائے۔

سندھ حکومت کراچی کو سیف سٹی بنائے۔ مقامی افسران کو لگانے کی روایت نہ ڈال کر صوبہ کی سوچ کو پروان چڑھایا جا رہا ہے

بلدیاتی ادارے پہلی مرتبہ پیپلز پارٹی کو ملے تو کرپشن کی تمام حدیں پار کرلی گئیں۔ کراچی تنزی یافتہ شہر میں اول ہے

کراچی (بیورو چیف جرنلسٹ محمد فاروق برڑو قادری) مہاجر اتحاد نیشنل موومنٹ کی سینئر وائس چیئر پرسن روبینہ یاسمین، جنرل سیکریٹری یونس میمن، سیکریٹری ونگراں مہاجر ورکرز یونین عقیل انبالوی نے کہا ہے کہ سندھ حکومت کراچی کو سیف سٹی بنائے۔ مقامی افسران کو لگانے کی روایت نہ ڈال کر صوبہ کی سوچ کو پروان چڑھایا جا رہا ہے۔ بلدیاتی ادارے پہلی مرتبہ پیپلز پارٹی کو ملے تو کرپشن کی تمام حدیں پار کرلی گئیں۔ کراچی تنزی یافتہ شہر میں اول ہے۔ نعمت اللہ خان اور مصطفی کمال نے شہر بنایا۔ 2010 سے آج 2025 تک کراچی بدترین اور کھنڈرات پر مبنی شہر ہے۔ میئر نے آستین میں سانپ پال رکھے ہیں۔ فوری متعصب اور کرپٹ میونسپل کمشنر کی جگہ تجربہ کار افسر لگائیں جو مقامی ہو۔ او پی ایس افسران کو ہٹائیں۔ چائنا کٹنگ فیصل رضوی اور افضل زیدی کر رہے ہیں میئر کراچی انکے خلاف ریفرنس بھجیں۔ عدنان زیدی نے کراچی کی قیمتی زمینیں بیچ دیں۔ افضل زیدی کے اثاثے نیب کے ڈی جی شکیل درانی چیک کریں۔ اینٹی کرپشن مہاجر افسروں کو نشانہ بنانے سے گریز کرے۔ لسانیت کی بنیاد پر افضل زیدی کے لکھے گئے خط انتقام اور کرپشن سے خود کو بچانے کی بھونڈی کوشش ہے۔ مہاجروں میں یہ سوچ تیزی سے ابھر رہی ہے کہ پیپلز پارٹی کراچی کو لوٹ کر نکل جائے گی تاجروں اور آباد و صنعت کاروں کو انکے پالے ہوئے افراد دھمکیاں دے رہے ہیں۔ مہاجروں کو لاوارث نہ سمجھیں۔ مہاجر کلچر ڈے پر اگر کوئی سازش کی گئی تو باقاعدہ صوبہ کی تحریک چلانے کا اعلان کرینگے۔

لوئر سیگمینٹ سیزیرین سیکشن (LSCS) پہلا سیزیرین کیسے بچائیں" کے عنوان سے ایک اہم علمی سیمینار

سیمینار میں گائنا کالوجی اور اوبسٹرکس کے ماہرین، فیکلٹی ممبران، پیرامیڈیکل اسٹاف، ایل ایچ ویز اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی

کراچی (بیورو چیف جرنلسٹ محمد فاروق برڑو قادری) شھید محترمہ بینظیر بھٹو میڈیکل یونیورسٹی (SMBBMU) لاڑکانہ کے ترجمان نے بتایا کہ "لوئر سیگمینٹ سیزیرین سیکشن (LSCS) پہلا سیزیرین کیسے بچائیں" کے عنوان سے ایک اہم علمی سیمینار چانڈکا میڈیکل کالج (CMC) لاڑکانہ میں، معزز وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر نصرت شاہ کی قیادت میں منعقد کیا گیا۔ سیمینار میں گائنا کالوجی اور اوبسٹرکس کے ماہرین، فیکلٹی ممبران، پیرامیڈیکل اسٹاف، ایل ایچ ویز اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر سویڈن سے آئے ہوئے معروف ماہر ڈاکٹر مارٹن ویزبلوم اور نامور گائنا کالوجسٹ پروفیسر شیر شاہ سید نے اپنے تحقیقی لیکچرز دیے۔ مقررین نے اپنے لیکچرز میں بتایا کہ پاکستان میں ویم کی پیچیدگیوں کی وجہ سے روزانہ تقریباً 27 خواتین اپنی جان کھو دیتی ہیں یا یوں کہا جائے کہ ہر 1000 حاملہ خواتین میں 15 خواتین انتقال کر جاتی ہیں۔ ماہرین نے زور دیا کہ خاص طور پر دیہی علاقوں میں غیر تربیت یافتہ دائیوں کی موجودگی اس مسئلے کا بڑا سبب ہے۔ ماہرین نے یہ بھی کہا کہ حمل کے ابتدائی دنوں سے باقاعدہ چیک اپ، بلڈ پریشر، شوگر، ہیموگلوبن اور وزن کی نگرانی، اور ڈیلیوری کے دوران شواہد پر مبنی فیصلے نارمل اور محفوظ ولادت کے امکانات کو بڑھا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماتحت اسپتالوں میں لیبر روم مینجمنٹ کو مضبوط کرنا، اسٹاف کی جدید تربیت، اور خاندانوں کو آگاہ کرنا خواتین کی اموات کی شرح کو نمایاں طور پر کم کر سکتا ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر نصرت شاہ نے خطاب میں کہا کہ یونیورسٹی ہمیشہ ایسے علمی، تحقیقی اور طبی مباحثوں کی حوصلہ افزائی کرتی ہے تا کہ ماں اور بچے کی صحت کے لیے بہتر پالیسیاں اور حکمت عملی تیار کی جا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا" جب تک ہم مسائل پر بات نہیں کریں گے، ان کا حل نہیں نکل سکتا۔" اس موقع پر پرنسپل CMC لاڑکانہ پروفیسر ڈاکٹر شاہد حسین سومرو نے مہمانوں کا خیر مقدم کیا، جبکہ وائس پرنسپل ڈاکٹر فوزیہ چانڈیو نے ووٹ آف تھینکس پیش کیا۔ آخر میں مہمانوں کو ثقافتی تحائف پیش کیے گئے۔ تقریب میں ڈائریکٹر ORIC ڈاکٹر میر حسن کوسو، پرنسپل LHV اسکول ڈاکٹر سکینہ گاد، ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر یاسمین خالق، پروفیسر سلیم شیخ سمیت بڑی تعداد میں فیکلٹی ممبران نے بھی شرکت کی۔

جرنلسٹ محمد فاروق برڑو قادری کا روزنامہ جی ایم پاکستان کے نیوز ایڈیٹر سید حمزہ عباس کے نانا ابو کے انتقال پر افسوس اور دلی تعزیت کا اظہار

اللہ تعالیٰ اپنے پیارے محبوب کریم اور پنجتن پاک کے صدقے انہیں جنت الفردوس میں مقام اعلیٰ عطا فرمائے

کراچی (بیورو چیف جرنلسٹ محمد فاروق برڑو قادری) جرنلسٹ محمد فاروق برڑو قادری کا روزنامہ جی ایم پاکستان کے نیوز ایڈیٹر سید حمزہ عباس کے نانا ابو کے انتقال پر افسوس اور دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے مرحوم کے لئے دعائے مغفرت اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اپنے پیارے محبوب کریم اور پنجتن پاک کے صدقے انہیں جنت الفردوس میں مقام اعلیٰ عطا فرمائے۔ سید حمزہ عباس اور انکے اہل خانہ ولواحقین سے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر جمیل کی تلقین کی اور کہا کہ میں اور میرے ساتھی آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ سید حمزہ عباس اور اہل خانہ اور لواحقین کے نام پیغام میں کہا ہے کہ ہم انکے غم میں ہم برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ سب کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

انجمن تاجران سکھو موڑ کے انتخابات کا طبل بج گیا

ابتدائی طور پر صدارت کے لیے دو امیدواران میں سخت مقابلے کا امکان

سکھو (محمد فرقان قریشی) انجمن تاجران سکھو موڑ کے انتخابات کا باضابطہ اعلان کر دیا گیا جس کے مطابق 29 نومبر بروز ہفتہ کو پولنگ ہوگی، صدارت کے لیے تاحال دو امیدوار سامنے آئے ہیں جن میں ایک جانب اونر پوٹھوار کیش اینڈ کیری محمد رمضان چوہان جبکہ دوسری طرف تاجر اتحاد کی طرف سے ڈاکٹر ابرار محمود مرزا سامنے آئے ہیں، ذرائع کے مطابق دونوں امیدوار باوقار اور قابل اعتماد ہونے کے ساتھ ساتھ تاجر برادری کے بہتر مفاد کو ترجیح دینے کا عزم رکھتے ہیں، انتخابات کا اعلان ہوتے ہی سکھو موڑ کے کاروباری حلقوں میں گہما گہمی اور جوش و خروش دیکھنے کو مل رہا ہے، ہر دو امیدوار اپنے اپنے پینل کے ساتھ توڑ جوڑ اور حلقہ سے مشاورت میں مصروف ہیں، اس موقع پر انجمن تاجران سکھو کے صدر راجہ گلفام کیانی نے غیر جانبدارانہ کردار ادا کرتے ہوئے پرامن اور شفاف انتخابات کے انعقاد کے لیے ہر ممکن یقین دہانی کروائی ہے

امریکہ سمیت پوری دنیا پاکستان کی جنگ جیتنے کا اعتراف کر رہی ہے

فیلڈ مارشل عاصم منیر نے جنگ جیت کر قوم کو تحفظ دیا تھا

راولپنڈی() پیپلز پارٹی کے مرکزی راہنما انچارج سنٹرل سیکریٹریٹ سبطی شاہ، ایم پی اے نرگس فیض ملک مرکزی راہنما راشد چوہان نے بھارت سے جنگ جیتنے بارے امریکی کانگریس رپورٹ کا خیر مقدم کرتے کہا ہے کہ امریکہ سمیت پوری دنیا پاکستان کی جنگ جیتنے کا اعتراف کر رہی ہے فیلڈ مارشل عاصم منیر نے جنگ جیت کر قوم کو تحفظ دیا تھا مشترکہ بیان میں پیپلز پارٹی راہنماؤں کا کہنا تھا کہ بھارت اب صرف گیدڑ بھبکیاں دے سکتا ہے خفت مٹا رہا ہے بھارت کو اب پاکستان پر حملہ کرنے کی جرات نہیں ہوگی پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہو چکا ہے پاکستان بھرپور طاقت باوجود بھارت سے جنگ نہیں چاہتا امن سے رہنا چاہتے ہیں بھارت مزاکرات سے تمام مسائل حل کرے تجارت کا بھی خیر مقدم کریں گے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر صدر مملکت آصف زرداری وزیر اعظم شہباز شریف کی ٹرائیکا نے پاکستان کو مضبوط بنا دیا ہے یہ ٹرائیکا قائم رہے گی۔

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت مستحق خواتین کو مفت سمز جاری کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا گیا

ضلع اٹک میں مجموعی طور پر 70 ہزار سے زائد خواتین کو یہ سمز فراہم کی جائیں گی

حسن ابدال (رفیق قادری سے) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت مستحق خواتین کو مفت سمز جاری کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے۔ جو کہ تحصیل سطح پر جاری کی جا رہی ہیں تحصیل اٹک میں ضلع کونسل اسٹیڈیم اٹک میں سمز جاری کی جا رہی ہیں، ضلع اٹک میں مجموعی طور پر 70 ہزار سے زائد خواتین کو یہ سمز فراہم کی جائیں گی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر اٹک محمد ہاشم چھینہ نے صحافیوں سے خصوصی گفتگو میں بتایا کہ سمز کے اجراء کا مقصد خواتین کو لمبی لائنوں میں کھڑے ہونے کی زحمت سے نجات دلانا ہے۔ ان کے مطابق متعلقہ سمز کمپنی کا عملہ موقع پر موجود ہوتا ہے، جو خواتین کو فوری طور پر سمز جاری کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں ایکٹیویٹ بھی کر رہا ہے، تحصیل اٹک: 7 ہزار تحصیل جنڈ: 7 ہزار 5 سو، تحصیل پنڈی گھیب 7 ہزار تحصیل فتح جنگ 11 ہزار تحصیل حسن ابدال 13 ہزار اور تحصیل حضرو میں 24 ہزار سمز جاری کی جائیں گی، محمد ہاشم چھینہ کے مطابق سمز کی فراہمی کا یہ سلسلہ 31 دسمبر تک جاری رہے گا، تاہم ضرورت محسوس ہونے پر مقررہ مدت میں توسیع بھی کی جا سکتی ہے، تا کہ مستحق خواتین کو رقوم کی ادائیگی موبائل اکاؤنٹس کے ذریعے با آسانی ممکن ہو سکے۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ڈی جی او ایم ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد فواد کیانی نے بھی اٹک کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک بھر میں ایک کروڑ خواتین کو سمز جاری کی جائیں گی، جو ڈیجیٹل اکانومی کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ ان کے مطابق اس اقدام سے نہ صرف خواتین کو با اختیار بنانے میں مدد ملے گی بلکہ ان کا استحصال بھی ختم ہوگا۔

بھارتی میڈیا کی پاکستان مخالف مہم، فالس فلیگ آپریشن کا ایک اور مکروہ کھیل بے نقاب

دہلی دھماکے کے بعد بھارتی چینلز نے ناظرین کو گمراہ کرنے کیلئے بیسیوں جعلی کہانیاں نشر کیں، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی میڈیا کی پاکستان مخالف مہم، فالس فلیگ آپریشن کا ایک اور مکروہ کھیل بے نقاب ہوگیا، بھارتی میڈیا نے جھوٹ کی نئی لہر چلا دی۔ اتر پردیش اور حیدر آباد کے مقامی دہشتگردوں کو پاکستان سے جوڑنے کی ناکام کوشش کی جا رہی ہے، بھارتی میڈیا نے پاکستان مخالف جھوٹ اور پروپیگنڈے کی نئی لہر چلا دی، جھوٹی اور فیک خبریں چلانے والے بھارتی میڈیا کی اخلاقی پستی بھی عیاں ہوگئی۔ ابتدائی تحقیقات میں واضح ہوا کہ گرفتار دہشت گرد بھارت کے اینٹیشہری ہیں، بھارتی میڈیا نے صبح سے جھوٹ گھڑنے کے ریکارڈ توڑ دیے۔ بھارتی میڈیا پر کبھی کیمیکل اٹیک کی کہانی، کبھی پاکستانی اسلحے کا ڈھونگ رچایا گیا، لال قلعہ دھماکے کے بعد بھارتی پولیس کا پہلا موقف سلنڈر دھماکے کا تھا۔ دھماکے کے بعد بھارتی میڈیا نے فوراً پاکستان مخالف فالس فلیگ مہم چلا دی، بھارت کی طرف سے چند گھنٹے میں بیانیہ بدل کر پاکستان پر الزامات کی بوچھاڑ شروع کر دی، بھارتی میڈیا کا کردار ہمیشہ کی طرح مشکوک اور غیر ذمہ دار ہے۔ بھارتی چینلز نے ناظرین کو گمراہ کرنے کیلئے بیسیوں جعلی کہانیاں نشر کیں، بھارتی حکومت اور میڈیا اپنے داخلی بحران سے توجہ ہٹانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پاکستان نے ہمیشہ دہشت گردی کی مذمت کی ہے۔

پاکستان اور افغانستان کے درمیان بڑھتی کشیدگی، روس نے ثالثی کی پیشکش کردی

باران رحمت کیلئے سعودی عرب میں نماز استسقا کا اعلان

عوام توبہ و استغفار کریں، صدقہ، نماز، ذکر الٰہی میں کثرت کریں، شاہی دیوان

ریاض (این این آئی) خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی خصوصی ہدایت پر مکہ اور مدینہ سمیت سعودی عرب کے مختلف شہروں میں بارش کیلئے نماز استسقا ادا کی جائے گی۔ شاہی دیوان کی جانب سے نماز استسقا کا اعلان کیا گیا ہے جس کے مطابق خادم حرمین شریفین کی ہدایت پر جمعرات 22 جمادی الاول کو ملک بھر میں نماز استسقا ادا کی جائے گی۔ سعودی شاہی دیوان کا کہنا تھا کہ عوام توبہ و استغفار کریں، صدقہ، نماز، ذکر الٰہی میں کثرت کریں، لوگوں کیلئے آسانیاں پیدا کریں۔ سعودی رائل کورٹ کے بیان کے مطابق بارش جیسی رحمت کے حصول کے لیے نماز استسقا سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ نماز استسقا کے اصل معنی پانی طلب کرنے کے ہیں، اس لئے پانی کے واسطے کی جانے والی دعا اور نماز دونوں کو استسقا کہتے ہیں، رسول اللہ ﷺ سے جمعہ کے دن خطبہ میں بارش کی دعا پر اکتفا کرنا بھی ثابت ہے اور دو رکعت نماز استسقا پڑھنا بھی، اسی لئے امام ابو حنیفہ کے نزدیک دونوں باتوں کی گنجائش ہے، یہ بھی کہ دعا پر اکتفا کیا جائے اور یہ بھی کہ باضابطہ نماز ادا کی جائے۔

☆☆☆☆☆

ٹرمپ کی برطانوی نشریاتی ادارے کو ایک ارب ڈالر ہرجانے کی دھمکی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دستاویزی فلم میں ان کی تقریر کی متنازع ایڈیٹنگ کے معاملے پر بی بی سی کو ایک ارب ڈالر ہرجانے کی دھمکی دیدی۔ ذرائع کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دستاویزی فلم میں ان کی تقریر کی متنازع ایڈیٹنگ کے معاملے پر بی بی سی کو ایک ارب ڈالر ہرجانے کی دھمکی دیدی امریکی صدر ٹرمپ کی قانونی ٹیم نے فرانسیسی خبر ایجنسی کو بتایا کہ صدر ٹرمپ نے ایک ارب ڈالر ہرجانے کی قانونی کارروائی کرنے کا کہا اور بی بی سی کو دستاویزی فلم ہٹانے اور معافی کے لیے جمعے تک کا وقت دیا تھا۔ امریکی صدر کے وکیل نے بی بی سی سے کہا کہ وہ جھوٹے، ہتک آمیز، تحقیر آمیز اور اشتعال انگیز بیانات واپس لے اور معافی مانگے یا ایک ارب ڈالر ہرجانے کے لیے قانونی کارروائی کا سامنا کرے۔ بی بی سی کے چیئرمین نے ٹرمپ کی تقریر کی ایڈیٹنگ پر معذرت کی ہے، اس معاملے پر گزشتہ روز بی بی سی کے ڈائریکٹر جنرل اور سی ای او مستعفی بھی ہو چکے ہیں۔

بھارت میں منشیات فروش کے گھر سے 2 کروڑ برآمد

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ریاست اتر پردیش کے ضلع پرتاب گڑھ میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے راجیش مشرا نامی اسمگلر کو گرفتار کر کے اس کے گھر سے 2 کروڑ روپے نقدی اور بڑی مقدار میں منشیات برآمد کرلی۔ راجیش مشرا نے اپنے گھر کو نقدی سے بھرا ایک غیر قانونی بینک بنا رکھا تھا، پولیس جب چھاپہ مارا اور نوٹ برآمد کیے تو انہیں گننے میں اہلکاروں کے پسینے چھوٹ گئے۔ پولیس نے راجیش مشرا کے ساتھ اس کی بیوی رینا مشرا، بیٹی کومل مشرا، بیٹا ونیا ایک مشرا، اور بھتیجے لیش اور اجیت مشرا کو بھی گرفتار کیا ہے۔

☆☆☆☆

جنوبی لبنان میں تازہ اسرائیلی حملہ، ایک شخص ہلاک

بیروت (این این آئی) جنوبی لبنان پر اسرائیلی فضائی حملے میں ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ یہ بات لبنان کی وزارت صحت نے بتائی ہے۔ صیدا کے علاقے بیسار یہ میں گاڑی پر فضائی حملہ کیا گیا، ذرائع کے مطابق جنوبی لبنان پر اسرائیلی فضائی حملے میں ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ یہ بات لبنان کی وزارت صحت نے بتائی ہے۔ صیدا کے علاقے بیسار یہ میں گاڑی پر فضائی حملہ کیا گیا وزارت صحت، وزارت صحت نے اپنے بیان میں کہا کہ صیدا کے علاقے بیسار یہ میں ایک گاڑی پر فضائی حملے کے نتیجے میں ایک شہری مارا گیا۔ امدادی کارکنوں کو جلی ہوئی گاڑی سے لاش کے اعضا جمع کرتے ہوئے دیکھا گیا، جبکہ گاڑی کے ٹکڑے مرکزی سڑک پر بکھرے ہوئے تھے اور وہاں ٹریفک جام ہو گیا تھا۔

☆☆☆☆☆

این اے 18 ہری پور پر 23 نومبر کو ہونیوالے ضمنی انتخابات کے لئے فول پروف انتظامات کے حوالہ سے اعلیٰ سطح اجلاس

محمد زبیر، کمشنر ہزارہ ڈویژن فیاض علی سمیت ریجنل پولیس افسر و ریجنل الیکشن کمشنر ہزارہ ڈویژن، ذوالفقار احمد اور دیگر افسران کی شرکت

پشاور (اشتیاق نور سے) این اے 18 ہری پور پر 23 نومبر کو ہونیوالے ضمنی انتخابات کے لئے فول پروف انتظامات کے حوالہ سے اعلیٰ سطح اجلاس، پشاور۔۔ اجلاس میں صوبائی الیکشن کمشنر، خیبر پختونخوا سعید گل چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ اور آئی جی پولیس ذوالفقار حمید، سیکرٹری ہوم محمد زبیر، کمشنر ہزارہ ڈویژن فیاض علی سمیت ریجنل پولیس افسر و ریجنل الیکشن کمشنر ہزارہ ڈویژن، ذوالفقار احمد اور دیگر افسران کی شرکت۔ پشاور۔۔ جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر، محمد فرید آفریدی، ڈائریکٹر الیکشنز محمد ندیم خان، ڈپٹی ڈائریکٹر فہد علی شاہ کی بھی اجلاس میں شرکت۔ پشاور۔۔ اجلاس کو این اے 18 ہری پور کی خالی نشست پر 23 نومبر کو ہونیوالے ضمنی انتخابات پر تفصیلی بریفنگ۔ پشاور۔۔ صوبائی الیکشن کمشنر نے اس موقع پر وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی جانب سے حویلیاں میں ہونے والے جلسہ میں غیر مناسب تقریر پر الیکشن کمیشن کی جانب سے تحفظات سے آگاہ کیا۔ پشاور۔۔ یہ ضمنی انتخاب اہمیت کی حامل ہے۔ صوبائی الیکشن کمشنر پشاور۔۔ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیوں کا فوری نوٹس لیا جا رہا ہے، صوبائی الیکشن کمشنر پشاور۔۔ انتخابی مہم کل یعنی 21 اور 22 نومبر 2025 کی آدھی رات ختم ہوگی۔ صوبائی الیکشن کمشنر پشاور۔۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے ضمنی انتخابات کے لئے تمام تیاریاں مکمل ہیں۔ صوبائی الیکشن کمشنر پشاور۔۔ مجموعی طور پر 7 لاکھ 54 ہزار سے ووٹرز افراد اپنا حق رائے دہی استعمال کریں گے۔ صوبائی الیکشن کمشنر پشاور۔۔ جن میں مرد ووٹرز کی تعداد 3 لاکھ 92 ہزار 4 سو 15 اور خواتین ووٹرز کی تعداد 3 لاکھ 61 ہزار 7 سو 5 ہے۔ صوبائی الیکشن کمشنر پشاور۔۔ مجموعی طور پر 604 پولنگ اسٹیشن اور 1906 پولنگ بوتھ بنائے گئے ہیں۔ صوبائی الیکشن کمشنر پشاور۔۔ 402 پولنگ اسٹیشن حساس اور 42 پولنگ اسٹیشن انتہائی حساس قرار دئے گئے ہیں۔ صوبائی الیکشن کمشنر پشاور۔۔ صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخوا کے دفتر سمیت ڈی آر او اور آر او کے دفاتر میں انتخابات کی مانیٹرنگ، کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے۔ صوبائی الیکشن کمشنر پشاور۔۔ انتخابی مٹیریل کی تقسیم ونتائج مرتب ہونے والے مرکز کے لئے بھی سیکورٹی کی غیر معمولی انتظامات کئے جائیں۔ صوبائی الیکشن کمشنر پشاور۔ وزیر اعلیٰ کو ان کی جانب سے کی جانیوالی تقریر کے بارے الیکشن کمیشن کے نوٹس کے بارے میں آگاہ کیا جائیگا۔ چیف سیکرٹری کا اجلاس سے خطاب پشاور۔۔ سیکورٹی کے لئے خاطر خواہ انتظامات کئے جائینگے۔ اور الیکشن کمیشن کے احکامات وہدایات پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائیگا۔ چیف سیکرٹری پشاور۔۔ ہوم سیکرٹری اور ریجنل پولیس آفیسر ہزارہ ڈویژن کی جانب سے سیکورٹی انتظامات پر تفصیلی بریفنگ۔ پشاور۔۔ سیکورٹی کے لئے سی سی ٹی وی کیمرے نصب کئے گئے ہیں۔ پشاور۔۔ حساس اور انتہائی حساس پولنگ اسٹیشنوں پر معمول سے زیادہ سیکورٹی اہلکار تعینات کئے جائینگے، پشاور۔۔ اس حوالہ سے تمام سیکورٹی ادارے باہمی رابطہ میں رہیں گے۔ اس سلسلے پولیس ڈیپارٹمنٹ میں کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے جس میں 24 گھنٹے عملہ موجود ہے۔ پشاور۔۔ صوبائی حکومت اور سیکورٹی اداروں کی جانب سے تعاون پر ان کے شکر گزار ہیں۔ صوبائی الیکشن کمشنر پشاور۔۔ امید ہے کہ ضمنی انتخابات پرامن ماحول میں منعقد ہوں گے،

صوبائی دارالحکومت پشاور میں ضلعی انتظامیہ کا گرانفروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن

سات روز کے دوران 9 2 4 3 کاروباری مراکز کا معائنہ

پشاور (اشتیاق نور سے)۔ صوبائی دارالحکومت پشاور میں ضلعی انتظامیہ کا گرانفروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن۔ سات روز کے دوران 3429 کاروباری مراکز کا معائنہ۔ 136 دکاندار گرفتار۔ ڈپٹی کمشنر پشاور کیپٹن (ر) ثناء اللہ خان صوبائی حکومت کے احکامات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ پشاور نے سات روز کے دوران مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے 3429 کاروباری مراکز کا معائنہ کرتے ہوئے گرانفروشی اور سرکاری نرخ نامے کی عدم موجودگی پر بیشتر دکانداروں کو گرفتار کر لیا۔ اس حوالے سے ضلعی انتظامیہ پشاور نے یونیورسٹی روڈ،، چارسدہ روڈ، جی ٹی روڈ، دلہ زاک روڈ، سرکلر روڈ، اندرون شہر بازاروں، حیات آباد، رنگ روڈ، کوہاٹ روڈ، پھگی روڈ اور دیگر علاقوں میں 3429 کاروباری مراکز کا معائنہ کیا۔ کارروائیوں کے دوران گرانفروشی اور سرکاری نرخ نامے کی عدم موجودگی پر 136 دکانداروں کو گرفتار کیا گیا۔ ان گرفتار دکانداروں میں قصاب، سبزی و پھل فروش، دودھ فروش اور دیگر شامل ہیں۔ ان گرفتار دکانداروں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر پشاور کیپٹن (ر) ثناء اللہ خان کے مطابق صوبائی دارالحکومت میں انتظامی افسران روزانہ کی بنیاد پر سبزی و پھل منڈیوں میں سرکاری نرخ نامہ جاری کرتے ہیں اور بعد میں پشاور بھر میں سرکاری نرخ ناموں پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جاتا ہے۔ اس حوالے سے انتظامی افسران کو پشاور بھر میں بازاروں کا مسلسل معائنہ کرنے کا حکم دیا ہے اور گرانفروشی پر قانونی کارروائی کی ہدایت کی ہے۔

ایس پی رورل ڈویژن حامد احسان وڑائچ کی سربراہی میں رورل ڈویژن پولیس افسران کے ساتھ کرائم میٹنگ

میٹنگ میں ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور چوکی انچارجان نے شرکت کی

پشاور (اشتیاق) موجودہ حالات کے پیش نظر امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے، جرائم کی روک تھام اور سکیورٹی اقدامات کا جائزہ لینے کیلئے ایس پی رورل ڈویژن حامد احسان وڑائچ کی سربراہی میں رورل ڈویژن کے پولیس افسران کے ساتھ میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، میٹنگ میں ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور چوکی انچارجان نے شرکت کی، جس کے دوران ایس پی حامد احسان وڑائچ نے آن ٹریس مقدمات کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے سمیت سٹریٹ کرائمز کی روک تھام، منشیات، غیر قانونی اسلحہ، اشتہاری مجرمان، قمار باز، قبضہ مافیا اور دیگر جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں مزید تیز کرنے کی ہدایت کی، ایس پی رورل ڈویژن حامد احسان وڑائچ نے کہا کہ رورل ڈویژن میں امن و امان کو برقرار رکھنے کیلئے ٹارگٹڈ سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشنز کرنے، ابابیل، سٹی پٹرولنگ اور لوکل پولیس گشت میں اضافے، سپیشل ناکہ بندیوں پر چیکنگ مزید موثر بنائیں تا کہ سماج دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد میں ناکام رہے، انہوں نے مزید کہا کہ سنگین مقدمات میں مطلوب اشتہاری مجرمان، ہوائی فائرنگ، غیر قانونی اسلحہ نمائش، پرائیویٹ گنرز اور خصوصاً آئس کی روک تھام کیلئے موثر حکمت عملی کے تحت جاری مہم مزید تیز کیا جائے، پولیس کا کام امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنا ہے، جس کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروکار لایا جائے،۔۔

سٹی کونسل ہال میں بلدیاتی نمائندوں کے علاقوں کے مسائل کے حل کیلئے میئر پشاور حاجی زبیر علی نے کھلی کچہری کا انعقاد کیا

سی سی پی او ڈاکٹر میاں سعید کی پشاور کیلئے خدمات کو سراہتے ہیں جنہوں نے پشاور میں آئس کے خاتمے بندوق کلچر اور دیگر جرائم کے خاتمے کیلئے کوشاں ہیں

پشاور (اشتیاق) سٹی کونسل ہال میں بلدیاتی نمائندوں کے علاقوں کے مسائل کے حل کیلئے میئر پشاور حاجی زبیر علی نے کھلی کچہری کا انعقاد کیا تھا جس میں سی سی پی او پشاور ڈاکٹر میاں سعید ※ چیف ٹریفک آفیسر زاہد اللہ ایس پی ایز ڈی ایس پیز اور پشاور کے بلدیاتی نمائندوں نے کثیر تعداد میں شرکت کیں اس موقع پر بلدیاتی نمائندوں جس میں تحصیل چیئرمین کلیم اللہ ارباب وصال محمود الحسن شہزاد خلیل ※ ولی محمد اخونزادہ زاہد اللہ پرویز وقار او ر دیگر بلدیاتی نمائندوں نے اپنے اپنے علاقوں کے مسائل سے سی سی پی او کو آگاہ کیا اور پشاور کے لیے ڈاکٹر میاں سعید کی خدمات کو سراہتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا۔۔۔۔ سی سی پی او ڈاکٹر میاں سعید نے کونسل ہال میں کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے میئر پشاور حاجی زبیر علی نے کہا کہ بلدیاتی نمائندے پشاور کی تعمیر وترقی میں آپکے ساتھ رضا کارانہ فورس ہے جو دن رات عوام کی خدمت کیلئے کوشاں ہیں بلدیاتی نمائندوں کے ذریعے علاقوں سے جرائم کا خاتمہ ہوسکتا ہے کیونکہ اپنے علاقے سے بخوبی واقف ہوتے ہیں انہوں نے کہا کہ سی سی پی او ڈاکٹر میاں سعید کی پشاور کیلئے خدمات کو سراہتے ہیں جنہوں نے پشاور میں آئس کے خاتمے بندوق کلچر اور دیگر جرائم کے خاتمے کیلئے کوشاں ہیں انہوں نے کہا کہ ادارے مشترکہ جدوجہد کے بغیر نہیں چلتے چاہے لوکل ڈیپارٹمنٹ ہو یا پولیس ڈیپارٹمنٹ ہو تو مشترکہ لیزان کے تحت یہ ادارے چلتے ہیں ہمارے کچھ رسم و رواج اور پختون روایات ہیں یہاں پر بزنس کمیونٹی اقلیت مختلف مکتب فکر کے لوگ آباد ہیں اور تقریباً ایک کروڑ کی آبادی ہیں اور ہمارا زیادہ تر حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہیں انہوں نے کہا کہ پشاور جہاں پر سٹریٹ کرائم کی شرح زیادہ ہے تو پولیس پیٹرولنگ کو بڑھنا چاہیئے ڈی آر سیز کو از سر نو فعال ہونا چاہیے یہ کھلی کچہری رائیگاں نہیں جائیگی بلکہ عوامی مسائل حل ہونگے جو کوشش سابق سی سی پی او ہارون الرشید کے وقت سے شروع کی تھی امید ہے وہ رائیگاں نہیں جائیگی کوشش کرینگے کہ علاقوں کے زیادہ تر مسائل جرگوں کے ذریعے حل کئے جائے انہوں نے امید ظاہر کیں سی سی پی او پشاور عوامی مسائل حل کرنیکی پوری کوشش کرینگے اور بلدیاتی نمائندوں کے مسائل حل کرنے میں اپنا کردار ادا کرینگے

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ترقیاتی ویژن نے عوام میں نئی اُمید جگادی

مسلم لیگ (ن) امیدوار کی بھرپور عوامی حمایت

اسلام آباد (سردار آفتاب اقبال) پاکستان مسلم لیگ (ن) وومن ونگ میاں والی کی صدر سلمی حبیب نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ترقیاتی ویژن، عوامی فلاحی منصوبوں اور انتظامی اصلاحات نے صوبے میں ترقی کا نیا باب رقم کیا ہے، جس کے اثرات میانوالی سمیت پنجاب کے دور دراز علاقوں تک پہنچ رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلمی حبیب کا کہنا تھا کہ مریم نواز شریف نے پنجاب میں سڑکوں کی بحالی، صحت اور تعلیم کے شعبوں میں بہتری، سوشل پروٹیکشن پروگرامز کے فروغ، خواتین کے لیے خصوصی منصوبوں اور عوامی مسائل کے فوری حل کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے انہی اقدامات کو دیکھتے ہوئے میاں والی کے عوام بھی انتخابات میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدوار کو بھرپور کامیابی دلائیں گے۔ ان کے مطابق، عوام سمجھتے ہیں کہ صوبے کی مجموعی ترقی اور فلاحی منصوبوں کے تسلسل کے لیے میانوالی کو بھی اسی ترقیاتی سفر کا حصہ بننا چاہیے۔ سلمی حبیب نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی پنجاب میں حکومت ہمیشہ سے ترقی، خدمت اور شفافیت کی علامت رہی ہے، اور مریم نواز شریف کے موجودہ اقدامات اس روایت کو مزید مضبوط کر رہے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آنے والے انتخابات میں میانوالی کے عوام مسلم لیگ (ن) کے امیدوار کی حمایت کر کے اس ترقیاتی سلسلے کو مزید آگے بڑھائیں گے۔

انٹر ڈسٹرکٹ فی میلز اسپورٹس مقابلہ جات 2025 نہایت جوش وجذبے کے ساتھ جاری ہیں

حافظ محفوظ عبدالقدوس محمد جمیل یہ کمیٹی مقابلوں کے شیڈول، سہولیات اور انتظامی امور کی مؤثر نگرانی کر رہی ہے

(رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) راولپنڈی تعلیمی بورڈ کے زیر اہتمام انٹر ڈسٹرکٹ فی میلز اسپورٹس مقابلوں 2025 کا شاندار آغاز راولپنڈی انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ راولپنڈی کے زیر اہتمام انٹر ڈسٹرکٹ فی میلز اسپورٹس مقابلہ جات 2025 نہایت جوش وجذبے کے ساتھ جاری ہیں، جن میں مختلف اضلاع کی نمایاں ٹیمیں بھرپور حصہ لے رہی ہیں۔ یہ مقابلے طلبہ کی جسمانی فٹنس، ٹیم ورک اور صحت مند سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انتظامی سربراہان اور نگران افسران طارق محمود چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن)، راولپنڈی محمد فہیم طلوکر ڈائریکٹر اسپورٹس BISE راولپنڈی، حافظ اسلم ڈائریکٹر اسپورٹس، پنجاب کالجز، راجہ طاہر محمود ڈویژنل فوکل پرسن اسپورٹس راولپنڈی ڈویژن محمد فہمید عباسی ڈسٹرکٹ فوکل پرسن اسپورٹس، ضلع راولپنڈی صاعقہ رانی ڈسٹرکٹ فوکل پرسن اسپورٹس (فیمیل) مہمانانِ خصوصی پروفیسر تنویر اختر کوآرڈینیٹر/ کنٹرولر B.A/C، راولپنڈی ڈاکٹر عبدالوحید ڈائریکٹر سکینڈری، راولپنڈی تابندہ انجم DEO سکینڈری راولپنڈی شازیہ طاہر پرنسپل، گورنمنٹ گرلز ہائی سکول باغ سرداران، راولپنڈی یا سپورٹس آفیشلز محمد کامران محمد اقبال اسد جاوید محمد آصف حماد الرحمنا سپورٹس آرگنائزنگ کمیٹی حافظ محفوظ عبدالقدوس محمد جمیل یہ کمیٹی مقابلوں کے شیڈول، سہولیات اور انتظامی امور کی مؤثر نگرانی کر رہی ہے ایونٹ کی میزبانی گورنمنٹ گرلز ہائی سکول باغ سرداران، راولپنڈی پنجاب کالج، راولپنڈی اگر آپ چاہیں تو میں اسے PDF یا سرکاری نوٹیفکیشن کی شکل میں بھی تیار کردوں۔

پاکستانی معاشرہ اور بدلتی ہوئی سماجی ترجیحات

وردا کامران عادل

پاکستانی معاشرہ ہمیشہ سے تضادات کا مجموعہ رہا ہے۔ ایک طرف یہ ملک اپنی مضبوط خاندانی اقدار، روایات اور مذہبی وابستگی کے باعث پہچانا جاتا ہے، دوسری طرف خواتین کی زندگی کے کئی پہلو ایسے ہیں جہاں انصاف، مواقع اور آزادی اب بھی مکمل طور پر میسر نہیں۔ ملک کی نصف سے زیادہ آبادی خواتین پر مشتمل ہے، لیکن ان کی عملی حیثیت اکثر مختلف رکاوٹوں اور معاشرتی رویوں کے بوجھ تلے دبی رہی ہے۔ ان میں سب سے نمایاں چیلنج پدرانہ سوچ اور وہ ساختی رکاوٹیں ہیں جو خواتین کے قانونی حقوق کو کمزور کرتی ہیں۔ اسی لیے سپریم کورٹ لائے تھے یا شادی کے بعد بیوی نے کچھ وقت اپنے والدین کے گھر گزارا تھا۔ اسی بنیاد پر نفقہ کی ذمہ داری سے بچنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ یہاں سب سے اہم بات سپریم کورٹ کا وہ اصولی موقف ہے جس نے یہ بحث ہمیشہ کے لیے واضح کر دی ہے کہ رخصتی نامی رسم کوئی قانونی بنیاد نہیں رکھتی۔ رخصتی ہماری ثقافت کا حصہ ضرور ہے لیکن یہ کوئی ایسا اسلامی روایت میں رخصتی کا کوئی لازمی تصور نہیں تھا۔ عرب معاشرے میں دلہن کو رخصت کرنے کی کوئی ایسی رسم موجود نہ تھی جیسی آج ہمارے ہاں ہے۔ اس سے یہ بات کھل کر سامنے آتی ہے کہ رخصتی ایک علاقائی اور ثقافتی رسم ہے جسے وقت کے ساتھ مذہبی یا قانونی درجہ دینے کی کوشش کی گئی۔ عدالت نے یہ سمجھا کہ اس رسم کو نفقہ کے فیصلوں میں بنیاد بنانا ذمہ داری ازدواجی معاہدے یعنی نکاح سے شروع ہوتی ہے۔ عدالت نے نہایت سادہ لفظوں میں بتایا کہ عورت کی مالی ضروریات کا خیال رکھنا شوہر کا بنیادی فرض ہے۔ یہ فرض کسی رسم، وقت یا ثقافتی رویے سے مشروط نہیں کیا جا سکتا۔ یہ فیصلہ اس لیے بھی اہم ہے کہ اس نے ایک اور حساس مسئلے کی طرف توجہ دلائی۔ عدالت نے کہا کہ خواتین سے کہ یہ سوالات عورت کی نجی زندگی میں مداخلت ہیں۔ آئین ہر شہری کے وقار اور رازداری کا تحفظ کرتا ہے۔ اسی لیے عدالت نے ایک اصول طے کیا کہ خواتین سے ایسے سوالات پوچھنے کا کوئی جائز مقصد نہیں ہوتا۔ اگر نکاح ہو گیا ہے تو بیوی کو نان نفقہ کا حق حاصل ہے اور یہ حق کسی ذاتی تفصیل کا محتاج نہیں۔ یہاں یہ بات بھی قابل توجہ ہے

قانونی غلط فہمیاں پیدا کیں بلکہ کئی خواتین کو ان کے بنیادی حقوق سے محروم کیا۔ عدالت نے ایسے تمام نظریات کو پدرانہ سوچ کا حصہ قرار دیا۔ یہ وہ سوچ ہے جس میں ذمہ داری کم اور اختیار زیادہ چاہا جاتا ہے۔ شوہر نفقہ دینے سے بچنے کے لیے رخصتی کو بہانہ بناتے ہیں اور کچھ خاندان اس وجہ سے شادیاں ہونے کے باوجود بیٹیوں کے حقوق کو تاخیر کا شکار رکھتے ہیں۔ جسٹس منصور علی شاہ نے فیصلہ بڑی

ایسے اصول لاگو ہو جائیں جن سے عورت کے حقوق مضبوط ہوں تو معاشرتی ڈھانچہ بھی بہتر ہوتا ہے۔ یہ فیصلہ صرف قانونی تشریح نہیں بلکہ معاشرے کو آئینی اقدار کا پیغام بھی دیتا ہے۔ یہ پیغام بتاتا ہے کہ عزت، وقار اور برابری کا حق ہر عورت کا بنیادی حق ہے۔ پاکستان میں خواتین اکثر دوہری جدوجہد کا سامنا کرتی ہیں۔ ایک جدوجہد قانونی مسائل کی صورت میں ہوتی ہے اور دوسری معاشرتی رویوں کی شکل میں۔ جب بھی کوئی عدالت ایسا فیصلہ دیتی ہے جو صنفی

ہوتے ہیں۔ ایسے فیصلے معاشرے کے رویوں کو بدلنے میں مدد دیتے ہیں۔ لوگ سوچنے پر مجبور ہوتے ہیں کہ وہ کئی برسوں سے جن چیزوں کو رسم یا روایت سمجھ کر قبول کرتے آئے ہیں، وہ واقعی درست بھی ہیں یا نہیں۔ جب قانون معاشرتی سوچ کو چیلنج کرتا ہے تو تبدیلی کی بنیاد پڑتی ہے۔ جولس رینارڈ کے الفاظ یہاں خوشی سے گونجتے ہیں کہ زمین پر کوئی آسمان نہیں لیکن اس کے ٹکڑے ہیں۔ یہی ٹکڑے ہمیں امید دیتے ہیں۔ سپریم کورٹ کا یہ فیصلہ بھی اسی امید کا ایک ٹکڑا ہے۔ شاید یہ مکمل تبدیلی نہ ہو لیکن اس راستے کی نشاندہی ضرور کرتا ہے جہاں انصاف، عزت اور برابری ایک عورت کا حق بن کر سامنے آتے ہیں۔ وقت کے ساتھ شاید ایسے مزید فیصلے منظر عام پر آئیں گے۔ ممکن ہے کہ آنے والی نسلیں ان رکاوٹوں کو نہ دیکھیں جو آج کی عورت دیکھ رہی ہے۔ مگر اس سفر کا آغاز ان فیصلوں سے ہوتا ہے جو معاشرتی سوچ کو چیلنج کرتے ہیں



کا حالیہ فیصلہ نہ صرف ایک قانونی موڑ ہے بلکہ ایک سماجی تبدیلی کی علامت بھی ہے۔ عنبرین اکرم کیس میں عدالت کے سامنے دو بنیادی سوالات رکھے گئے تھے۔ پہلا یہ کہ ایک مسلمان عورت شادی کے بعد کب نفقہ کی مستحق ہوتی ہے۔ دوسرا یہ کہ کون سی صورتیں ایسی ہیں جن میں شوہر نفقہ ادا کرنے کی اپنی ذمہ داری سے معذرت کر سکتا ہے۔ یہ دونوں سوالات بظاہر سادہ ہیں لیکن عملی زندگی میں ان سے ایسے مسائل جنم لیتے ہیں جن کا سامنا زیادہ تر خواتین کرتی ہیں۔ فیملی کورٹس میں آنے والے مقدمات کا بڑا حصہ نان نفقہ کے تنازعات پر مشتمل ہوتا ہے۔ اکثر شوہر اس بات پر زور دیتے ہیں کہ وہ بیوی کو رخصت نہیں تصور نہیں جسے اسلامی قانون یا ملکی قوانین میں شوہر کی مالی ذمہ داریوں کے ساتھ جوڑا جا سکے۔ عدالت نے یہ بات تسلیم کی کہ نان نفقہ کا حق عورت کو شادی کے پہلے دن سے حاصل ہوتا ہے اور شادی کے مکمل ہونے کے فوراً بعد شوہر پر لازم ہے کہ وہ بیوی کی کفالت کرے۔ اس کے لیے رخصتی کا انتظار کرنا قانونی طور پر بے معنی ہے۔ عدالت نے اس نتیجے تک پہنچنے کے لیے اسلامی تاریخ اور فقہی اصولوں سے رہنمائی حاصل کی۔ ایک اہم مثال نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازدواجی زندگی ہے جہاں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ نکاح کے بعد آپ ان کے گھر رہے۔ اس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ

غلط ہے۔ اس سے پہلے فیملی کورٹ اور ہائی کورٹ نے نان نفقہ کے تعین کے لیے شادی اور رخصتی کے درمیانی عرصے کو الگ رکھتے ہوئے عورت کے حق میں کمی کی۔ اس غلطی کو سپریم کورٹ نے درست کرتے ہوئے واضح کیا کہ شوہر کی غیر ضروری ذاتی سوالات پوچھنا بے عزتی کے مترادف ہے۔ اکثر مقدمات میں عدالتیں یہ جاننے کی کوشش کرتی ہیں کہ عورت نے شادی کے بعد کس وقت، کس طرح اور کن حالات میں شوہر کے گھر رہائش اختیار کی۔ عدالت نے بتایا کہ رخصتی کا تصور اکثر ایسی سوچ کو مضبوط کرتا ہے جس میں عورت کے حقوق کو کم کیا جاتا ہے۔ مروجہ روایات میں یہ تصور موجود ہے کہ عورت تب ہی شوہر کی ذمہ داری بنتی ہے جب اسے رخصت کر کے گھر لایا جائے۔ اس سوچ نے نہ صرف معتدل اور واضح زبان میں لکھا۔ ان کا طرز بیان نہ تو سخت تھا نہ ہی مبالغہ آمیز۔ انہوں نے قانون کا نچوڑ سامنے رکھتے ہوئے یہ بتایا کہ عدالت کا کام لوگوں کو ان کی عزت اور حقوق دینا ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ اگر معاشرے میں انصاف کو آگے بڑھائے تو یہ نہ صرف ایک عورت کے حق کی بحالی ہوتی ہے بلکہ کئی دوسری خواتین کے لیے امید کی کرن بھی بنتی ہے۔ لوگ یہ محسوس کرتے ہیں کہ ریاست اور اس کے ادارے ان کی مدد کے لیے موجود ہیں۔ اس سے عدلیہ پر عوام کا اعتماد بڑھتا ہے اور خواتین اپنے حقوق کے حصول میں زیادہ پُراعتماد ہو جاتی ہیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ اگر معاشرے میں عورتوں کے لیے ماحول محفوظ اور مساوی نہ بنایا جائے تو کسی معاشرے کی ترقی ممکن نہیں ہوتی۔ خواتین کے حقوق کے بغیر کوئی بھی قوم ترقی یافتہ نہیں کہلا سکتی۔ یہ فیصلے اس سمت میں ایک قدم ہیں۔ یہ قدم چھوٹے ضرور ہوتے ہیں لیکن ان کے اثرات بڑے اور خواتین کے بنیادی حقوق کو مضبوط بناتے ہیں۔ یہ فیصلہ یاد دلائے گا کہ معاشرہ اس وقت بہتر بنتا ہے جب اس کے کمزور ترین افراد کے حقوق کی حفاظت کی جائے۔ پاکستانی خواتین کسی رعایت کی نہیں بلکہ اپنے جائز مقام کی حقدار ہیں۔ اور اگر ریاستی ادارے اس مقصد کے لیے مضبوطی سے کھڑے ہو جائیں تو معاشرہ روشن مستقبل کی طرف بڑھ سکتا ہے۔ یہ صرف عدالت کا فیصلہ نہیں بلکہ ایک پیغام ہے کہ عورت کو بھی وہی عزت، وقار اور قانونی تحفظ ملنا چاہیے جو ایک شہری ہونے کے ناتے ہر فرد کا حق ہے۔

> سپریم کورٹ کا عنبرین اکرم کیس میں فیصلہ ایک سنگ میل ہے جس نے واضح کر دیا کہ شادی کے بعد عورت کو نفقہ کا حق فوراً حاصل ہوتا ہے اور رخصتی جیسی رسم اس حق میں رکاوٹ نہیں بن سکتی۔ عدالت نے خواتین کی رازداری اور وقار کے تحفظ کو بنیادی اہمیت دی اور یہ کہا کہ غیر ضروری سوالات ان کی بے عزتی ہیں۔ یہ فیصلہ پدرانہ رویوں کو چیلنج کرتا ہے اور صنفی انصاف کی طرف ایک مضبوط قدم ہے، جس سے عدلیہ پر عوام کا اعتماد مزید مضبوط ہوا ہے۔

نوٹ: یہ لکھاری کا ذاتی نقطہ نظر ہے جس سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

حسینہ واجد کو سزائے موت

بنگلہ دیش کی سابق وزیراعظم شیخ حسینہ واجد کو انسانیت کے خلاف جرائم کے مقدمے میں سزائے موت سنا دی گئی۔ جسٹس غلام مرتضیٰ موجمدار کی سربراہی میں انٹرنیشنل کرائمز ٹریبونل کے تین رُکنی بینچ نے اُن کی غیر موجودگی میں یہ سزا سنائی۔ ٹریبونل کے دیگر دو ارکان میں جسٹس شفیع العالم محمود اور جج محیط الحق انعام چوہدری شامل تھے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق بنگلہ دیش کے انٹرنیشنل کرائمز ٹریبونل نے شیخ حسینہ واجد کے خلاف مقدمات کا 453 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کرتے ہوئے ان کے ساتھ سابق وزیر داخلہ اسد الزماں کمال کو بھی سزائے موت سُنا دی۔ سابق انسپکٹر جنرل پولیس چوہدری عبداللہ المامون کو البتہ پانچ سال قید کی سزا کا حکم سنایا گیا، وہ واحد ملزم تھے جو عدالت میں موجود تھے اور اُنہوں نے جولائی میں سماعت کے دوران اعترافِ جُرم کرلیا تھا۔ عدالت نے فیصلے میں کہا کہ لیک فون کال کے مطابق حسینہ واجد نے مظاہرہ کرنے والے طلبہ کے قتل کے احکامات دیئے، ملزمہ نے طلبہ کے مطالبات سننے کے بجائے فسادات کو ہوا دی، طلبہ تحریک کو طاقت سے دبانے کے لئے توہین آمیز اقدامات کیے۔ عدالت نے فیصلے میں کہا کہ حسینہ واجد اور سابق وزیر داخلہ اسد الزماں ابھی تک مفرور ہیں، پیشی کے لئے بھیجے گئے متعدد نوٹسوں کے باوجود دونوں ملزمان کا پیش نہ ہونا اُن کے جرم کا اعتراف ہے۔ شیخ حسینہ پر یہ الزام بھی تھا کہ اُن کا ڈرون، ہیلی کاپٹر اور مہلک ہتھیار استعمال کرنے کا حکم انسانیت کے خلاف جرائم کا ارتکاب تھا تاہم عدالت کے مطابق سابق وزیراعظم کو سزائے موت چھ لوگوں کو جلانے کے مقدمے میں سنائی گئی۔ عدالت نے یہ بھی حکم دیا کہ عوامی لیگ سیاسی سرگرمیاں جاری نہیں رکھ سکتی۔ بنگلہ دیش کی تاریخ میں پہلی بار انٹرنیشنل کرائمز ٹریبونل نے کسی حکومت کے سربراہ کے خلاف فیصلہ سنایا ہے۔ حسینہ واجد اپنی حکومت کے خاتمے کے بعد سے خودساختہ جلاوطنی اختیار کرکے بھارت کے دارالحکومت نئی دہلی میں مقیم ہیں، انہوں نے ڈھاکہ عدالت کے فیصلے کی مذمت کرتے ہوئے اِسے "متعصّبانہ اور سیاسی" قرار دیا۔ فیصلے کے بعد جاری ہونے والے پانچ صفحات پر مشتمل بیان میں اُن کا کہنا تھا کہ سزائے موت عبوری حکومت کی جانب سے عوامی لیگ کو ایک سیاسی قوت کے طور پر کالعدم قرار دینے کا حربہ ہے۔ اِس بیان سے قبل اُنہوں نے عبوری حکومت کو چیلنج کیا تھا کہ وہ اُن کے خلاف "ہیگ" میں بین الاقوامی فوجداری عدالت کا دروازہ کھٹکھٹائیں گی۔ جماعت اسلامی بنگلہ دیش کے سیکرٹری جنرل نے کہا کہ یہ فیصلہ اُن کے لئے تسلی کا باعث ہے جنھوں نے تحریک میں اپنے پیارے کھوئے، ماضی میں جماعت اسلامی کے رہنماؤں کے خلاف سیاسی بنیادوں پر مقدمات چلائے گئے جبکہ یہ فیصلہ تمام دستاویزی شواہد کی بنیاد پر کھلی سماعت کے بعد سنایا گیا۔ بنگلہ دیش کی وزارتِ خارجہ کی پریس ریلیز کے مطابق بین الاقوامی فوجداری ٹریبونل کے فیصلے میں مفرور شیخ حسینہ اور اسد الزماں کو جولائی میں ہونے والے قتل کے لئے قصوروار ٹھہرایا گیا ہے، کسی بھی دوسرے ملک کے لئے انسانیت کے خلاف جرائم کے مرتکب افراد کو پناہ دینا غیر دوستانہ رویہ اور انصاف کی توہین ہوگی اِس لئے بنگلہ دیش بھارتی حکومت پر زور دیتا ہے کہ وہ دونوں سزا یافتہ افراد کو فوری طور پر بنگلہ دیشی حکام کے حوالے کرے، دونوں ممالک کے درمیان ملزمان کی حوالگی معاہدے کے مطابق یہ اس کی ذمہ داری بنتی ہے۔ بنگلہ دیش اِس سے قبل بھی کئی بار شیخ حسینہ کو واپس بھیجنے کی باضابطہ درخواست کر چکا ہے لیکن بھارت کی طرف سے اِن درخواستوں کا کوئی جواب نہیں دیا گیا۔ اب بھی اُس نے حوالگی کے مطالبے پر کوئی واضح مؤقف دینے کے بجائے کہا ہے کہ وہ تمام سٹیک ہولڈرز سے تعمیری رابطے قائم رکھے گا، وہ قریبی پڑوسی ملک کے طور پر بنگلہ دیش کے بہترین مفاد میں وہاں جمہوریت، اَمن اور استحکام کے لئے پُرعزم ہے۔

بنگلہ دیش میں اِس وقت نوبل اَمن انعام یافتہ ڈاکٹر محمد یونس عبوری حکومت چلا رہے ہیں جو کہ حسینہ واجد کا تختہ اُلٹنے کے بعد قائم کی گئی تھی۔ شیخ حسینہ پر 2024ء میں طلبہ تحریک کے خلاف کریک ڈاؤن کے احکامات دینے اور وسیع پیمانے پر ہلاکتوں کا الزام تھا، اقوامِ متحدہ کے مطابق اِن مظاہروں کے دوران 1400 افراد ہلاک ہوئے تھے۔ حسینہ واجد نے 1975ء کی فوجی بغاوت میں اپنے والد اور خاندان کے بیشتر افراد کی ہلاکت کے بعد بھارت میں پناہ لے لی تھی، کئی سال وہاں گزارنے کے بعد 1981ء میں بنگلہ دیش واپس آکر انہوں نے عوامی لیگ کی قیادت سنبھالی۔ حسینہ واجد نے اپنی دیرینہ حریف بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی (بی این پی) کی سربراہ خالدہ ضیاء کے ساتھ اتحاد بنا کر 1990ء میں فوجی حکمران حسین محمد ارشاد کے خلاف عوامی تحریک کی قیادت کی تاہم یہ اتحاد زیادہ دیر قائم نہیں رہ سکا اور دونوں میں ایسی سیاسی کشمکش شروع ہوئی جو کئی دہائیوں تک بنگلہ دیشی سیاست پر غالب رہی۔ شیخ حسینہ پہلی بار 1996ء میں وزیراعظم بنیں اور پانچ سالہ مدت پوری کی، اُنہیں 2009ء میں دوبارہ اقتدار ملا اور پھر پندرہ سال تک ان ہی کے ہاتھ میں رہا، گزشتہ سال طلباء تحریک کی کامیابی ان کے طویل دورِ حکومت کے خاتمے کا باعث بنی۔

بنگلہ دیشی تجزیہ نگاروں کے مطابق ابتدائی دور میں حسینہ واجد نے جمہوریت کے فروغ کے لئے کوششیں ضرور کیں لیکن پھر آمرانہ طرزِ حکمرانی اپنا لیا، ان پر مخالفین کی گرفتاریوں، آزادی اظہار پر پابندی اور ریاستی جبر کے الزامات لگتے رہے۔ انسانی حقوق کی تنظیموں نے خبردار کیا تھا کہ ملک عملی طور پر ایک جماعتی نظام کی جانب بڑھ رہا ہے۔ ان کے طویل دورِ اقتدار کے دوران بہت سے شہری غائب ہوئے، کئی ایک کو خصوصی عدالتوں کے ذریعے سزائیں دلوائی گئیں اور 1971ء کے ہنگاموں کے حوالے سے موت کے گھاٹ بھی اتارا گیا جن میں جماعت اسلامی بنگلہ دیش کے رہنما بھی شامل تھے۔ آج حسینہ واجد ملک بدر ہیں، بھارت میں چھپ کر بیٹھی ہیں، وہی کاٹ رہی ہیں جو انہوں نے بویا تھا ۔ اختلافی آوازوں کو دبانے کی خواہش نے اُنہیں اِس مقام پر لا کھڑا کیا ہے۔ اُنہیں پھانسی پر لٹکایا جاتا ہے، یا وہ بچ نکلنے میں کامیاب ہوتی ہیں، یہ تو آنے والا وقت بتائے گا لیکن اُن کا یہ عبرت ناک انجام اُن سب حکمرانوں کے لیے وارننگ ہے جو اقتدار کو انتقام، جبر اور ظلم کا ذریعہ بناتے ہیں اپنے آپ کو قادرِ مطلق سمجھ لیتے ہیں اور نتیجتاً اپنے اعمال کی گرفت میں آ جاتے ہیں۔ جس انٹرنیشنل کرائمز ٹریبونل نے شیخ حسینہ کو سزا سنائی ہے، وہ انہی کے دورِ حکومت میں قائم کیا گیا تھا اور اُن کے سیاسی مخالفین کو بے رحمی سے سزائیں سناتا رہا۔ اپنے بنائے ہوئے ٹریبونل اور قانون کی زد میں وہ خود آ چکی ہیں۔ اُن کی شہ پر بے گناہوں کا بہایا گیا خون اپنا انتقام لینے کے درپے ہے۔ ہماری تمام تر ہمدردیاں بنگلہ دیشی بھائیوں کے ساتھ ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مشکلات آسان کرے اور وہ اُس جمہوری راستے پر گامزن ہو سکیں جس کے خواب دکھا دکھا کر اُن کے نام نہاد رہنماؤں کو ورغلاتے رہے، اُن کا پیارا وطن پاکستان اُن سے چھینا اور انہیں بھارت کے چنگل میں پھنسا دیا۔ بنگلہ دیشی عوام اب اپنی شناخت اور اپنی خودداری کی حفاظت کے لیے پُرعزم ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُن کا حامی و ناصر ہو اور وہ اپنے خیر خواہ پاکستان کے ساتھ مل کر اَمن اور استحکام کے راستے پر محوِ سفر رہ سکیں۔

ہمارے بھاجی......جج صاحب

ذوالفقار احمد چیمہ

اُس روز نومبر کی آٹھ تاریخ تھی، 9 نومبر کو ہونے والی یومِ اقبال کی تقریبات کے سلسلے میں کچھ نوٹس تحریر کر رہا تھا کہ گاؤں سے ہمارے مینیجر شبیر احمد کی کال آئی، جب اس نے یہ کہا کہ "جج صاحب کی طبیعت بہت زیادہ خراب ہوگئی ہے" تو ہاتھ لرز گیا اور ایک انجانے خوف نے دل و دماغ کو جکڑ لیا، فون پر کچھ ہدایات دیں۔

جب ایمبولینس گھر پہنچ گئی تو تھوڑی سی تسلی ہوئی کہ ضرورت پڑنے پر آکسیجن فراہم ہوجائے گی۔ مگر دل مسلسل دھڑکتا رہا کہ کوئی بری خبر نہ مل جائے۔ ڈرائیور کو بار بار تاکید کرتا رہا کہ جاتے ہی ڈاکٹر سے میری بات کرانا۔ امراضِ قلب کے اسپتال پہنچنے کے چند منٹ بعد ہی ڈاکٹر صاحب نے بتادیا کہ "حرکتِ قلب بند ہوجانے (Cardiac arrest) کی وجہ سے جج صاحب اب ہم میں نہیں رہے"۔

اس کے چند منٹ بعد گاؤں سے کئی کالیں آتی رہیں، سب ایک ہی بات کر رہے تھے "پنڈ یتیم ہوگیا جے" "ساڈی چھت ٹُٹ گئی اے"۔ حالت ایسی نہیں تھی کہ جواب دے سکتا، صرف آخری کالر کو اتنا کہا کہ "ہم تو خود آج دوسری بار یتیم ہوگئے ہیں"۔ فون پر ایسے فقرے بار بار کانوں میں پڑتے رہے "جج صاحب نے بڑی مثالی زندگی گزاری ہے، وہ ایک غیر معمولی شخصیّت تھے، جج صاحب ولی اللہ تھے"۔

کچھ دیر بعد ذہن نے کام کرنا شروع کیا تو یوں لگا جیسے کوہ ہمالیہ سر پر آ گرا ہو۔ پھر سوچنے لگا کہ کیا واقعی ہم اپنے اس عظیم بھائی کے سائے سے ہمیشہ کے لیے محروم ہوگئے ہیں جو ہمارے لیے ایسے تھا جیسے تیز دھوپ میں سایہ دار درخت اور سائبان۔ کیا اب ہم اس پاکیزہ کردار اور شفیق ہستی کی رفاقت اور راہنمائی سے محروم ہوگئے ہیں جس سے ہم پچھلی چھ دہائیوں تک مستفیض ہوتے رہے ہیں؟ یہ سوچ کر اپنے آپ کا ہوش نہ رہا۔ کچھ حواس بحال ہوئے تو دماغ کی اسکرین پر نصف صدی کی فلم چلنے لگی۔

بھائی جان (ر) جسٹس افتخار احمد چیمہ صاحب ہم سے پندرہ سولہ سال بڑے تھے، اس لیے وہ ہمارے (میرے اور بھائی نثار احمد کے) کے گائیڈ بھی تھے، استاد بھی تھے، ٹرینر بھی تھے اور mentor بھی تھے۔ ہمیں قلم پکڑنا اور لکھنا بھی انھوں نے سکھایا اور بولنا بھی انھوں نے ہی سکھایا تھا۔ گاؤں کے پاس بہت بڑا شیشم کا درخت ہمارا اسکول بھی تھا اور ہماری تربیت گاہ بھی تھی۔ ٹاہلی کی چھاؤں میں ہی ہمیں مضمون لکھنے اور تقریر کرنے کی پریکٹس کرائی جاتی تھی۔

بھائی جان ہمیں کشتی بھی کراتے، کبڈّی بھی کھلاتے، دوڑ بھی لگواتے اور مختلف موضوعات پر مضامین بھی لکھواتے تھے۔ اُس وقت ہمارے چھوٹے سے گاؤں میں پختہ سڑک بھی نہیں جاتی تھی، بجلی آنے کا دور دور تک امکان نہیں تھا مگر اس وقت بھی وہ گاؤں میں اسٹیج ڈرامے اور تقریری مقابلے منعقد کرایا کرتے تھے۔ پڑھائی کے معاملے میں وہ ہمارے ساتھ سختی بھی بہت کرتے تھے مگر پیار بھی بے تحاشا کرتے تھے۔ میری خاص طور پر ان کے ساتھ بے تحاشا محبّت تھی۔

والد صاحب بڑے بااصول اور سخت گیر منتظم تھے، بچپن کے دنوں میں ایک دوبار والد صاحب سے کسی بات پر اختلاف کے باعث بھائی جان احتجاجاً گھر سے چلے گئے تو میں نے بھی والدہ صاحبہ سے کہا میں بھی بھائی جان کے ساتھ ہی جاؤں گا اور واپس نہیں آؤں گا، اس پر والد صاحب کچھ نرم ہوجاتے اور والدہ صاحبہ کے کہنے پر بھائی خوشی محمد کو بھیجتے جو بھائی جان کو منا کر واپس گھر لے آتا۔ میں چھٹی جماعت میں تھا جب انھوں نے گوجرانوالہ کے سب سے بڑے ٹیلر سے میرا نیوی بلو کلر کا سوٹ سلوایا تھا اور پھر اس سوٹ میں وزیر آباد کے اکلوتے فوٹو گرافر کے اسٹوڈیو سے میرا فوٹو بنوایا تھا۔ وہ فریم شدہ فوٹو اور بھائی جان کی اپنی لاء کالج کی گروپ فوٹو بڑی مدت تک ہمارے گھر میں لٹکی رہیں، دیکھنے والے یہ کمنٹس ضرور کیا کرتے تھے کہ "جج صاحب نوجوانی میں بڑے ہینڈسم تھے"۔

وہ واقعی بہت خوبرو تھے۔ ہم اُس وقت پرائمری اسکول میں تھے جب بھائی جان نے ہم دونوں چھوٹے بھائیوں کی کاپیوں پر لکھ دیا تھا کہ بھائی نثار احمد ڈاکٹر بنے گا اور میں سول سروس میں جاؤں گا۔ وہ چاہتے تھے میں بہترین درسگاہوں سے تعلیم حاصل کروں، جب ان کی خواہش اور محنت کے نتیجے میں مجھے کیڈٹ کالج حسن ابدال میں داخلہ ملا تو ان کی خوشی دیدنی تھی، وہ خود مجھے کیڈٹ کالج چھوڑنے گئے تھے۔

ان کی پرکشش شخصیّت میں ایک غیر معمولی جاذبیّت اور مقناطیسیت تھی، مقامی زبان میں بات کریں تو ان کا ستارہ بہت بلند تھا، جب وہ صرف طالب علم اور یا جونیئر وکیل تھے اُس وقت بھی ہر جگہ اور ہر ادارے کے لوگ انھیں بے حد اہمیّت دیتے اور بہت زیادہ احترام کرتے تھے۔

ہمارے بلند کردار والدِ محترم غیر محسوس طریقے سے ہماری تربیت کیا کرتے تھے۔ چار چیزوں پر بہت زور تھا۔ پہلی یہ کہ چاہے فاقے کرنے پڑیں مگر ہر حال میں رزقِ حلال کھانا ہے، دوسرا یہ کہ ایک فریق کتنا بھی بااثر یا طاقتور کیوں نہ ہو مگر پھر بھی انصاف، چاہے طاقتور لوگ ناراض ہی کیوں نہ ہوجائیں مگر آپ انصاف کے مطابق فیصلہ کریں۔ تیسرا یہ کہ سب انسان برابر ہیں، چوہدری اور کمّیں یا امیر اور مزدور سب برابر ہیں۔ غریب اور کم وسیلہ لوگوں سے ہمدردی اور پیار کرو اور انھیں عزت دو۔ اور چوتھا یہ کہ ہمیشہ حق اور سچ کا ساتھ دو اور اپنے ضمیر اور اصول کا پرچم کبھی سرنگوں نہ ہونے دو، چاہے اس سے

پاکستان کا بھگت سنگھ حسن ناصر

زاہدہ حنا

میری نسل نے بھگت سنگھ کے قصے پڑھ کر جانا کہ سچائی اور جرات کیا ہوتی ہے۔ وہ حیدرآباد کے ایک کھاتے پیتے گھرانے کا چشم و چراغ تھے۔ ان کے والد اعلیٰ سرکاری عہدے پر فائز تھے اور حسن ناصر ناز و نعم میں پلے بڑھے تھے۔ انھوں نے کنونٹ سے تعلیم حاصل کی اور وہ زمانہ طالب علمی سے ہی مزدور تحریک سے نہ صرف وابستہ ہوگئے بلکہ انھوں نے اسے ہی اپنی حیات کا مقصد بنالیا۔

وہ کراچی آگئے اور انھوں نے تعلیم کو خیر باد کہہ دیا۔ کراچی آکر اچھی ملازمت حاصل کرنا، ان کے لیے کوئی مشکل امر نہیں تھا مگر وہ اپنا تمام وقت مزدور تحریک پر صرف کرنے لگے اور اسی کو زندگی کا مقصد بنا لیا۔ وہ اس سرزمین کا "بھگت سنگھ" بن گیا۔ اس کی للکار اس کی نظریاتی استقامت سب کچھ اس دھرتی کے نام ہوئی، جس کے مزدوروں اور کسانوں کو وہ جبر کی زنجیروں سے آزاد دیکھنا چاہتا تھا۔

وہ قید خانوں سے بھی خوفزدہ نہ ہوا، اس کی آنکھوں میں انقلاب کی چمک تھی۔ اس کے خواب بڑے تھے، طبقاتی برابری کے انسان کی حرمت کے استحصال کے خاتمے کے۔ وہ کسی حال اور قیمت پر اپنے خوابوں سے دستبردار ہونے کو تیار نہیں تھا۔ ایک ایسا سماج جہاں مزدور کو اس کا حق ملے جہاں کسان مجبور اور لاچار نہ ہو۔ وہ ایک ایسے سماج کا خواب دیکھتا تھا۔ جو جرات اور جی داری حسن ناصر کے مزاج میں تھی، وہ دوسروں کو حوصلہ دیتی تھی۔ خواب دیکھنے کا اپنے حق کے لیے لڑ جانے کا اور مٹ جانے کا اور آخری سانس تک اپنے اصولوں کے لیے ڈٹے رہنے کا۔

حسن ناصر اس وقت بھی اور آج بھی انقلاب اور جدوجہد کا وہ نام ہے جس پر جتنا ناز کیا جائے وہ کم ہے۔ آج پاکستان کے جو حالات ہیں اس میں حسن ناصر جیسے نڈر اور جیالے انسان کی اور بھی زیادہ ضرورت ہے۔ حکومت مزدور کارکنوں کو غدار، وطن دشمن، ملحد اور بیرونی ایجنٹ تصور کرتی تھی مگر اس کا حقیقت سے رتی برابر بھی تعلق نہیں تھا۔ آٹھ اکتوبر 1958 کو ملک میں مارشل لاء نافذ کر دیا گیا۔

ایوب خان چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر بنے جب کہ صدارت اسکندر مرزا کے پاس ہی رہی۔ ملک کا آئین منسوخ کر دیا گیا۔ سیاسی جماعتوں اور ٹریڈ یونینوں پر پابندی عائد کردی گئی۔ بائیں بازو کے سیاسی کارکنوں کی پکڑ دھکڑ شروع ہوگئی۔ بہت سے کارکن گرفتار ہوئے اور کچھ روپوش ہوگئے۔ حسن ناصر بھی روپوش ہوگئے مگر ساتھیوں سے ملاقات کا سلسلہ جاری رہا۔ جب ایوب خان کی مارشل لاء حکومت اپنے مخالفوں کو مٹانے پر تلی ہوئی تھی، تب حسن ناصر اس دلیر قافلے کی پہلی صف میں کھڑا تھا۔

1959 میں ملک گیر انتخابات کرائے جانے کا فیصلہ ہوا۔ اس وقت بائیں بازو کی قوت میں اضافہ ہونے کے امکانات بہت واضح تھے۔ روپوشی کے دوران بھی وہ ایک جگہ نہیں ٹھہرتے تھے، کبھی کسی ساتھی سے ملنے پہنچ جاتے تو کبھی کسی کو ملاقات کے لیے پیغام بھجواتے۔

اگست کے مہینے میں ان کو گرفتار کرلیا گیا اور قید کرکے لاہور کے شاہی قلعہ میں رکھا گیا۔ حسن ناصر پر جو تشدد کیا گیا، اس کو لکھتے ہوئے لکھنے والے کے ہاتھ کانپ جائیں مگر حسن ناصر نے بہادری کی وہ مثال قائم کی کہ جو صرف وہی کرسکتا ہے جس کے دل میں مزدور اور کسان کی محبت ہو جو ایک ایسے سماج کا خواب دیکھتا ہو جہاں کسی کے ساتھ ناانصافی نہ ہو، جہاں بھوک نہ ہو۔ حسن ناصر نے اپنے نظریہ اور سوچ کے لیے جان کی پروا بھی نہیں کی۔ جس عمر میں نوجوان زندگی کی محبت لیے جیتے ہیں، اس نے اس عمر میں موت کو ہنستے ہنستے گلے لگالیا۔

13 نومبر 1960 کو یہ خبر آئی کہ حسن ناصر نے خودکشی کرلی۔ حسن ناصر کی موت کی خبر نے اس کے ساتھیوں کو توڑ دیا، وہ سوچ بھی نہیں سکتے تھے کہ اس طرح کال کوٹھری میں وہ بہادر حسن ناصر کو یوں موت کی نیند سلا دیں گے۔ نہتے حسن ناصر سے وہ اتنا ڈرے کہ اس کی جان لینے کے بعد اس کی موت کو خودکشی کا رنگ دے دیا۔

اس کی ماں نے کبھی سوچا نہ ہوگا کہ اس کا بیٹا لاہور کے قلعے کی تاریکی میں دفن کر دیا جائے گا۔ حسن ناصر کی والدہ ہندوستان سے تشریف لائیں اور انھوں نے عدالت سے درخواست کی کہ ان کو اپنے بیٹے کی لاش ہندوستان لے جاکر دفنانے کی اجازت دی جائے۔ عدالت نے ان کی درخواست کو منظور کرتے ہوئے لاش کو قبر سے نکالنے کے احکامات جاری کیے۔ لاش کی برآمدگی کے بعد یہ سوال ضرور اٹھتا کہ حسن ناصر پر تشدد کیا گیا اور اس طرح پولیس کی قلعی کھل جاتی۔ جب ایک مسخ شدہ لاش حسن ناصر کی والدہ کو یہ کہہ کر دکھائی گئی کہ یہ حسن ناصر کی لاش ہے تو انھوں نے اسے حسن ناصر کی لاش ماننے سے انکار کردیا۔ یوں وہ لاش دوبارہ دفنا دی گئی اور اس سے یہ صاف ظاہر ہے کہ کس طرح پولیس نے اپنے جرم کی پردہ پوشی کی۔

یہ سوچ کر بھی روح کانپ جاتی ہے کہ حسن ناصر کی والدہ پر کیا گزری ہوگی، پہلے تو کڑیل جوان بیٹے کی موت کا صدمہ اور اس کے بعد وہ نہ بیٹے کو آخری بار دیکھ سکیں، نہ اس کو دفنانے ہندوستان لے جاسکیں۔ اس ماں کے دکھ کا تصور کرکے آنکھیں نم ہوجاتی ہیں۔

حسن ناصر کے گرفتار ساتھیوں نے جیل میں بیانات دیے۔ وہ کہتے تھے کہ ہم پر جو ظلم ہوا وہ حسن ناصر پر بھی ہوا ہوگا بلکہ اس سے بھی زیادہ تشدد کیا گیا ہوگا، جو ہم پہ ہوا۔ وہ تو انتہائی نفیس طبیعت کا ملک انسان تھا وہ دبلا پتلا سا تھا مگر اس کا حوصلہ بہت بلند تھا، وہ فولادی ارادوں کا مالک تھا۔ حسن ناصر کے جسم کو قید کیا گیا، مٹی کے نیچے چھپا دیا گیا مگر اس کی سوچ کو دنیا کی کوئی جیل، کوئی لاٹھی، کوئی شکنجہ قید نہ کرسکا۔ وہ نظریہ جو اس نے پیش کیا، اب بے شمار دلوں میں دھڑکتا ہے، مزدوروں، کسانوں اور طلبہ کے دلوں میں۔ بھگت سنگھ نے لالہ لاجپت رائے کے قتل پر سچ کی چنگاری جلائی تھی۔ حسن ناصر نے اس دھرتی پر بھوک، غربت اور آمریت کے خلاف وہی چنگاری روشن کی۔ دونوں کی قربانیوں میں ایک ہی رنگ دکھائی دیتا ہے، انسانیت کی آزادی کا رنگ۔

آج جب پاکستان کے نوجوان اس کی تصویر کو دیکھتے ہیں تو شاید سمجھ نہ پائیں کہ وہ دبلا پتلا لڑکا کس طرح ایک ریاست کے سامنے دیوار بن کر کھڑا تھا، مگر جو قومیں اپنے سچ بولنے والوں کو بھول جائیں وہ اندھیروں میں بھٹکتی رہتی ہیں۔ میں اکثر سوچتی ہوں کہ اگر حسن ناصر آج کے پاکستان میں ہوتا تو کیا ہوتا؟ اسے شاید پھر گرفتار کرلیا جاتا، پھر "غدار" کہا جاتا، پھر اس کا نظریہ بدنام کیا جاتا، مگر شاید ایک فرق ہوتا، آج اس کی آواز دبانا اتنا آسان نہ ہوتا۔ آج اس کی چیخیں لاہور قلعے کی دیواروں میں گم نہ ہوتیں، وہ پورے ملک میں ہر اس گھر میں، ہر اس بستی میں سنائی دیتیں، جہاں آج بھی کوئی مزدور اپنے بچے کو بھوکا سوتے دیکھ کر آنسو بہاتا ہے۔

پاکستان کے اس "بھگت سنگھ" کی زندگی مختصر تھی مگر وہ تاریخ میں اپنا نام کندہ کرگیا۔ اس کا خون قلعے کی اینٹوں میں جذب ہوا مگر اس کی فکر ہواؤں میں آج بھی زندہ ہے۔ اس کی قبر بے نشان سہی، مگر اس کی قربانی نشانِ راہ ہے۔ تاریخ کا سب سے بڑا انصاف یہ ہے کہ سچ لکھا جائے۔ حسن ناصر کا سچ یہ ہے کہ وہ ایک عام نوجوان نہیں تھا۔ وہ خواب دیکھتا تھا، ایک پرامن دنیا کا، ایک ایسی دنیا کا جہاں انصاف سب کے لیے ہو۔

دہشت گردی اور نیشنل ایکشن پلان

ڈاکٹر توصیف احمد خان

ملک پھر دہشت گردی کی زد میں ہے۔ دہشت گردوں نے اسلام آباد کو نشانہ بنایا ہے۔ اسلام آباد میں عدالت کے باہر پولیس گاڑی پر خودکش حملے میں 12 افراد شہید اور 27 زخمی ہوئے۔ افغانستان کی سرحد سے متصل وانا کیڈٹ کالج دہشت گردوں کے نرغے میں آگیا۔ کیڈٹ کالج کے طلبہ 14 سے زیادہ گھنٹے ان دہشت گردوں کے رحم وکرم پر رہے۔ سیکیورٹی فورسز نے تمام طلبہ اور اساتذہ کو بازیاب کیا۔ 2 سیکیورٹی اہلکار اس حملے میں شہید ہوئے۔ اس صدی کے 25 ویں سال پھر وانا سے لے کر اسلام آباد غیر محفوظ علاقہ بن گیا۔

اسلام آباد کے سیکیورٹی کے لیے لگائے گئے، اربوں روپے کی لاگت سے نصب ہونے والے کیمرے اور سیف سٹی پروگرام دھرا کا دھرا رہ گیا۔ اگرچہ وزیر داخلہ محسن نقوی نے یہ بیانیہ اختیار کر کے کچہری کے دروازے پر تعینات سیکیورٹی اہلکاروں کی چابک دست سے خودکش حملہ اور کچہری میں قائم عدالتوں تک نہیں پہنچ سکا، اس بات کی دلیل دیتے ہوئے اپنی وزارت کے ماتحت قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کا دفاع کیا مگر تلخ حقیقت یہ ہے کہ کسی خودکش حملہ آور کا اسلام آباد میں داخل ہونا ہی بہت بڑی ناکامی ہے۔

ادھر پشاور میں خیبر پختون خوا کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی ایماء پر پختون قومی جرگہ منعقد ہوا۔ اس جرگے میں صوبے کے گورنر سمیت صوبے کی تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کے اہم رہنماؤں نے شرکت کی۔ اس جرگے کے اعلامیہ کے مندرجات یوں ہیں کہ وفاقی حکومت افغان خارجہ پالیسی کے پی حکومت کے مشورے سے بنائے۔ اس اعلامیے کے مطالعے سے ظاہر ہوتا ہے کہ سیاسی قیادت اب اس بات پر متفق ہوگئی ہے کہ دو دہائیوں سے خیبر پختون خوا میں ہونے والی دہشت گردی ختم ہونی چاہیے۔ جرگے نے یہ بھی مطالبہ کیا کہ پاکستان افغانستان سرحد کے تمام تجارتی راستوں کو کھولا جائے۔

یہ راستے گزشتہ کئی ہفتوں سے پاکستان کے افغانستان میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر حملوں اور طالبان فوج کے جوابی حملوں کی بناء پر بند ہیں، اگرچہ استنبول مذاکرات کے بعد دونوں ممالک کے درمیان جنگ بندی ہے مگر اب طالبان حکومت اپنے تاجروں کو یہ ہدایات دے رہی ہے کہ افغان تاجر پاکستان سے تجارت کی امید ہی چھوڑ دیں اور اس مقصد کے لیے دیگر ممالک کی طرف رخ کریں۔ پشاور میں ہونے والے جرگہ کے اعلامیہ کے تجزیے سے قبل یہ تجزیہ ضروری ہے کہ ماضی کی صورتحال کا جائزہ لیا جائے۔

اسلام آباد میں 20 دسمبر 2008 کو ایک خودکش حملہ آور نے گولہ بارود سے لیس ایک ڈمپر ایک ہوٹل کی دیوار سے ٹکرا دیا تھا۔ اس سانحے میں کم از کم 54 افراد جاں بحق ہوئے تھے اور 266 کے قریب افراد جن میں سے بیشتر پاکستانی تھے، زخمی ہوئے۔ طالبان دہشت گردوں سے ہمدردی رکھنے والے بعض صحافیوں نے یہ مفروضہ گڑھ لیا تھا کہ متاثرہ ہوٹل میں امریکی موجود تھے۔ ایسی خبروں کی تردید بھی ہوئی لیکن ان خبروں کی اشاعت کا مقصد یقیناً طالبان دہشت گردوں سے ہمدردی پیدا کرنا تھا۔ جب میاں نواز شریف دوبارہ وزیراعظم کے عہدے پر فائز ہوئے تو کچھ عرصے بعد تحریک انصاف کے بانی نے حکومت کے خاتمے کے لیے اسلام آباد میں دھرنا دیا ہوا تھا تو 16 اگست 214 کو ظالم دہشت گردوں نے پشاور آرمی پبلک اسکول کے طالبہ کا قتل عام کیا تھا۔ اس سانحے میں 150 افراد جاں بحق ہوئے جن میں اسکول کی پرنسپل کے علاوہ 134 طلبہ بھی شامل تھے۔

عمران خان نے یہ دھرنا ختم کیا تو حکومت نے تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کو مدعو کر کے ایک کانفرنس منعقد کی تھی، فوج کے سربراہ بھی اس کانفرنس میں موجود تھے۔ اس کانفرنس میں 20 نکات پر مشتمل نیشنل ایکشن پلان پر اتفاق رائے ہوا تھا، یہ ایک جامع پلان تھا۔ اس کے چیدہ چیدہ نکات کچھ یوں تھے کہ دہشت گردی کے مقدمات کی فوری سماعت کے لیے فوجی عدالتوں کا قیام، کالعدم تنظیموں کے خلاف کارروائی، نفرت انگیز مواد پر پابندی، دہشت گردی کی مالی معاونت کو روکنے سمیت مدارس کی اصلاحات، دہشت گردوں کے مواصلاتی نظام کی بندش، نیشنل کاؤنٹر ٹیرارزم اتھارٹی کا قیام، قومی سلامتی کمیٹی کی تمام معاملات میں نگرانی وغیرہ شامل تھے مگر بعد میں حقائق سے ظاہر ہوتا ہے کہ سرکاری ادارے نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کے لیے سنجیدہ نہیں تھے۔ مسلم لیگ ن کی حکومت میں ایسے عناصر موجود تھے جو مذہبی انتہا پسندی کے خاتمے کے لیے سنجیدہ نہیں تھے۔ نواز شریف حکومت پاناما لیکس کے اسکینڈل میں پھنس گئی تھی۔ نواز شریف حکومت کو ناکام بنانے کے لیے ایک نئی انتہا پسند تنظیم بنوائی گئی، جس پر گزشتہ دنوں پابندی عائد کی گئی ہے۔

تحریک انصاف کی حکومت برسر اقتدار آگئی۔ تحریک انصاف کے بانی ہمیشہ سے طالبان سے ہمدردی رکھتے ہیں۔ پیپلز پارٹی کی حکومت کے دوران تحریک انصاف کے جیالوں نے پشاور جانے والی موٹروے پر دھرنا دے کر اتحادی افواج کی سپلائی لائن رکوادی تھی۔ تحریک انصاف کی رہنما ڈاکٹر شیریں مزاری فخر سے اس کامیابی کا ذکر کرتی تھیں۔ بہرحال تحریک انصاف کو اسلام آباد میں حکومت مل گئی، کہا جاتا ہے کہ تحریک انصاف کی حکومت نے طالبان فوج کی کابل پر قبضہ کی بھرپور مدد کی تھی۔ بی بی سی اردو ویب سائٹ کی 16 اگست 2016 کو وائرل ہونے والی ایک رپورٹ کے مطابق سابق وزیراعظم عمران خان نے یکساں نصاب کے اجراء کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کابل پر طالبان کے قبضے کی خبر پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ افغانستان میں لوگوں نے غلامی کی زنجیریں توڑ دی ہیں۔

انھوں نے اپنی تقریر میں خاص طور پر اس بات پر زور دیا تھا کہ غلام ذہن کبھی بھی بڑے کام نہیں کرسکتا۔ اس رپورٹ کے مطابق تحریک انصاف کے علاوہ مذہبی جماعتوں نے طالبان کی کامیابی کا جشن منایا تھا۔ پی ٹی آئی حکومت کے دور میں طالبان کو سابقہ قبائلی علاقوں میں آباد کیا گیا۔ ان طالبان نے سابقہ قبائلی علاقوں کے علاوہ خیبر پختون خوا کے کئی شہروں میں متوازی حکومتیں قائم کرلیں۔

کے پی میں مختلف شہروں میں عوام نے طالبان کے خلاف دھرنے دیے، مگر وفاقی اور خیبر پختونخوا کی حکومت نے ان جنگجوؤں کے خلاف مزاحمت کرنے والے عوام کی سرپرستی نہیں کی۔ اب کے پی کے عوام ایک طرف طالبان کے حملوں کا شکار ہوتے ہیں تو دوسری طرف حکومتی آپریشنز دیکھتے ہیں۔ یہی وجوہات ہیں کہ کے پی کے عوام اس آپریشن کو کوئی آفت قرار دیتے ہیں۔ پشاور کے جرگہ کا یہ مطالبہ اہم ہے کہ افغانستان کے بارے میں پالیسی کی تیاری میں کے پی حکومت کا مشورہ شامل ہونا چاہیے مگر کے پی کی حکومت کو وضاحت کرنی چاہیے کہ وہ طالبان جنگجوؤں کے بارے میں کیا رائے رکھتے ہیں۔ اگر اب ریاست نے واضح طے کرلیا ہے کہ مذہبی انتہا پسندی کو ختم کرنا ہے تو پھر نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد ہونا چاہیے۔

یادوں کا شہر لندن

اطہر قادر حسن

مانچسٹر کی سرد ہواؤں سے نکل کر لندن کا رخ کیا، وہی لندن جو سیاحوں کا محبوب ترین شہر ہے۔ لندن سے جدائی کو آٹھ برس بیت چکے تھے۔ ہم بھی لندن کے رومانس میں مبتلا رہے۔ اس مرتبہ سفر کا ارادہ پختہ تھا اور خوشی اس بات کی کہ ہم سفر بھی نہایت مہربان اور خوش مزاج تھے، عبداللہ حفیظ خان اور ذوالقرنین مہدی۔ ان دونوں کی خوش گپیوں نے مانچسٹر سے لندن کا فاصلہ پل بھر میں سمیٹ دیا۔ جونہی گاڑی ہوٹل کی پارکنگ میں رکی معلوم ہوا کہ لندن ہمارے سامنے کھڑا ہے۔

صبح سویرے ناشتے کے بعد عبداللہ حفیظ خان کی معیت میں لندن کی زیر زمین مشہور زمانہ ٹرین ٹیوب کا رخ کیا اور پکاڈلی سرکس جا پہنچے۔ پکاڈلی سے ٹہلتے ہوئے ٹرافلگر اسکوائر کی جانب بڑھے۔ یہاں کی چہل پہل، عمارتوں کی شان اور لوگوں کا تنوع دیکھ کر احساس ہوا کہ لندن واقعی دنیا کا ایسا چوراہا ہے جہاں ہر رنگ، ہر زبان اور ہر ثقافت کی گونج سنائی دیتی ہے۔

ٹرافلگر کے بعد دریائے ٹیمز کے کنارے پہنچے تو دریا کا مدھم بہاؤ اور اس کے اردگرد ایستادہ پرشکوہ عمارتیں دیکھ کر دل مسحور ہوگیا۔ برطانوی پارلیمان کی عمارت، بگ بین اور وکٹوریہ دور کے دوسرے حیرت انگیز آثار سبھی تاریخ کا ایک زندہ عجائب گھر محسوس ہوتے ہیں۔ اسی راستے پر چلتے چلتے ہم بکنگھم پیلس جا پہنچے۔ اس محل کے مقیم وہی ہیں جن کے آباؤ اجداد نے تاجِ برطانیہ کی چھتری کے سائے میں صدیوں تک مشرق و مغرب پر حکمرانی کی۔ ہندوستان، آسٹریلیا، کینیڈا دنیا کے وہ علاقے جہاں کبھی نہ کبھی سورج ضرور چمکتا تھا اور اسی لیے کہا جاتا تھا کہ برطانوی سلطنت میں سورج غروب نہیں ہوتا۔ آج بھی اس محل کے مکیں ماضی کی انھی خوشگوار یادوں کے سہارے زندگی گزر رہے ہیں۔

مرکزی لندن میں قدم قدم پر سیاح دکھائی دیتے ہیں۔ کوئی فون تھامے تاریخی عمارتوں کی تصویریں اتار رہا ہوتا ہے تو کوئی آکسفورڈ اسٹریٹ کے مصروف بازاروں میں کھویا ہوتا ہے۔ دنیا کے ہر بڑے برانڈ کا اسٹور یہاں موجود ہے اور اگر جیب اجازت دے تو خریداری کا مزہ دوبالا ہوجاتا ہے۔ آکسفورڈ اسٹریٹ سے ذرا آگے بڑھیں تو مشہور ہیروڈز اسٹور بھی واقع ہے جو امراء کی دنیا ہے۔ البتہ ہم جیسے مڈل کلاسیئے یہاں ایک اچھی کافی پی کر دل خوش کر لیتے ہیں۔ اس کے قریب ہی ہمارا سفارت خانہ ہے جہاں ایک تقریب میں ہائی کمشنر ڈاکٹر فیصل سے ملاقات ہوئی۔ انھیں پی آئی اے کی جانب سے اعزازی شیلڈ پیش کی گئی کیونکہ برطانیہ کے لیے پروازوں کی بحالی میں ان کا کردار لائقِ تحسین ہے۔ وہیں علی اعوان سے بھی ملاقات ہوئی جنھیں لندن میں مقیم ہمارے صحافی دوست ایک نہایت فعال پریس منسٹر کے طور پر یاد کرتے ہیں۔ ان کی خوش اخلاقی اور خوش مزاجی کے متعلق جیسا سن رکھا تھا ویسا ہی پایا۔

لندن ایک عجیب سا شہر ہے۔ یہاں انسان کو اجنبیت محسوس نہیں ہوتی۔ آپ چاہے دس برس بعد آئیں یا دس بار آئیں لندن آپ کا استقبال کھلے بازوؤں سے کرتا ہے۔ اس کے در و دیوار آج بھی ویسے ہی دکھتے ہیں جیسے برسوں پہلے تھے۔ نہ بدانتظامی، نہ بے ہنگم تعمیر، یہ شہر جدید بھی ہے اور پرانے حسن کا امین بھی ہے۔ انھی دنوں لندن میں ورلڈ ٹریول مارکیٹ ایکسپو جاری تھی، دنیا میں سیاحت سے متعلق سب سے بڑا میلہ یہی ہے۔

دنیا بھر کے ممالک نے اپنے اپنے اسٹال سجائے ہوئے تھے۔ رنگ، روشنی، آڈیو ویژول ڈسپلے، روایتی ملبوسات، دستکاری ہر چیز اس بات کی دلیل تھی کہ دنیا اپنی سیاحت پر کس قدر توجہ دے رہی ہے۔ انھی چھوٹے بڑے اسٹالوں کے درمیان پاکستان کا ایک سادہ سا اسٹال بھی موجود تھا جہاں ہمارے سیاحت کے نمایندے پاکستان کے خوبصورت مقامات وادی ہنزہ، سوات، شنگریلا، قراقرم ہائی وے کی تشہیر کرتے دکھائی دیے۔ مگر سچ یہ ہے کہ عالمی میلوں میں پاکستان کی موجودگی اس شان و شوکت کی حامل نہیں، جو ہونی چاہیے تھی۔ پڑوسی ملک کے بڑے اور جدید اسٹال کو دیکھ کر دل میں کسک پیدا ہوئی کہ اگر ہمارے اداروں کی سرپرستی مضبوط ہو تو پاکستان کی سیاحت دنیا کو خیرہ کر سکتی ہے۔

لندن آ کر صحافتی دوستوں سے ملے بغیر واپسی ممکن ہی نہیں۔ غلام حسین، شوکت ڈار اور آصف سلیم مٹھا۔ سبھی نے محبت بھرے انداز میں دعوتیں دیں۔ مٹھا صاحب کا والدِ محترم سے پرانا تعلق تھا جو وہ آج تک نبھا رہے ہیں۔ غلام حسین نے اپنے لندنی ڈیرے پر ایسی پرتکلف محفل سجائی کہ رات ڈھلتے دیر نہ لگی۔

لیکن یہاں دفتر کی غیر حاضری بڑی مشکل سے معاف ہوتی ہے، اس لیے بادل نخواستہ محفل برخاست کرنا پڑی۔ لندن میں ہر شہر، ہر ضلع اور ہر علاقے کا کوئی نہ کوئی پاکستانی ضرور ملتا ہے۔ برسوں بعد اپنے دیرینہ دوست ساجد تارڑ سے ملاقات ہوئی۔ انھوں نے تو ہمیں اسٹیشن سے پک کیا اور واپس اسی اسٹیشن تک چھوڑنے آئے۔ یہی اصل پاکستانی محبت ہے جو پردیس میں مزید گہری ہوجاتی ہے۔ اسی طرح وادی سون کے ہمارے دوست نصیر ملک سے بھی ملاقات ہوئی جنھوں نے علاقہ داری کا حق ادا کرتے ہوئے قدم قدم پر ساتھ رکھا، لندن گھمایا اور ذائقے دار کھانے کھلائے۔

مدعا یہ ہے کہ لندن کی ہوا میں ایک سکون ضرور ہے لیکن یہاں مقیم پاکستانی دل سے اپنے وطن سے جڑے رہتے ہیں۔ سیاسی اور معاشی حالات پر فکر مندی ضرور ہے مگر ناامیدی نہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ حالات ضرور بدلیں گے بس ہمارے اربابِ اختیار کو دل تھوڑا وسیع کرنا ہوگا۔

کیا نظام بدل گیا ہے؟

مزمل سہروردی

27 ویں ترمیم کی منظوری کے بعد یہ بحث چل رہی ہے کہ کیا ملک کا نظام حکومت مضبوط ہوا یا کمزور۔ آئینی ترامیم حکومتیں اپنے اقتدار کو مضبوط اور نظام کو استحکام دینے کے لیے کرتی ہیں۔ آئینی ترامیم کبھی اپوزیشن نہیں کرتی۔ کیونکہ آئینی ترمیم کے لیے دوتہائی اکثریت درکار ہوتی ہے۔ اگر آپ کے پاس سادہ اکثریت ہو تو آپ حکومت بنا لیتے ہیں۔ اس لیے دوتہائی کے ساتھ اپوزیشن میں ہونا ناممکن ہے۔ اس لیے آئین میں ترمیم کرنا اور قانون سازی کرنا بنیادی طور پر حکومت کا ہی استحقاق ہے۔ حکومت چاہے تو اپوزیشن کو شامل کرسکتی ہے۔ اس کی بھی کئی مثالیں ملتی ہیں۔ لیکن زیادہ مواقع پر حکومت نے خود ہی آئین سازی اور قانون سازی کی ہے۔

قانون سازی آسان کام ہے۔ اس کے لیے سادہ اکثریت درکار ہوتی ہے۔ حکومت سادہ اکثریت پر ہی بنتی ہے۔ اگر مخلوط حکومت ہو تو قانون سازی مشکل ہوجاتی ہے۔ کیونکہ آپ کو اتحادیوں کو منانا ہوتا ہے۔ اگر آپ کے پاس خود سادہ اکثریت موجود ہو تو پھر قانون سازی کوئی بڑا مسئلہ نہیں ہوتا۔ آئین میں ترمیم کے کے لیے دوتہائی اکثریت درکار ہوتی ہے۔ دوتہائی اکثریت حاصل کرنا مشکل ہوتا ہے۔ اس لیے اس میں مختلف سیاسی جماعتوں کو ملنا فطری نظر آتا ہے۔ لیکن پھر بھی اپوزیشن اس سے دور ہی رہتی ہے۔

اب موجود ترامیم کو دیکھیں۔ دوستوں کی رائے کہ اس ترمیم سے ملک میں نظام حکومت ہی بدل دیا گیا ہے۔ آئین کی بنیادی شکل ہی بدل دی گئی ہے۔ مجھے ان کی یہ بات سمجھ نہیں آرہی۔ کیا ملک میں آئینی معاملات دیکھنے کے لیے ایک الگ آئینی عدالت کے قیام سے ملک کے آئین کی شکل ہی بدل گئی ہے؟ کیا آئینی عدالت کے قیام سے نظام حکومت کی بنیادی شکل ہی بدل گئی ہے؟ آئینی عدالت میں بھی جج ہی لگائے گئے ہیں۔ آئین کی تشریح کرنا عدلیہ کا کام ہے۔

عدلیہ یہ کام ججز کے ذریعے کرتی ہے۔ اب 27 ویں ترمیم کے بعد ملک کے آئین کی تشریح کا کام عدلیہ ہی کرے گا۔ جج ہی یہ کام کریں گے۔ نہ تو حکومت نے آئین کی تشریح کے راستے بند کیے ہیں۔ نہ ہی یہ کام ججز سے لے کر کسی اور کو دے دیا گیا ہے۔ مسئلہ تو تب ہوتا جب آئین کی تشریح کا کام عدلیہ سے لے کر کسی اور کو دے دیا جائے۔ ایسا نہیں ہوا۔ عدلیہ میں نئی عدالتوں کا قیام کوئی نیا کام نہیں ہے۔

کیا آئینی عدالت کے قیام سے عدلیہ کی آزادی ختم ہوگئی ہے؟ ایسا نہیں ہے۔ یہ کوئی دلیل نہیں، اگر کوئی خاص جج ہی آئینی کیس سنیں گے تو عدلیہ آزاد ہے، اگر وہ کیس نہ سنیں تو عدلیہ آزاد نہیں ہے۔ سب جج برابر ہیں۔ یہ ایک افسوسناک صورتحال ہے کہ جج کا نام سن کر ہمیں ان کی سیاسی سوچ کا اندازہ ہوجاتا ہے۔ یہ افسوسناک صورتحال ہے ۔ معاشرہ میں سیاسی تقسیم ہونا کوئی بری بات نہیں۔ لیکن نظام انصاف میں سیاسی تقسیم کوئی اچھی بات نہیں۔ نظام انصاف کو بہر حال غیر سیاسی اور غیر جانبدار ہونا چاہیے۔ اس لیے آج تنازعہ یہ نظر آرہا ہے کہ اب مخصوص جج آئینی معاملات کیوں نہیں سن سکیں گے۔ کیا آئینی عدالت الگ بننے سے عدلیہ کی آزادی ختم ہوگئی ہے؟ تو اس کے پیچھے کوئی دلیل نہیں ہے۔ عدلیہ میں کام کی تقسیم کی گئی ہے۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ عام آدمی کے مقدمات کی سپریم کورٹ میں باری ہی نہیں آرہی۔ ہزاروں لاکھوں مقدمات زیر التو ہیں۔ ججز آئینی معاملات میں اس قدر مصروف ہوجاتے ہیں کہ عام آدمی کے کیس کی باری ہی نہیں آتی۔ آج کی ترمیم ان مسائل کی وجہ سے بھی کی گئی ہے۔ میں صرف یہ سوال کرنا چاہتا ہوں کہ کیا عدلیہ کا سیاسی ایجنڈا نظر نہیں آرہا تھا؟ کیا عدلیہ کے چند ججز کی خاص سیاسی سوچ پوری عدلیہ پر غالب نظر ہوتی نظر نہیں آرہی تھی؟ معاملات غیر جانبدار نہیں رہے تھے۔

دوسرا مسئلہ ججز کے تبادلے کا ہے۔ کیا جج کا ایک ہائی کورٹ سے دوسرے ہائی کورٹ میں تبادلے سے عدلیہ کی غیر جانبداری ختم ہو جاتی ہے؟ یہ کیا منطق ہے کہ اگر جج صاحب ایک ہائی کورٹ سے دوسرے ہائی کورٹ چلے جائیں گے تو ان کی آزادی ختم ہوجائے گی۔ کیس تو ملک کے عام آدمی کا سننا ہے۔ انصاف تو عام آدمی کو دینا ہے۔ اب عام آدمی کا تعلق کس صوبے سے ہے، یہ کیوں اہم ہے۔ ایک ہائی کورٹ میں ہی جج کے فرائض دینا ہی کیوں عدلیہ کی آزادی سے مشروط ہے۔ تبادلہ ایک روٹین کا عمل ہے۔ فوج کے بڑے افسران کے تبادلے ہوتے ہیں۔

افسر شاہی میں تبادلے ہوتے ہیں۔ تبادلے کو انتقامی کارروائی کب سے سمجھا جانے لگا ہے، خاص جگہ پر فرائض دینے سے آپ آزاد ہیں۔ ورنہ آزاد نہیں ہیں۔ خاص کیس سنیں گے تو آزاد ہیں۔ ورنہ آزاد نہیں ہیں۔ خاص بنچ میں ہونگے تو آزاد ہیں ورنہ آزاد نہیں ہیں۔ یہ منطق کوئی قابل فہم نہیں ہے۔ ایک تبادلے کے اختیار سے نہ تو عدلیہ کی آزادی ختم ہوگئی ہے اور نہ ہی ملک میں عدالتی نظام میں کوئی بڑی تبدیلی آگئی ہے۔ وہی نظام ہے۔ پھر جج کے تبادلے کا نظام اٹھارویں ترمیم سے پہلے آئین میں موجود تھا۔ دوبارہ آگیا ہے۔ اس میں ایسی کوئی بڑی بات نہیں۔ اب ججز کے استعفوں کی بھی بات کر لیں۔ ابھی تک استعفے کم آئے ہیں۔ توقع سے کم آئے ہیں۔ جو آئے ہیں ان کی وجوہات الگ ہیں۔ وہ صرف 27 ویں ترمیم کی وجہ سے نہیں آئے ہیں۔

اس کی دیگر وجوہات بھی ہیں۔ ان ججز کی رائے ہم سب کے سامنے ہی ہے۔ ان کے فیصلے ان کی سوچ کے عکاس رہے ہیں۔ اب ان کے استعفوں کو بھی ان کی اسی سوچ کے تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔ کیا اور استعفیٰ آئیں گے؟ حکومت کہہ رہی ہے کہ نہیں آئیں گے۔

عام رائے ہے کہ آئیں گے۔ لیکن لگتا ہے کہ استعفوں کو روکنے کی کوشش کی گئی ہے۔ حکومت نہیں چاہتی کہ زیادہ استعفیٰ آئیں۔ اس لیے معاملات رک گئے ہیں۔ بات ہو رہی ہے۔ ورنہ استعفے تو اکٹھے ہی آنے چاہیے تھے۔ ایک سوال سب پوچھتے ہیں کہ کتنے استعفے آئیں تو بات بن جائے گی۔ میں کہتا ہوں اگر استعفوں کا عدلیہ کے تناظر میں دیکھنا ہے تو سب کو دینے ہوں گے ورنہ سیاسی تقسیم کے تناظر میں ہی دیکھے جائیں گے۔ ہم خیال ججز کے تناظر میں ہی دیکھے جائیں گے۔ ابھی تک جتنے آئے ہیں، وہ بہت ہی ناکافی ہیں۔ اسی لیے کسی تحریک کا کوئی ماحول نظر نہیں آرہا۔ بات سمجھیں۔ لوگ اتنے بیوقوف نہیں کہ چند استعفوں کے جھانسے میں آجائیں گے۔

27 ویں ترمیم کی منظوری کے بعد یہ بحث چل رہی ہے کہ کیا ملک کا نظام حکومت مضبوط ہوا یا کمزور۔ آئینی ترامیم حکومتیں اپنے اقتدار کو مضبوط اور نظام کو استحکام دینے کے لیے کرتی ہیں۔ آئینی ترامیم کبھی اپوزیشن نہیں کرتی۔ کیونکہ آئینی ترمیم کے لیے دوتہائی اکثریت درکار ہوتی ہے۔ اگر آپ کے پاس سادہ اکثریت ہو تو آپ حکومت بنا لیتے ہیں۔ اس لیے دوتہائی کے ساتھ اپوزیشن میں ہونا ناممکن ہے۔ اس لیے آئین میں ترمیم کرنا اور قانون سازی کرنا بنیادی طور پر حکومت کا ہی استحقاق ہے۔ حکومت چاہے تو اپوزیشن کو شامل کرسکتی ہے۔ اس کی بھی کئی مثالیں ملتی ہیں۔ لیکن زیادہ مواقع پر حکومت نے خود ہی آئین سازی اور قانون سازی کی ہے۔

قانون سازی آسان کام ہے۔ اس کے لیے سادہ اکثریت درکار ہوتی ہے۔ حکومت سادہ اکثریت پر ہی بنتی ہے۔ اگر مخلوط حکومت ہو تو قانون سازی مشکل ہوجاتی ہے۔ کیونکہ آپ کو اتحادیوں کو منانا ہوتا ہے۔ اگر آپ کے پاس خود سادہ اکثریت موجود ہو تو پھر قانون سازی کوئی بڑا مسئلہ نہیں ہوتا۔ آئین میں ترمیم کے کے لیے دوتہائی اکثریت درکار ہوتی ہے۔ دوتہائی اکثریت حاصل کرنا مشکل ہوتا ہے۔ اس لیے اس میں مختلف سیاسی جماعتوں کو ملنا فطری نظر آتا ہے۔ لیکن پھر بھی اپوزیشن اس سے دور ہی رہتی ہے۔

اب موجود ترامیم کو دیکھیں۔ دوستوں کی رائے کہ اس ترمیم سے ملک میں نظام حکومت ہی بدل دیا گیا ہے۔ آئین کی بنیادی شکل ہی بدل دی گئی ہے۔ مجھے ان کی یہ بات سمجھ نہیں آرہی۔ کیا ملک میں آئینی معاملات دیکھنے کے لیے ایک الگ آئینی عدالت کے قیام سے ملک کے آئین کی شکل ہی بدل گئی ہے؟ کیا آئینی عدالت کے قیام سے نظام حکومت کی بنیادی شکل ہی بدل گئی ہے؟ آئینی عدالت میں بھی جج ہی لگائے گئے ہیں۔ آئین کی تشریح کرنا عدلیہ کا کام ہے۔

عدلیہ یہ کام ججز کے ذریعے کرتی ہے۔ اب 27 ویں ترمیم کے بعد ملک کے آئین کی تشریح کا کام عدلیہ ہی کرے گا۔ جج ہی یہ کام کریں گے۔ نہ تو حکومت نے آئین کی تشریح کے راستے بند کیے ہیں۔ نہ ہی یہ کام ججز سے لے کر کسی اور کو دے دیا گیا ہے۔ مسئلہ تو تب ہوتا جب آئین کی تشریح کا کام عدلیہ سے لے کر کسی اور کو دے دیا جائے۔ ایسا نہیں ہوا۔ عدلیہ میں نئی عدالتوں کا قیام کوئی نیا کام نہیں ہے۔

کیا آئینی عدالت کے قیام سے عدلیہ کی آزادی ختم ہوگئی ہے؟ ایسا نہیں ہے۔ یہ کوئی دلیل نہیں، اگر کوئی خاص جج ہی آئینی کیس سنیں گے تو عدلیہ آزاد ہے، اگر وہ کیس نہ سنیں تو عدلیہ آزاد نہیں ہے۔ سب جج برابر ہیں۔ یہ ایک افسوسناک صورتحال ہے کہ جج کا نام سن کر ہمیں ان کی سیاسی سوچ کا اندازہ ہوجاتا ہے۔ یہ افسوسناک صورتحال ہے ۔ معاشرہ میں سیاسی تقسیم ہونا کوئی بری بات نہیں۔ لیکن نظام انصاف میں سیاسی تقسیم کوئی اچھی بات نہیں۔ نظام انصاف کو بہر حال غیر سیاسی اور غیر جانبدار ہونا چاہیے۔ اس لیے آج تنازعہ یہ نظر آرہا ہے کہ اب مخصوص جج آئینی معاملات کیوں نہیں سن سکیں گے۔ کیا آئینی عدالت الگ بننے سے عدلیہ کی آزادی ختم ہوگئی ہے؟ تو اس کے پیچھے کوئی دلیل نہیں ہے۔ عدلیہ میں کام کی تقسیم کی گئی ہے۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ عام آدمی کے مقدمات کی سپریم کورٹ میں باری ہی نہیں آرہی۔ ہزاروں لاکھوں مقدمات زیر التو ہیں۔ ججز آئینی معاملات میں اس قدر مصروف ہوجاتے ہیں کہ عام آدمی کے کیس کی باری ہی نہیں آتی۔ آج کی ترمیم ان مسائل کی وجہ سے بھی کی گئی ہے۔

خیبر پختونخوا کی خبریں

ڈیر بالا میں انسداد خسرہ وروبیلا مہم کے انتظامات مکمل

مہم کیلئے 204 ویکسی نیشن ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، ڈی ایچ او

براول (این این آئی) ضلع دیر بالا میں خسرہ وروبیلا سے بچاؤ کی بارہ روزہ مہم 17 نومبر سے شروع ہوکر 29 نومبر تک جاری رہے گی۔ گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر وای پی آئی کوآرڈینیٹر عبدالناصر خان ہمراہ فرسٹ لیول سپروائزر دیر اربن ابراہیم جان نے بتایا کہ پیر کے روز ضلع دیر بالا میں انسداد خسرہ وروبیلا مہم کا آغاز کیا جائے گا، جس کے لیے تمام انتظامات مکمل کرلیے گئے ہیں اور متعلقہ محکموں کو ذمہ داریاں سونپ دی گئی ہیں۔ ڈی ڈی ایچ او نے بتایا کہ مہم کیلئے 204 ویکسی نیشن ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، جو 6 ماہ سے 5 سال تک کی عمر کے ایک لاکھ چودہ ہزار بچوں کو ویکسین لگائیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ ویکسین مکمل طور پر محفوظ ہیں اور بچوں کے لیے کسی بھی قسم کا خطرہ نہیں رکھتیں۔

ڈیرہ، فوڈ اتھارٹی کی فیلڈ ٹیم کی بازاروں میں کارروائیاں

کارروائی کے دوران متعدد دکانداروں سے لائسنس فیس وصول کی گئی

ڈیرہ اسماعیل خان (صباح نیوز) ڈائریکٹر جنرل خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی واصف سعید کی ہدایت پر ڈپٹی ڈائریکٹر سجاد احمد کی زیر نگرانی فوڈ اتھارٹی کی فیلڈ ٹیم نے ڈیرہ اسماعیل خان کے مختلف بازاروں اور علاقوں میں کارروائیاں کیں۔ کارروائی کے دوران متعدد دکانداروں سے لائسنس فیس وصول کی گئی جبکہ لائسنسوں کی حیثیت اور ڈپلیکیشن سے متعلق مکمل رپورٹ ہیڈکوارٹر بھجوائی گئی۔ ٹیم نے ڈی جی فوڈ اتھارٹی کی ہدایت پر پبلک ہیلتھ اور واسا کے زیر انتظام واٹر فلٹریشن پلانٹس کا بھی معائنہ کیا، جہاں سے پانی کے نمونے حاصل کر کے لیبارٹری بھجوائے گئے تاکہ ان کے معیار، صفائی اور انسانی صحت کے لیے حفاظت کا تجزیہ کیا جاسکے۔ ڈائریکٹر جنرل خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی واصف سعید کی ہدایت پر ڈپٹی ڈائریکٹر سجاد احمد کی زیر نگرانی فوڈ اتھارٹی کی فیلڈ ٹیم نے ڈیرہ اسماعیل خان کے مختلف بازاروں اور علاقوں میں کارروائیاں کیں۔

ٹانک اور مضافاتی علاقوں میں ڈاکو راج بدستور قائم

آئے روز چوری اور رہزنی کے واقعات سے عوام شدید ذہنی کوفت کا شکار

ٹانک (این این آئی) ٹانک اور مضافاتی علاقوں میں ڈاکو راج بدستور قائم، آئے روز چوری اور رہزنی کے واقعات سے عوام شدید ذہنی کوفت کا شکار ہیں جبکہ رہی سہی کسر کھلے عام منشیات کی خرید وفروخت نے پوری کردی ہے کاروباری حضرات ڈاکو کی رحم وکرم پر ہیں جبکہ والدین منشیات فروشوں سے تنگ آکر ملک کے دوسرے علاقوں میں منتقل ہورہے ہیں پولیس چوروں اور منشیات فروشوں کے خاتمے میں مکمل طور پر ناکام ہیں تفصیلات کے مطابق چوری اور رہزنی کے بڑھتے ہوئے واقعات سے عوام شدید خوف وہراس میں مبتلا ہیں گذشتہ روز سر شام ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر کشمیر بیکرز ملازئی سے لاکھوں روپے جبکہ فقیرہ کے قریب گاڑی نہ رکنے پر ڈاکوؤں نے موٹر کار پر اندھا دھند فائرنگ کردی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہوئے تھے۔

انسداد خسرہ مہم کی تیاریاں مکمل کرلی ہیں، ڈاکٹر ولی خان

لوئر دیر (این این آئی) خسرہ اور روبیلا مہم کے فوکل پرسن ڈاکٹر ولی خان نے کہا ہے صوبائی حکومت اور ڈی ایچ او لوئر دیر ڈاکٹر نیاز محمد آفریدی کی خصوصی ہدایات پر 17 نومبر سے شروع ہونیوالی خسرہ اور پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لئے عوام میں شعور اجاگر کرنے کے لئے ضلع بھر میں سوشل موبلائزیشن کرکے 1 4 یونین کونسلوں کے عوام، سکولز، کالجز کے طلبا اور کمیونٹی میں شعور اجاگر کیا اور عوام پر زور دیا کہ وہ اپنے بچوں کو خسرہ، روبیلا اور پولیو کے قطرے پلائے۔

صیہونی افواج نے تاریخی ابراہیمی مسجد کو غیر قانونی آبادکاروں کیلئے کھول دیا

کمشنر ملاکنڈ کی زیر صدارت اجلاس، باجوڑ میں جاری ترقیاتی سکیموں بارے جائزہ

ڈی سی کو جاری ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی خود کرنے، کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہ کرنے کی ہدایت

سوات (این این آئی) کمشنر ملاکنڈ ڈویژن عابد وزیر کی زیر صدارت ضم ضلع باجوڑ میں جاری ترقیاتی سکیموں بارے جائزہ اجلاس کمشنر آفس سیدو شریف میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر باجوڑ، ڈپٹی ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ملاکنڈ ڈویژن، ایگزیکٹیو انجینئرز (سی اینڈ ڈبلیو، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، اریگیشن)، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز (مردانہ وزنانہ) اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں متعلقہ حکام نے محکمہ ہیلتھ، ہائیر ایجوکیشن، ابتدائی وثانوی تعلیم، سڑکوں، لوکل گورنمنٹ، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، مواصلات، اوقاف، سیاحت، قانون و جیل خانہ جات، اریگیشن، خوراک، ایگریکلچر کے جاری سالانہ ترقیاتی پروگرام اور ایکسلیریٹڈ امپلیمنٹیشن پروگرام کے تحت جاری تعمیراتی منصوبوں پر کام کی پیشرفت، حکمت عملی اور درپیش مسائل بارے آگاہی دی۔ کمشنر ملاکنڈ نے متعلقہ حکام کو تکمیل کے مراحل والی سکیموں پر توجہ مرکوز کرنے کی ہدایت کی۔ تاکہ ان سکیموں کو جلد از جلد مکمل کیا جاسکے۔ انہوں نے ڈپٹی ڈائریکٹر مانیٹرنگ اینڈ ایوالویشن ملاکنڈ ڈویژن کو تمام جاری ترقیاتی منصوبوں کی جانچ پڑتال کی ہدایت کی۔ کمشنر ملاکنڈ نے ڈپٹی کمشنر باجوڑ کو جاری ترقیاتی منصوبوں کی خود نگرانی کرنے اور کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہ کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے محکمہ تعلیم اور صحت کے جاری منصوبوں پر خصوصی توجہ مرکوز کرنے کی بھی ہدایت کی۔

پیپلز پارٹی کو ضلعی سطح پر فعال نوجوان صدر درکار ہے، اسحٰق خان

ایسا صدر جو تمام تنظیموں کو یکجا کرے اور باہمی اتفاق و اتحاد کو فروغ دے

بنوں (این این آئی) پیپلز لیبر بیورو بنوں کے رہنما اسحاق خان نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کو ضلعی سطح پر ایک فعال نوجوان صدر درکار ہے جو پارٹی کارکنوں کے لئے عملی کام کرے، تمام تنظیموں کو یکجا کرے اور باہمی اتفاق واتحاد کو فروغ دے انہوں نے اپنے دفتر میں اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی میں گروپ بندی کا خاتمہ ہونا چاہیے ان کا کہنا تھا کہ پارٹی کو مضبوط بنانے کے لیے تمام دھڑوں اور تنظیموں کو یکجا ہوکر کام کرنا ہوگا اسحاق خان نے زور دے کر کہا پارٹی کو ایک ایسے نوجوان ضلعی صدر کی ضرورت ہے جو نہ صرف فعال ہو بلکہ پارٹی ورکرز کے مسائل حل کرنے اور ان کے لیے کچھ عملی کام کرنے کا جذبہ رکھتا ہو انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ دور میں پارٹی کی بحالی اور تنظیم نو کے لئے یکجہتی نہایت اہم ہے ان کے مطابق، باہمی اختلافات اور گروپ بندیوں نے پارٹی کی کارکردگی پر منفی اثرات مرتب کیے ہیں۔

کوہاٹ، خسرہ وروبیلا مہم کے حوالے سے اورینٹیشن سیمینار

صحافیوں کو حکمت عملی اور حفاظتی اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ

کوہاٹ (این این آئی) کوہاٹ میں 12 روزہ خسرہ وروبیلا مہم کی تیاریوں کے حوالے سے میڈیا اورینٹیشن سیمینار کوہاٹ میں 17 نومبر سے شروع ہونے والی 12 روزہ قومی خسرہ و روبیلا مہم کی تیاریوں کے سلسلے میں کوہاٹ پریس کلب میں میڈیا اورینٹیشن سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ ای پی آئی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر محبت بنگش اور ڈاکٹر امجد نے صحافیوں کو مہم کے اہداف، حکمت عملی اور حفاظتی اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈاکٹر محبت بنگش نے بتایا کہ بدقسمتی سے پاکستان میں پولیو کے 30 کیسز کے ساتھ دنیا میں پہلے نمبر پر ہے جبکہ خسرہ اور روبیلا کے 12,724 کیسز کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہیں جو کہ لمحہ فکریہ ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کے ویکسینیشن کورس مکمل کریں تاکہ مستقبل میں ایسی مہمات کی ضرورت نہ پڑے۔

سوات، گڈ گورننس روڈ میپ کے تحت سروس ڈیلیوری پروگرام اجلاس

عوامی سہولیات کی فراہمی، موثر سروس ڈیلیوری ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، سلیم مروت

سوات (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سوات سلیم جان مروت کی زیر صدارت گڈ گورننس روڈ میپ کے تحت ڈسٹرکٹ سروس ڈیلیوری پروگرام سے متعلق ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس اینڈ پلاننگ) سوات سید نعمان علی شاہ، اسسٹنٹ کمشنر بابوزئی ارحم مختار، اسسٹنٹ کمشنرز (یوٹی)، ضلع بھر کے اسسٹنٹ کمشنرز، اور تحصیل میونسپل آفیسرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (زنانہ) حصہ کل، محکمہ صحت، اربن ایریا ڈویلپمنٹ اتھارٹی کالجو ٹاؤن شپ، اپر سوات ڈویلپمنٹ اتھارٹی، ایجوکیشن مانیٹرنگ اتھارٹی، لائیو سٹاک، لوکل گورنمنٹ، ایگریکلچر سروسز، سوشل ویلفیئر، زمونگ کور فاؤنڈیشن سمیت مختلف محکموں کے نمائندگان بھی شریک ہوئے۔

غزہ میں عالمی فورس کی تعیناتی؛ پاکستان سمیت اہم مسلم ممالک کی امریکی قرارداد کی حمایت

سوات، پی ایم ایس امتحانات کیلئے انتظامات کا جائزہ

سوات (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سوات محب اللہ خان یوسفزئی کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں تحصیل بابوزئی کے مختلف امتحانی مراکز میں 20 نومبر سے 04 دسمبر 2025 تک منعقد ہونے والے پراونشل مینجمنٹ سروسز (PMS) امتحانات کے سلسلے میں سرکاری سطح پر کیے جانے والے مجموعی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ پولیس غلام صادق، ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر بابوزئی سید عمران علی شاہ، اسسٹنٹ کمشنر ریونیو سوات ابرار خان، ریسکیو 1122، محکمہ تعلیم اور متعلقہ محکموں کے دیگر افسران نے شرکت کی۔۔

کوہاٹ، انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز منصوبہ جلد مکمل کرنے کی ہدایت

2018 میں شروع ہوا تھا جس کی ابتدائی لاگت ایک ارب 72 کروڑ روپے لگایا گیا تھا

کوہاٹ (این این آئی) کوہاٹ میں پونے 3 ارب روپے کی خطیر لاگت سے تعمیر کئے جانے والا انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز کا میگا پراجیکٹ آٹھ سالوں میں بھی پایہ تکمیل نہ ہوسکا اور اب بھی 10 فیصد کام بقایا ہے۔ گزشتہ روز محکمہ صحت کے سپیشل سیکرٹری خالد پرویز اور سینئر پلاننگ آفیسر شمس نے پیش رفت کا جائزہ لینے اور صحت کی دیکھ بھال کی بہتر فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے کوہاٹ میڈیکل انسٹیٹیوٹ آف سائنسز کا دورہ کیا جہاں انہیں بتایا گیا کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت زیر تکمیل کوہاٹ انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز پر نوے فیصد کام مکمل کیا جاچکا ہے۔ سپیشل سیکرٹری نے محکمہ مواصلات وتعمیرات کے مقامی حکام کو ہدایت کی کہ باقی کام کو رواں مالی سال کے اندر مکمل کر لیا جائے۔ انہوں نے ہفتہ وار پیش رفت کی نگرانی کرنے کے لئے انسٹی ٹیوٹ اور محکمہ مواصلات و تعمیرات حکام کے مابین قریبی رابطہ کو یقینی بنانے کی ہدایات دیں۔ یاد رہے کہ کوہاٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ آف سائنسز کی تعمیر کا میگا پراجیکٹ آٹھ سال قبل 2018 میں شروع ہوا تھا۔

ڈیرہ، فوڈ سیفٹی ٹیم کا مختلف بازاروں کا دورہ

ڈیرہ اسماعیل خان (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر جنرل خیبر پختونخواہ فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی واصف سعید کی ہدایت پر ڈپٹی ڈائریکٹر سجاد احمد کی نگرانی میں فوڈ سیفٹی ٹیم نے مختلف بازاروں کا دورہ کیا۔ ٹیم نے اشیائے خورد ونوش فروخت کرنے والے دکانداروں کی جانچ پڑتال کی اور لائسنس ریکوری سے متعلق کارروائیاں بھی کیں۔ اس دوران گڑھ (براؤن شوگر) تیار کرنے والی گاڑیوں اور یونٹس کا معائنہ کیا گیا جو مجموعی طور پر تسلی بخش قرار پائے۔

ذیابیطس کے عالمی دن کے موقع پر تیمرگرہ ہسپتال میں تقریب کا انعقاد

بروقت تشخیص اور باقاعدہ علاج سے اس بیماری کے تباہ کن اثرات سے بچا جاسکتا ہے

لوئر دیر (این این آئی) تیمرگرہ ٹیچنگ ہسپتال تیمرگرہ میں پاکستان سوسائٹی آف فیزیشن اور پاکستان انڈوکرائن سوسائٹی کے زیر اہتمام اور انکو فارما سوٹیکل فارما کے تعاون سے ذیابیطس کے عالمی دن کے موقع پر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال تیمرگرہ میں ایک بھرپور تقریب اور آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا، جس کا مقصد عوام میں ذیابیطس کی روک تھام، تشخیص اور علاج کے حوالے سے شعور بیدار کرنا تھا، اس تقریب کا انعقاد شوگر سپیشلسٹ اور اسسٹنٹ پروفیسر تیمرگرہ میڈیکل کالج ڈاکٹر رب نواز نے کیا تھا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر رب نواز نے ذیابیطس کے بڑھتے ہوئے خطرات اور صحت مند طرز زندگی کی اہمیت پر زور دیا انہوں نے کہا کہ بروقت تشخیص اور باقاعدہ علاج سے اس بیماری کے تباہ کن اثرات سے بچا جاسکتا ہے۔ دیگر اہم مقررین میں پرنسپل تیمرگرہ میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر ابراراللہ، ایم ایس تیمرگرہ ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر بخت زادہ اخونزادہ، ڈاکٹر بخت سرور، ڈاکٹر قاضی اکرام ای این ٹی سپشلسٹ، ماہر امراض قلب ڈاکٹر الیاس، ای این ٹی سپشلسٹ ڈاکٹر نواب علی، ڈاکٹر نوید، ماہر امراض گردہ ڈاکٹر افتخار اور دیگر شامل تھے۔

پشاور: آر ایم او ایل سجاد حیدر خیبر ٹیچنگ ہسپتال کے اردگرد تجاوزات کا خاتمہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کے احکامات جاری کر رہے ہیں

بھارت میں منشیات فروش کے گھر سے 2 کروڑ برآمد

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ریاست اتر پردیش کے ضلع پرتاب گڑھ میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے راجیش مشرا نامی اسمگلر کو گرفتار کرکے اس کے گھر سے 2 کروڑ روپے نقدی اور بڑی مقدار میں منشیات برآمد کرلی۔ راجیش مشرا نے اپنے گھر کو نقدی سے بھرا ایک غیر قانونی بینک بنا رکھا تھا، پولیس جب چھاپہ مارا اور نوٹ برآمد کیے تو انہیں گننے میں اہلکاروں کے پسینے چھوٹ گئے۔ پولیس نے راجیش مشرا کے ساتھ اس کی بیوی رینا مشرا، بیٹی کومل مشرا، بیٹا ونایک مشرا، اور بھتیجے یش اور اجیت مشرا کو بھی گرفتار کیا ہے۔

☆☆☆☆

جنوبی لبنان میں تازہ اسرائیلی حملہ، ایک شخص ہلاک

بیروت (این این آئی) جنوبی لبنان پر اسرائیلی فضائی حملے میں ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ یہ بات لبنان کی وزارت صحت نے بتائی ہے۔ صیدا کے علاقے بیساریہ میں گاڑی پر فضائی حملہ کیا گیا، ذرائع کے مطابق جنوبی لبنان پر اسرائیلی فضائی حملے میں ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ یہ بات لبنان کی وزارت صحت نے بتائی ہے۔ صیدا کے علاقے بیساریہ میں گاڑی پر فضائی حملہ کیا گیا وزارت صحت، وزارت صحت نے اپنے بیان میں کہا کہ صیدا کے علاقے بیساریہ میں ایک گاڑی پر فضائی حملے کے نتیجے میں ایک شہری مارا گیا۔ امدادی کارکنوں کو جلی ہوئی گاڑی سے لاش کے اعضا جمع کرتے ہوئے دیکھا گیا، جبکہ گاڑی کے ٹکڑے مرکزی سڑک پر بکھرے ہوئے تھے اور وہاں ٹریفک جام ہوگیا تھا۔

☆☆☆☆☆

بھارتی اپوزیشن جماعت کانگریس نے دہلی دھماکے کی تحقیقات پر سوالات اٹھا دیئے

نئی دہلی (این این آئی) کانگریس پارٹی کے ایم ایل اے ایچ ڈی راگناتھ نے دہلی کار دھماکے کی تحقیقات پر مودی حکومت پر سوالات اٹھا دیے۔ ذرائع کے مطابق کانگریس پارٹی کے ایم ایل اے ایچ ڈی راگناتھ نے دہلی کار دھماکے کی تحقیقات پر مودی حکومت پر سوالات اٹھا دیے راگناتھ نے کہا کہ کار میں سی این جی سلنڈر دھماکہ کی جگہ پر وزیر داخلہ کا دورہ غیر متوقع تھا۔ انہوں نے کہا کہ امونیم نائٹریٹ کی باقیات کی تحقیقات غلط طریقے سے کی گئی کیونکہ اس علاقے کو سیل نہیں کیا گیا تھا۔ راگناتھ نے سوال اٹھایا کہ جب دہلی میں سی سی ٹی وی کی وسیع نگرانی ہے تو کئی گھنٹے بعد بھی کار سے متعلق معلومات جاری کیوں نہیں کی گئیں۔ انہوں نے مودی سرکار سے واقعے کی تحقیقات کے حوالے سے اصل حقائق سامنے لانے کا مطالبہ کردیا۔ کار میں سی این جی سلنڈر دھماکے کی جگہ پر وزیر داخلہ امیت شاہ کا دورہ غیر متوقع تھا، راگناتھ

☆☆☆☆☆

برطانیہ میں نامعلوم شخص جعلی ایڈمرل بن کر تقریب میں پہنچ گیا

یادگار پر پھول بھی چڑھائے، مذکورہ شخص کی شناخت تاحال معلوم نہیں ہوسکی، رپورٹ

لندن (این این آئی) برطانیہ میں ایک شخص نے نیوی کے جعلی ایڈمرل کا روپ دھار کر جنگ عظیم میں خدمات انجام دینے والے فوجیوں کی یاد میں منعقدہ تقریب میں شرکت کی اور یادگار پر پھول بھی چڑھائے۔ برطانوی اخبار کے مطابق یہ شخص اتوار کے روز شمالی ویلز کے شہر لینڈ ڈنو میں ایک تقریب میں جنگی یادگار پر سلامی دیتے ہوئے نظر آیا، اس نے ریئر ایڈمرل کی وردی پہن رکھی تھی جس پر 12 تمغے لگے ہوئے تھے۔ اطلاعات کے مطابق اس شخص کی شناخت تاحال معلوم نہیں ہوسکی تاہم وہ ماضی میں بھی مختلف یادگاری تقریبات میں شرکت کرتا رہا ہے۔ رائل نیوی نے اس اقدام کو سابق فوجیوں کی توہین اور ممکنہ طور پر 1894 کے یونیفارم ایکٹ کے تحت جرم قرار دیا ہے۔ یہ ایکٹ ان افراد کو فوجی وردی پہننے سے روکتا ہے۔

ایران میں حجاب نہ پہننے پر سخت سزاؤں کا اطلاق؛ عدالتی سربراہ کا بیان سامنے آگیا

بھارتی میڈیا کی پاکستان مخالف مہم، فالس فلیگ آپریشن کا ایک اور مکروہ کھیل بے نقاب

دہلی دھماکے کے بعد بھارتی چینلز نے ناظرین کو گمراہ کرنے کیلئے بیسیوں جعلی کہانیاں نشر کیں، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی میڈیا کی پاکستان مخالف مہم، فالس فلیگ آپریشن کا ایک اور مکروہ کھیل بے نقاب ہوگیا، بھارتی میڈیا نے جھوٹ کی نئی لہر چلادی۔ اتر پردیش اور حیدر آباد کے مقامی دہشتگردوں کو پاکستان سے جوڑنے کی ناکام کوشش کی جارہی ہے، بھارتی میڈیا نے پاکستان مخالف جھوٹ اور پروپیگنڈے کی نئی لہر چلادی، جھوٹی اور فیک خبریں چلانے والے بھارتی میڈیا کی اخلاقی پستی بھی عیاں ہوگئی۔ ابتدائی تحقیقات میں واضح ہوا کہ گرفتار دہشت گرد بھارت کے اپنے شہری ہیں، بھارتی میڈیا نے صبح سے جھوٹ گھڑنے کے ریکارڈ توڑ دیے۔ بھارتی میڈیا پر کبھی کیمیکل اٹیک کی کہانی، کبھی پاکستانی اسلحے کا ڈھونگ رچایا گیا، لال قلعہ دھماکے کے بعد بھارتی پولیس کا پہلا موقف سلنڈر دھماکے کا تھا۔ دھماکے کے بعد بھارتی میڈیا نے فوراً پاکستان مخالف فالس فلیگ مہم چلا دی، بھارت کی طرف سے چند گھنٹے میں بیانیہ بدل کر پاکستان پر الزامات کی بوچھاڑ شروع کی، بھارتی میڈیا کا کردار ہمیشہ کی طرح مشکوک اور غیر ذمہ دار رہے۔ بھارتی چینلز نے ناظرین کو گمراہ کرنے کیلئے بیسیوں جعلی کہانیاں نشر کیں، بھارتی حکومت اور میڈیا اپنے داخلی بحران سے توجہ ہٹانے کی کوشش کررہے ہیں۔ پاکستان نے ہمیشہ دہشت گردی کی مذمت کی ہے۔

پاکستان اور افغانستان کے درمیان بڑھتی کشیدگی، روس نے ثالثی کی پیشکش کردی

بارانِ رحمت کیلئے سعودی عرب میں نماز استسقا کا اعلان

عوام توبہ واستغفار کریں، صدقہ، نماز، ذکر الٰہی میں کثرت کریں، شاہی دیوان

ریاض (این این آئی) خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی خصوصی ہدایت پر مکہ اور مدینہ سمیت سعودی عرب کے مختلف شہروں میں بارش کیلئے نماز استسقا ادا کی جائے گی۔ شاہی دیوان کی جانب سے نماز استسقا کا اعلان کیا گیا ہے، جس کے مطابق خادم حرمین شریفین کی ہدایت پر جمعرات 22 جمادی الاول کو ملک بھر میں نماز استسقا ادا کی جائے گی۔ سعودی شاہی دیوان کا کہنا تھا کہ عوام توبہ و استغفار کریں، صدقہ، نماز، ذکر الٰہی میں کثرت کریں، لوگوں کیلئے آسانیاں پیدا کریں۔ سعودی رائل کورٹ کے بیان کے مطابق بارش جیسی رحمت کے حصول کے لیے نماز استسقا سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ نماز استسقا کے اصل معنی پانی طلب کرنے کے ہیں، اس لئے پانی کے واسطے کی جانے والی دعا اور نماز دونوں کو استسقا کہتے ہیں، رسول اللہ ﷺ سے جمعہ کے دن خطبہ میں بارش کی دعا پر اکتفا کرنا بھی ثابت ہے اور دو رکعت نمازِ استسقا پڑھنا بھی، اسی لئے امام ابو حنیفہ کے نزدیک دونوں باتوں کی گنجائش ہے، یہ بھی کہ دعا پر اکتفا کیا جائے اور یہ بھی کہ باضابطہ نماز ادا کی جائے۔

☆☆☆☆☆

ٹرمپ کی برطانوی نشریاتی ادارے کو ایک ارب ڈالر ہرجانے کی دھمکی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دستاویزی فلم میں ان کی تقریر کی متنازع ایڈیٹنگ کے معاملے پر بی بی سی کو ایک ارب ڈالر ہرجانے کی دھمکی دیدی۔ ذرائع کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دستاویزی فلم میں ان کی تقریر کی متنازع ایڈیٹنگ کے معاملے پر بی بی سی کو ایک ارب ڈالر ہرجانے کی دھمکی دیدی امریکی صدر ٹرمپ کی قانونی ٹیم نے فرانسیسی خبر ایجنسی کو بتایا کہ صدر ٹرمپ نے ایک ارب ڈالر ہرجانے کی قانونی کارروائی کرنے کا کہا اور بی بی سی کو دستاویزی فلم ہٹانے اور معافی کے لیے جمعے تک کا وقت دیا تھا۔ امریکی صدر کے وکیل نے بی بی سی سے کہا کہ وہ جھوٹے، ہتک آمیز، تحقیر آمیز اور اشتعال انگیز بیانات واپس لے اور معافی مانگے یا ایک ارب ڈالر ہرجانے کے لیے قانونی کارروائی کا سامنا کرے۔ بی بی سی کے چیئرمین نے ٹرمپ کی تقریر کی ایڈیٹنگ پر معذرت کی ہے، اس معاملے پر گزشتہ روز بی بی سی کے ڈائریکٹر جنرل اور سی ای او مستعفی بھی ہوچکے ہیں۔

عراق کا یورپی یونین سے بغداد پر عاید فضائی پابندی ختم کرنے کا مطالبہ

حکومت اصلاحاتی منصوبے پر عمل پیرا، مقصد عوامی مطالبات پورے کرنا ہے، وزیراعظم

بغداد (این این آئی) عراق کے وزیراعظم محمد شیاع السوڈانی نے یورپی یونین کے ممالک سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ عراق پر عائد فضائی پابندی ختم کریں کیونکہ یہ قدم سیاحت اور تجارت کے فروغ کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہے۔ محمد شیاع السوڈانی نے بغداد میں یورپی یونین کے سفیر کلیمنس زیمٹر سے ملاقات کے دوران یورپی کمپنیوں کو راہِ ترقی منصوبے میں شریک ہونے، تعاون کے حجم میں اضافہ کرنے اور اس منصوبے کی حمایت کرنے کی دعوت دی۔ انہوں نے یورپی یونین کا شکریہ ادا کیا کہ اس نے عراق میں انتخابات کی نگرانی میں مدد فراہم کی، جس کے باعث انتخابی عمل شفاف انداز میں مکمل ہوا اور عوامی شرکت کے تناسب میں اضافہ ہوا۔ عراقی وزیراعظم نے کہا کہ ان کی حکومت اصلاحاتی منصوبے پر عمل پیرا ہے جس کا مقصد تعمیر وترقی کے عمل کو جاری رکھنا اور عوامی مطالبات پورے کرنا ہے۔ عراقی حکومت کے جاری کردہ بیان کے مطابق ملاقات میں دونوں فریقوں کے درمیان تعلقات کے فروغ، شراکت داری کے معاہدوں اور تعاون کی یادداشتوں پر عمل درآمد کے امور پر بات چیت ہوئی، خصوصاً سرمایہ کاری، تجارت، توانائی اور ماحولیات کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا تاکہ دونوں جانب کے باہمی مفادات کو تقویت دی جاسکے اور مشترکہ چیلنجز کا موثر انداز میں مقابلہ کیا جاسکے۔

عدالت کا فرانس کے سابق صدر سرکوزی کی رہائی کا حکم

پیرس (این این آئی) فرانس کے سابق صدر نکولس سرکوزی مجرمانہ سازش کے الزام میں پانچ سال کی سزا کے تین ہفتے بعد جیل سے رہا ہونے والے ہیں۔ ذرائع کے مطابق فرانس کے سابق صدر نکولس سرکوزی مجرمانہ سازش کے الزام میں پانچ سال کی سزا کے تین ہفتے بعد جیل سے رہا ہونے والے ہیں پیرس کی ایک عدالت نے فیصلہ سنایا کہ 70 سالہ سرکوزی کو ان کی سزا کے خلاف اپیل تک عدالتی نگرانی میں رکھا جائے گا۔ سابق صدر نکولس سرکوزی کو مجرمانہ سازش کے الزام میں سزا سنائی گئی تھی۔ 5 سال قید میں سے 3 ہفتے مکمل کر لینے کے بعد نکولس سرکوزی کی رہائی کا حکم دیا گیا ہے۔ سابق صدر کے فرانس چھوڑنے پر پابندی رہے گی، نکولس سرکوزی کا گھر پر رہتے ہوئے الیکٹرانک ٹیگ پہننے کا امکان ہے۔ نکولس سرکوزی کو انتخابی مہم کیلئے فنڈنگ سازش کیا الزام میں مجرم قرار دیا گیا تھا۔

سعودی عرب، العلا میں ہزاروں نقوش کو دستاویزی شکل دینے والا تحقیقی منصوبہ

یہ اقدام ثقافتی ورثے کے تحفظ اور شمال مغربی جزیرہ عرب میں تحریری تاریخ کے علمی مطالعے کو سہارا دینے کے لیے کیا گیا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں العلا رائل کمیشن نے ایک جامع تحقیقی منصوبہ شروع کیا ہے جس العلا کے مختلف مقامات پر دریافت ہونے والے 25 ہزار سے زائد نقوش کا تجزیہ اور دستاویزی ریکارڈ تیار کرنا ہے، جولوہے کے دور سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ اقدام ثقافتی ورثے کے تحفظ اور شمال مغربی جزیرہ عرب میں تحریری تاریخ کے علمی مطالعے کو سہارا دینے کے لیے کیا گیا ہے۔ منصوبے کے تحت نقوش کا ڈیجیٹل ڈیٹا بیس تیار کیا جائے گا، جس میں لسانی تجزیہ، 3-D اسکیننگ اور تاریخی و ثقافتی سیاق وسباق سے رابطہ شامل ہوگا تاکہ زبانوں اور تحریری اسالیب کی ترقی اور قدیم معاشروں کے العلا کے ساتھ معاملے کا علم بڑھایا جاسکے۔ العلا میں دریافت شدہ 10 مختلف زبانیں اور تحریری اسلوب اس علاقے کی تاریخی اہمیت کو اجاگر کرتی ہیں جو مختلف تہذیبوں کے ملاپ اور ثقافتی تبادلوں کا مرکز رہا ہے۔ جبل عکمہ ان میں نمایاں ہے جس میں دادانی اور شمالی جزیرہ عرب کی قدیم زبانوں کے نقوش شامل ہیں اور اسے 2023 میں یونیسکو کے میموری آف دی ورلڈ میں شامل کیا گیا۔ جبل اقرع میں حج کے تاریخی راستوں سے منسلک ابتدائی اسلامی عربی نقوش محفوظ ہیں۔

نئی دہلی دھماکا، عینی شاہد نے مودی سرکار کی کہانی جھوٹی ثابت کردی

نئی دہلی (این این آئی) نئی دہلی دھماکے میں مودی سرکار کی ہمیشہ کی طرح حقیقت چھوڑ کر اپنی بنائی کہانی سامنے آگئی۔ دھماکے کے عینی شاہد دھرمندر کے مطابق گاڑی کے اندر چار جلی ہوئی لاشیں ملی ہیں 2 افراد باہر ہلاک اور ایک زخمی ہوا ہے۔ نئی دہلی دھماکے میں استعمال کی گئی گاڑی سفید رنگ کی ماروتی تھی، جس کی نمبر پلیٹ محمد ندیم، ہریانہ کی تھی۔ عینی شاہد دھرمندر کا کہنا تھا کہ گاڑی ماروتی تھی، مگر امیت شاہ اور گودی میڈیا اسے ہنڈائی قرار دے رہے ہیں۔ دھرمندر کا کہنا تھا کہ گاڑی کے مالک کا نام ندیم تھا، RAW ٹرول اسے سلمان بنا رہے ہیں۔

لیبیا کے ساحل کے قریب 2 کشتیوں کو حادثہ، 4 تارکین وطن ہلاک

پاسپورٹ دفتر مردان 9230560

سوئی ناردرن گیس مردان 880019

ریسکیو مردان 9230770,1122

کنٹونمنٹ بورڈ دفتر مردان 9230261

کمشنر مردان ڈویژن 9230572=9230573

ڈپٹی کمشنر مردان 9230048

ڈی ایچ کیو ہسپتال مردان 9230147

مردان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال مردان 9230051

ڈی آئی جی مردان 9230112

ڈی پی او مردان دفتر 9230109

ایس پی آپریشن مردان 9230117

ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر مردان 0937-930616

پال برانچ مردان 9230120

ڈی ایس پی سٹی مردان 9230108

تھانہ صدر 9230130

تھانہ ہوتی 9230244

تھانہ پارہوتی 561245

تھانہ سٹی 9230125

تھانہ شہباز گڑھی 580172

تھانہ شیخ ملتون ٹاؤن 868235

ہیلپ لائن 1199ء

تھانہ رستم 800124

تھانہ جبر 542112

تھانہ طورو 860320

تھانہ چورہ 775981

تھانہ گڑھ کپورہ 846113

تھانہ تخت بھائی 551001

ساڑوشاہ 503001

کنٹرول روم پولیس لائن مردان 9230065

ایف آئی اے تھانہ 9230077

سنٹرل جیل مردان 840625

محکمہ تعلیم مردان

ڈی ای او مردانہ 9230151

ڈی او زنانہ 9230156

کامرس کالج مردان 9230220

جنرل پوسٹ آفس مردان 9230031

ایکسائز دفتر مردان 9230258

فضل حق کالج مردان 9230070=9230084

عبدالولی خان یونیورسٹی مردان 9230618=9230620

واپڈا ایر جنسی مردان 9230155

محکمہ خوراک مردان 9230225

ٹی ایم اے دفتر 9230104

مردان بورڈ 9230250=9230251

گورنمنٹ گرلز کالج مردان 9230218

Sports کھیل کھلاڑی

آسٹریلیا کے خلاف ایشز سیریز، انگلینڈ کا 12 رکنی اسکواڈ کا اعلان

ایشز سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ 21 نومبر سے پرتھ میں کھیلا جائے گا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) انگلینڈ نے آسٹریلیا کے خلاف ایشز سیریز کے لیے 12 رکنی اسکواڈ کا علان کر دیا جس میں فاسٹ بولر مارک ووڈ اور اسپنر شعیب بشیر کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ مارک ووڈ الیون میں شامل ان پانچ کھلاڑیوں میں سے ایک ہوں گے جن کے پاس آسٹریلیا میں ٹیسٹ کھیلنے کا پہلے سے تجربہ موجود ہے، دیگر میں بین اسٹوکز، جو روٹ، زیک کرالی اور اولی پوپ شامل ہیں۔ پینتیس سالہ ووڈ 2021-22 کے دورۂ آسٹریلیا میں بھی نمایاں تیز گیند باز تھے، جہاں انہوں نے 26.64 کی اوسط سے 17 وکٹیں حاصل کی تھیں۔ مارک ووڈ ہیمسٹرنگ انجری کا شکار تھے جواب صحتیاب ہو چکے ہیں۔ آسٹریلیا کے خلاف ممکنہ ٹیسٹ سیریز کے لیے انگلش اسپنر شعیب بشیر کی صلاحیتوں کو نہایت موزوں قرار دیا جا رہا ہے۔ ٹیم مینجمنٹ کے مطابق بشیر کا بلند ریلیز پوائنٹ اور اوور اسپن پیدا کرنے کی مہارت آسٹریلوی پچوں پر مؤثر ثابت ہوسکتی ہے۔ اس حوالے سے کپتان بین اسٹوکس اور ہیڈ کوچ برینڈن میک کولم نے بھی شعیب بشیر کی تکنیکی خوبیوں کی تعریف کی ہے۔ واضح رہے کہ 2024 کے آغاز میں بھارت کے دورے کے لیے اسکواڈ کی تشکیل کے وقت بھی دونوں نے بشیر کی صلاحیتوں کو خصوصی طور پر سراہا تھا۔ ایشز سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ 21 نومبر سے پرتھ میں کھیلا جائے گا، جو پاکستانی وقت کے مطابق صبح 7 بج کر 20 منٹ پر شروع ہوگا۔ 12 رکنی اسکواڈ بین اسٹوکس (کپتان)، جوفرا آرچر، اٹکنسن، شعیب بشیر، ہیری بروک، برائیڈن کارس، زیک کرولی، بین ڈکٹ، اولی پوپ، جو روٹ، جیمی اسمتھ، مارک ووڈ

شکریہ رونالڈو! میرا بیٹا اب میری زیادہ عزت کرے گا، صدر ٹرمپ

فٹبال اسٹار کا 2014 کے بعد امریکا کا پہلا دورہ، وائٹ ہاؤس میں ہونیوالے عشائیے میں شرکت کی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) عالمی شہرت یافتہ فٹبال اسٹار کرسٹیانو رونالڈو نے منگل کو وائٹ ہاؤس کا دورہ کیا جہاں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کے اعزاز میں عشائیے کی میزبانی کی۔ عشائیے میں رونالڈو امریکی صدر اور سعودی ولی عہد کے قریب بیٹھے جہاں ایپل کے سی ای او ٹم کک اور ٹیسلا کے بانی ایلون مسک بھی موجود تھے۔ صدر ٹرمپ نے تقریب میں شرکت پر کرسٹیانو رونالڈو کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کا سب سے چھوٹا بیٹا 19 سالہ بیرون رونالڈو کا بہت بڑا فین ہے اور وہ آج آپ سے ملاقات کرکے بہت خوش ہوا ٹرمپ نے مزید کہا رونالڈو کی بیرون سے ملاقات ہوگئی اور میرا خیال ہے اب وہ مجھے تھوڑی زیادہ عزت دے گا کیونکہ میں نے اس کو فٹبال اسٹار سے ملوایا ہے۔ واضح رہے کہ یہ رونالڈو کا 2014 کے بعد امریکہ کا پہلا دورہ تھا، فٹبالر اسٹار مستقل طور پر سعودی عرب میں ہی قیام پذیر ہیں۔ رونالڈو سعودی کلب النصر کے لیے کھیلتے ہیں اور 2022 میں انہوں نے 200 ملین ڈالر سالانہ تنخواہ پر معاہدہ سائن کیا تھا، سعودی عرب 2034 میں ورلڈ کپ کی میزبانی کرے گا۔ رونالڈو اگلے سال عالمی کپ کے چھٹے ایڈیشن میں حصہ لیں گے لیکن پہلے میچ میں ممکنہ طور پر فیفا کی پابندی کا سامنا کر سکتے ہیں۔ پرتگال نے حال ہی میں 2026 کے ورلڈکپ کے لیے کوالیفائی کیا تھا جس میں امریکہ، کینیڈا اور میکسیکو شریک میزبان ہیں۔

پروہاکی لیگ؛ طاہر زمان قومی ٹیم کے ہیڈ کوچ کی ذمہ داریاں نبھانے پر رضامند

طاہر زمان نے دو کھلاڑیوں کے ڈسپلنری معاملات پر ایکشن نہ لینے پر بنگلا دیش جانے سے انکار کر دیا تھا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) طاہر زمان پرو ہاکی لیگ میں قومی ٹیم کے ہیڈ کوچ کی ذمہ داریاں نبھانے پر رضامند ہوگئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق صدر طارق بگٹی نے ملاقات میں طاہر زمان کے گلے شکوے دور کیے، طاہر زمان نے دو کھلاڑیوں کے ڈسپلنری معاملات پر ایکشن نہ لینے پر بنگلا دیش جانے سے انکار کردیا تھا۔ طاہر زمان اور صدر طارق بگٹی کے درمیان لاہور میں ہونے والی ملاقات میں پرو ہاکی لیگ کی تیاریوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دوسری جانب ٹیم مینجمنٹ، پی ایچ ایف حکام اور ٹیم ارکان کے ارجنٹائن ویزے کے لیے پراسس شروع ہوگیا ہے، آج پاکستان اسپورٹس بورڈ حکام کے ساتھ پروہاکی لیگ کے کیمپ پر بات چیت ہوگی، پروہاکی لیگ کے لیے کیمپ دو سے تین روز میں پلان کیا جارہا ہے۔ پاکستانی ٹیم پروہاکی لیگ کا آغاز ارجنٹائن میں ہالینڈ اور ارجنٹائن کے ساتھ میچز سے کرے گی، یہ میچز 10 سے 15 دسمبر کے درمیان کھیلے جائیں گے۔

انڈر 19 مینز کرکٹ ورلڈ کپ کے میچز کا شیڈول جاری

ایونٹ کی میزبانی زمبابوے اور نمیبیا 15 جنوری سے 6 فروری تک کریں گے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) آئی سی سی انڈر 19 مینز کرکٹ ورلڈ کپ 2026 کے میچز کا شیڈول جاری کر دیا گیا۔ ایونٹ کی میزبانی زمبابوے اور نمیبیا 15 جنوری سے 6 فروری تک کریں گے، 16 ٹیمیں 41 میچوں میں حصہ لیں گی۔ ایونٹ کا افتتاحی میچ بھارت اور امریکا کے درمیان کھیلا جائے گا۔ گروپ اے میں بھارت، بنگلا دیش، امریکا اور نیوزی لینڈ جبکہ گروپ بی میں زمبابوے، پاکستان، انگلینڈ اور اسکاٹ لینڈ کی ٹیمیں شامل ہیں۔ گروپ سی میں آسٹریلیا، آئرلینڈ، جاپان اور سری لنکا جبکہ گروپ ڈی میں تنزانیہ، ویسٹ انڈیز، افغانستان اور جنوبی افریقہ شامل ہیں۔ ایونٹ میں پاکستان اور بھارت کی ٹیموں کو الگ الگ گروپس میں رکھا گیا ہے۔

ویمنز ٹی ٹوئنٹی بلائنڈ ورلڈ کپ؛ پاکستان، آسٹریلیا کو شکست دے کر سیمی فائنل میں پہنچ گیا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) ویمنز ٹی ٹوئنٹی بلائنڈ ورلڈ کپ میں پاکستان ویمنز نے آسٹریلیا ویمنز کو شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنالی۔ پاکستان بلائنڈ ویمنز نے آسٹریلیا بلائنڈ ویمنز کے خلاف 130 رنز سے فتح پائی، 299 رنز کے تعاقب میں آسٹریلیا ویمنز پانچ وکٹوں پر 179 رنز بنا سکیں۔ پاکستان بلائنڈ ویمنز کرکٹ ٹیم نے آسٹریلیا بلائنڈ ویمنز ٹیم کو جیت کے لیے 299 رنز کا ہدف دیا تھا، پاکستان کی جانب سے مہرین علی نے 70 گیندوں پر 133 رنز اور بشریٰ اشرف نے 59 رنز بنائے۔ پاکستان کی دونوں کھلاڑی رن آؤٹ ہوئی تھیں۔

یونس خان نے آواز کے جادو سے سب کو حیران کر دیا، ویڈیو وائرل

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان یونس خان کی گانا گاتے ہوئے ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ سابق فاسٹ بولر عمر گل نے یونس خان کی گائیکی کی ویڈیو شیئر کی جس میں انہیں بالی وڈ کا گانا میرے دوست قصہ یہ کیا ہوگیا، سنا ہے کہ تو بے وفا ہوگیا گاتے دیکھا جاسکتا ہے۔ عمر گل نے ویڈیو کے کیپشن میں لکھا کہ ”جب ایک لیجنڈ اپنی چھپی ہوئی صلاحیت دکھائے تو فوراً ریکارڈ بٹن دبانا بنتا ہے! یونس خان ہمیشہ حیران کر دیتے ہیں“۔ گانے کے دوران یونس خان سے بول میں معمولی غلطی ہوئی جس پر وہ خود بھی مسکرا پڑے جبکہ وہاں موجود افراد بھی ہنسی روک نہ سکے۔ ذرائع کے مطابق سابق کرکٹرز ان دنوں ہیوسٹن میں ایک لیگ کے سلسلے میں موجود ہیں اور ٹیم ڈنر کے دوران یونس خان نے گانا گا کر محفل لوٹ لی۔ سوشل میڈیا پر وائرل اس ویڈیو میں مداحوں کی جانب سے یونس خان کی آواز اور گائیکی کی بھرپور تعریف کی جارہی ہے۔

نیوزی لینڈ کو ون ڈے فارمیٹ میں 46 سال بعد بڑا اعزاز حاصل

لاہور (سپورٹس ڈیسک) آئی سی سی کی تازہ ترین ون ڈے رینکنگ جاری کر دی گئی جس میں نیوزی لینڈ کو 46 سال بعد بڑا اعزاز حاصل ہوگیا۔ کیوی بلے باز ڈیریل مچل نے بھارتی اوپنر روہت شرما کو پچھاڑ کر آئی سی سی ون ڈے رینکنگ میں دنیا کے نمبر ون بیٹر کا اعزاز حاصل کرلیا ہے۔ یہ محض دوسری بار ہے کہ کسی نیوزی لینڈ کے بیٹر نے رینکنگ میں پہلی پوزیشن سنبھالی ہے۔ اس سے قبل 1979 میں گلین ٹرنر یہ مقام حاصل کرنے والے واحد کیوی بیٹر تھے۔ کئی عظیم کھلاڑی جیسے مارٹن کرو، کین ولیمسن اور روس ٹیلر ون ڈے بیٹنگ رینکنگ کے ٹاپ فائیو میں شامل رہ چکے ہیں لیکن کبھی نمبر ایک پوزیشن پر نہیں آسکے تھے۔ مچل نے یہ کامیابی اتوار کو ویسٹ انڈیز کے خلاف اپنی ساتویں ون ڈے سنچری بنانے کے بعد حاصل کی۔ تاہم اس دوران وہ زخمی ہوگئے۔

ون ڈے رینکنگ میں بابر اعظم کو بہترین کارکردگی کا انعام مل گیا

بولرز میں ابرار احمد اور حارث رؤف کی درجہ بندی میں بھی بہتری آگئی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) آئی سی سی نے ون ڈے کی عالمی رینکنگ جاری کر دی جس میں پاکستان کے تجربہ کار بلے باز بابر اعظم کو اپنی شاندار کارکردگی کا انعام مل گیا۔ آئی سی سی کی جانب سے جاری تازہ ترین رینکنگ کے مطابق پاکستان کے بیٹر بابر اعظم جبکہ بولرز میں ابرار احمد اور حارث رؤف کی درجہ بندی میں بھی بہتر آگئی۔ ون ڈے کپتان شاہین شاہ آفریدی کو تنزلی کا سامنا کرنا پڑا۔ ون ڈے میں ڈیرل مچل نے بیٹنگ میں روہیت شرما سے پہلی پوزیشن چھین لی جبکہ افغانستان کے ابراہیم زدران ایک درجہ تنزلی کے بعد نمبر 3 پر پہنچ گئے۔ بابر اعظم ایک درجہ ترقی کے بعد چھٹی پوزیشن پر آگئے۔ بولرز میں افغانستان کے راشد خان پہلے، انگلینڈ کے آرچر دوسرے اور جنوبی افریقا کے مہاراج تیسرے نمبر پر موجود ہیں۔ پاکستان کے ابرار احمد 11 درجہ ترقی کے بعد ٹاپ 10 میں شامل ہو کر نویں نمبر پر آگئے۔ حارث روف 5 درجہ ترقی پا کر 23 ویں پوزیشن پر پہنچ گئے جبکہ شاہین شاہ آفریدی پانچ درجہ تنزلی سے 21 ویں نمبر پر چلے گئے۔ آل راونڈرز میں افغانستان کے عظمت اللہ عمرزئی پہلے، زمبابوے کے سکندر رضا دوسرے اور افغانستان کے محمد نبی تیسرے نمبر پر ہیں۔ آل راونڈرز ٹاپ 10 میں کوئی پاکستانی شامل نہیں ٹی ٹوئنٹی میں بھارت کے ابھیشیک شرما پہلے نمبر پر موجود ہیں جبکہ ٹاپ ٹین میں کوئی پاکستانی کھلاڑی شامل نہیں بیٹنگ میں صاحبزادہ فرحان ایک درجہ تنزلی کے بعد بارہویں نمبر پر چلے گئے جبکہ بولنگ میں ابرار احمد آٹھویں نمبر پر موجود ہیں۔

شکریہ رونالڈو! میرا بیٹا اب میری زیادہ عزت کرے گا، صدر ٹرمپ

فٹبال اسٹار کا 2014 کے بعد امریکا کا پہلا دورہ، وائٹ ہاؤس میں ہونیوالے عشائیے میں شرکت کی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) عالمی شہرت یافتہ فٹبال اسٹار کرسٹیانو رونالڈو نے منگل کو وائٹ ہاؤس کا دورہ کیا جہاں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کے اعزاز میں عشائیے کی میزبانی کی۔ عشائیے میں رونالڈو امریکی صدر اور سعودی ولی عہد کے قریب بیٹھے جہاں ایپل کے سی ای او ٹم کک اور ٹیسلا کے بانی ایلون مسک بھی موجود تھے۔ صدر ٹرمپ نے تقریب میں شرکت پر کرسٹیانو رونالڈو کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کا سب سے چھوٹا بیٹا 19 سالہ بیرون رونالڈو کا بہت بڑا فین ہے اور وہ آج آپ سے ملاقات کرکے بہت خوش ہوا ٹرمپ نے مزید کہا رونالڈو کی بیرون سے ملاقات ہوگئی اور میرا خیال ہے اب وہ مجھے تھوڑی زیادہ عزت دے گا کیونکہ میں نے اس کو فٹبال اسٹار سے ملوایا ہے۔ واضح رہے کہ یہ رونالڈو کا 2014 کے بعد امریکہ کا پہلا دورہ تھا، فٹبالر اسٹار مستقل طور پر سعودی عرب میں ہی قیام پذیر ہیں۔ رونالڈو سعودی کلب النصر کے لیے کھیلتے ہیں اور 2022 میں انہوں نے 200 ملین ڈالر سالانہ تنخواہ پر معاہدہ سائن کیا تھا، سعودی عرب 2034 میں ورلڈ کپ کی میزبانی کرے گا۔

Showbiz رونق میلہ

بالی ووڈ میں اسکرپٹس کی کمی! سنجے دت چوہدری اسلم، اکشے کھنہ رحمان ڈکیت کے روپ میں فلم کا حصہ

بھارتی شائقین نے بھی فلم کو افسانوی اور شرمناک قرار دے دیا، سوشل میڈیا پر رنویر سنگھ اور فلم میکرز کا مذاق بن گیا

لاہور (شوبز رپورٹر) رنویر سنگھ کی نئی فلم "دھرندھر" کا ٹریلر ریلیز ہوتے ہی نہ صرف پاکستان بلکہ خود بھارت میں بھی تنقید کی زد میں آگیا۔ بھارتی فلم سازوں نے اس بار حد سے زیادہ تخیلاتی اور حقیقت سے دور کہانی پیش کرتے ہوئے کراچی کے علاقے لیاری کو متنازع بنانے کی کوشش کی ہے، فلم میں چوہدری اسلم اور رحمان ڈکیت جیسے حقیقی کرداروں کو دکھایا گیا ہے۔ عدتیہ دھر کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم میں رنویر سنگھ ایک بھارتی جاسوس کا کردار ادا کررہے ہیں جسے لیاری میں تعینات دکھایا گیا ہے۔

رنویر سنگھ کی لیاری میں انٹری، پاکستان مخالف فلم میں بے نظیر بھٹو کی تصاویر بھی شامل

لاہور (شوبز رپورٹر) بالی ووڈ کی ایک اور پاکستان مخالف پروپیگنڈا فلم 'دھرندر' کا ٹریلر جاری کر دیا گیا ہے جو سوشل میڈیا پر بھارتی شائقین کی جانب سے تنقید کا نشانہ بن گیا ہے۔ فلم کے ٹریلر میں پاکستان کے سب سے بڑے شہر کراچی کے علاقے لیاری کو جنگ کے میدان کے طور پر دکھایا گیا ہے جبکہ فلم میں مرکزی کردار ادا کرنے والے بالی ووڈ اسٹار رنویر سنگھ کو لیاری میں داخل ہوتے دیکھا جاسکتا ہے۔ ٹریلر میں رنویر سنگھ کو بھارت کی جانب سے بھیجا گیا 'را ایجنٹ' دکھایا گیا ہے اور ارجن رام پال پاکستانی خفیہ ادارے کے میجر کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ یہی نہیں بلکہ فلم کے ٹریلر میں پی پی پی کا جلسہ اور پاکستان کی سابق پہلی خاتون وزیر اعظم بینظیر بھٹو کی تصاویر اور پیپلز پارٹی کے جھنڈے بھی نظر آ رہے ہیں۔

نورا فتیحی سمیت متعدد بالی ووڈ ستاروں کی داؤد ابراہیم کی پارٹیز میں شرکت کا انکشاف

بھارتی پولیس کی تحقیقات کے دوران کئی اداکاروں کے نام سامنے آ گئے

لاہور (شوبز رپورٹر) نورا فتیحی، شردھا کپور سمیت متعدد بالی ووڈ شخصیات پر انڈرورلڈ ڈان داؤد ابراہیم کی مبینہ ڈرگ پارٹیوں میں شرکت کا الزام لگ گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ممبئی پولیس کے اینٹی نارکوٹکس سیل نے داؤد ابراہیم سے منسلک ایک مبینہ بین الاقوامی ڈرگ نیٹ ورک کی تحقیقات کے دوران کئی بالی ووڈ اداکاروں کے نام سامنے آنے کا دعویٰ کیا ہے۔ بھارتی خبر رساں ایجنسی پی ٹی آئی کے مطابق یہ نیٹ ورک سلیم ڈولا نامی شخص چلا رہا تھا جبکہ اس کے بیٹے طاہر ڈولا کے بیانات نے معاملے کو مزید وسعت دے دی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ سلیم ڈولا ملک اور بیرونِ ملک ایسی پارٹیاں منعقد کرتا تھا جن میں داؤد ابراہیم کی بھانجی علیشاہ پارکر کے علاوہ فیشن اور فلم انڈسٹری سے تعلق رکھنے والی شخصیات بھی شریک ہوتی تھیں۔ طاہر ڈولا کو بیرون ملک سے گرفتار کرکے اگست میں بھارت واپس لایا گیا تھا جہاں اس نے مبینہ طور پر بتایا کہ ان پارٹیوں میں اداکار، ماڈلز، ریپرز اور فلم ساز بھی موجود ہوتے تھے۔ تحقیقات میں شردھا کپور، نورا فتحی اور سدھارتھ کپور سمیت متعدد ناموں کا ذکر سامنے آیا ہے۔ نورا فتحی نے اس حوالے سے انسٹاگرام پر اپنے بیان میں کہا کہ وہ پارٹیوں میں شرکت نہیں کرتیں اور مسلسل کام اور سفر میں رہتی ہیں۔

دھرندر فلم میں پاکستانی پرچم، رنویر سنگھ مشکل میں پڑ گئے

'دھرندر' میں پاکستانی پرچم لہرانے کی ویڈیو سامنے آتے ہی بھارتی صارفین نے اداکار کے بائیکاٹ کا مطالبہ کردیا

لاہور (شوبز رپورٹر) بالی وڈ اسٹار رنویر سنگھ ایک بار پھر سوشل میڈیا کے طوفان کی زد میں آگئے ہیں۔ اپنی نئی فلم 'دھرندر' میں پاکستانی پرچم لہرانے کی ویڈیو سامنے آتے ہی بھارتی صارفین نے اداکار پر شدید تنقید اور بائیکاٹ کا مطالبہ کردیا۔ رپورٹس کے مطابق فلم کی شوٹنگ بھارتی ریاست پنجاب کے شہر لدھیانہ کے ایک گاؤں میں کی گئی تھی، جہاں سے ایک مختصر ویڈیو اور چند تصاویر وائرل ہوئیں۔ اس فوٹیج میں رنویر سنگھ کو لمبے بالوں، سرمہ لگی آنکھوں اور ایک منفرد گیٹ اپ میں دیکھا جاسکتا ہے، جبکہ اُن کے پیچھے ایک دیوار پر پاکستانی پرچم واضح طور پر لہراتا نظر آتا ہے۔ جیسے ہی ویڈیو وائرل ہوئی، بھارتی صارفین نے سوشل میڈیا پر فلم کی ٹیم تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے سوال اٹھایا کہ آخر بھارت کی سرزمین پر ''دشمن ملک'' کا پرچم لگانے کی اجازت کیسے دی گئی؟ کچھ لوگوں نے اسے انتظامیہ کی غفلت قرار دیا تو کچھ نے حکومت پر سوالات اٹھائے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ناقدین نے رنویر کے خلاف وہی جذبات ظاہر کیے جو چند ماہ قبل پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر کے ساتھ دلجیت دوسانجھ کے کام کرنے پر سامنے آئے تھے۔ صارفین کا کہنا تھا کہ اگر دلجیت کا بائیکاٹ ہوسکتا ہے تو رنویر سنگھ کو کیسے رعایت دی جاسکتی ہے؟ ابھی تک رنویر سنگھ اور فلم دھرندر کے پروڈیوسرز نے مکمل خاموشی اختیار کر رکھی ہے، مگر تیزی سے بڑھتا ردِعمل اُن کے لیے پریشان کن ضرور بن گیا ہے۔

اولڈ ایج ہوم کا دورہ کرنے کے بعد تین دن شدید ڈپریشن میں رہی، پروین اکبر

سمجھ نہیں آتا کون سی اولاد اپنے والدین کو اس حال میں تنہا چھوڑ دیتی ہے، اداکارہ

لاہور (شوبز رپورٹر) سینئر اداکارہ پروین اکبر نے اولڈ ایج ہوم کے اپنے حالیہ دورے کو انتہائی دردناک قرار دیتے ہوئے بتایا کہ وہاں دیکھے گئے مناظر نے انہیں تین دن تک شدید ڈپریشن میں مبتلا رکھا۔ نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں گفتگو کرتے ہوئے پروین اکبر نے کہا کہ کراچی کے ایک اولڈ ایج ہوم میں ماؤں کی بے بسی اور اولاد کی بے رخی دیکھ کر دل ٹوٹ گیا۔ پروین اکبر کے مطابق وہاں کئی خواتین اپنی اولاد کی ایک جھلک کو ترس رہی تھیں۔ ایک پڑھی لکھی خاتون نے بتایا کہ اس کے چار بچے ہیں مگر سب نے مل کر اسے اولڈ ایج ہوم میں چھوڑ دیا کیونکہ وہ شاید ان کے لیے بوجھ بن چکی تھی۔

بھارتی اداکارہ نے بیٹے کا مذہبی نام رکھ دیا

لاہور (شوبز رپورٹر) بالی ووڈ اداکارہ و گلوکارہ پرنیتی چوپڑا نے ایک ماہ بعد اپنے بیٹے کا نام مداحوں کو بتادیا۔ تفصیلات کے مطابق پرنیتی چوپڑا اور راگھو چڈھا نے اپنے بیٹے کی پیدائش کے ایک ماہ بعد مداحوں کو لڑکے کا نام بتا کر اُن کی کنفیوژن کو ختم کردیا۔ انسٹاگرام پر شیئر کی گئی پوسٹ میں بالی ووڈ اداکارہ نے بتایا کہ ہم نے بیٹے کیلیے 'نیر Neer' نام منتخب کیا، جس کا مطلب خالص اللہ کی مقرر کردہ حد ہے۔ یہ ایک مذہبی نام ہے۔ پرنیتی نے اپنے بیٹے کیلیے جس نام کا انتخاب کیا وہ گجراتی زبان کا لفظ میں ہے۔ اداکارہ نے یہ بھی بتایا کہ بیٹے کیلیے چار ناموں پر غور کیا گیا اور پھر سوچ بچار کے بعد اُس کے نام کا انتخاب کیا ہے۔ عشق زادے اداکارہ نے اکتوبر 2025 میں انسٹاگرام پر ایک پوسٹ کے ذریعے اپنے گھر پر ننھے مہمان کی آمد کی خوش خبری سنائی تھی۔

بھارت کے نامور گلوکار 36 سال کی عمر میں چل بسے

لاہور (شوبز رپورٹر) بھارتی شوبز انڈسٹری کے ایک ابھرتے ہوئے گلوکار صرف 36 سال کی عمر میں اپنے مداحوں کو ہمیشہ کے لیے افسردہ چھوڑ گئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق گلوکار ہیومنے ساگر ابھی کامیابیوں کے سیڑھیوں پر شہرت کے عروج کی جانب تیزی سے گامزن تھے کہ وقت اجل آگیا۔ میوزک اسٹار ہیومنے ساگر کا جگر ناکارہ ہوچکا تھا جس سے ان کے دیگر اعضا کو بھی شدید نقصان پہنچ رہا تھا اور وہ تیزی سے کمزوری اور نقاہت کا شکار تھے۔ ان کے اہل خانہ نے بتایا کہ گلوکار کو 3 دن قبل طبیعت بگڑنے پر اسپتال کے انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں داخل کرایا گیا تھا۔

ٹام کروز کا 45 سالہ انتظار ختم، بالآخر پہلا آسکر مل گیا

لاہور (شوبز رپورٹر) ہالی ووڈ کے مقبول ترین ایکشن ہیرو ٹام کروز کو بالآخراُن کے طویل اور شاندار کیریئر کے اعتراف میں پہلا اعزازی آسکر ایوارڈ دے دیا گیا۔ یہ وہ اعزاز ہے جس کا انتظار انہوں نے تقریباً ساڑھے چار دہائیوں تک کیا۔ اتوار کی شام لاس اینجلس میں ہونے والی سالانہ گورنرز ایوارڈز کی پروقار تقریب میں اکیڈمی آف موشن پکچر آرٹس اینڈ سائنسز نے ٹام کروز کو یہ ٹرافی پیش کی، اور حاضرین نے انہیں ایک منٹ تک کھڑے ہوکر داد دی۔ 63 سالہ اداکار کو اپنے پورے کیریئر میں بہترین اداکاری کے لیے چار بار نامزدگیاں ملیں لیکن وہ کبھی آسکر جیت نہ سکے۔ اس بار بھی انہیں کسی فلمی کردار پر ایوارڈ نہیں ملا، بلکہ ان کی مجموعی خدمات، اثر انگیزی اور سینما میں غیر معمولی شراکت کے احترام میں یہ اعزاز دیا گیا۔ ٹرافی وصول کرتے ہوئے ٹام کروز نے مسکراتے ہوئے کہا ''فلمیں بنانا صرف میرا کام نہیں، یہ میرا وجود ہے۔'' انہوں نے اپنے فلمی سفر کے دوران ساتھ رہنے والے تمام ہدایتکاروں، فنکاروں اور ساتھی ٹیم کا شکریہ بھی ادا کیا۔

آریانا گرانڈے سے بدسلوکی کرنے والے شخص کو سزا مل گئی

26 سالہ جانسن وین خود کو اسٹیج انویڈر کہتا ہے اور پہلے بھی ایسی حرکات کرتا رہا ہے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) سنگاپور میں ''وِکڈ: فار گڈ'' فلم پریمیئر کے دوران امریکی پاپ اسٹار آریانا گرانڈے سے بدسلوکی کرنے والے شخص کو 9 دن قید کی سزا سنادی گئی۔ اس واقعے نے سوشل میڈیا پر خاصی ہلچل مچائی تھی۔ اسٹیج پر آ کر حملہ کرنے والے شخص نے اعتراف جرم کرلیا تھا۔ مقامی اخبار اسٹریٹس ٹائمز کے مطابق 26 سالہ جانسن وین کو عدالت نے عوامی خلل پیدا کرنے کے جرم میں سزا سنائی۔ وین خود کو 'اسٹیج انویڈر'، یعنی مشہور شخصیات کے قریب جانے کے لیے اسٹیج یا رکاوٹیں توڑ کر گھس آنے والا فرد کہتے ہیں۔ وہ اس سے پہلے بھی کئی بار لائیو ایونٹس کی سیکیورٹی توڑ چکے ہیں، جن میں کیٹی پیری، دی ویکینڈ کے کنسرٹس اور ویمنز ورلڈ کپ 2023 کا فائنل شامل ہے۔ جج کرسٹوفر گوہ نے کہا کہ وین ماضی میں ایسے واقعات کے باوجود کسی قانونی کارروائی سے بچتا رہا ہے۔

خود کی نہ ہوسکی تو دوسروں کی شادیوں سے نہ حسد کریں؛ روبی انعم کا مشی خان کو جواب

مشی خان نے حال ہی میں شادی کے بندھن میں بندھنے والی ڈاکٹر عیبہا علی خان کی شادی کے بارے میں کچھ سخت باتیں کی تھیں

لاہور (شوبز رپورٹر) شوبز انڈسٹری کی چکاچوند جتنی مسرور کن ہے اتنی ہی تلخ اور تکلیف دہ بھی ہے، کسی بھی اور شعبے کی طرح بھی یہاں عداوتیں، تلخیاں اور مخالفت کا زور زورا رہتا ہے۔ ایک نیا پنڈورا باکس سینئر اسٹیج آرٹسٹ اور کامیڈین روبی انعم نے اپنے ایک انٹرویو میں کھول دیا جس میں انھوں نے اداکارہ مشی خان کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ مشی خان نے حال ہی میں شادی کے بندھن میں بندھنے والی ڈاکٹر عیبہا علی خان کی شادی کے بارے میں کچھ سخت باتیں کی تھیں جوشاید روبی انعم کو پسند نہ آئیں۔ روبی انعم نے مشی خان کے لگائے گئے الزامات کو غلط قرار دیتے ہوئے کہا کہ عیبہا کا نکاح ہوا اور شادی کی رسومات چل رہی تھیں کہ صبح 6 بجے محترمہ نے ویڈیو ڈال دی۔ روبی انعم نے کہا کہ مشی خان نے بہت جلد بازی سے کام لیا، عیبہا کی جیولری اصلی ہے یا نقلی یہ بحث فضول ہے۔ انھوں نے مشی خان کو مشورہ دیا کہ کسی کے خاص دن کو یوں خراب نہ کریں، اگر خود کی شادی کسی بھی وجہ سے نہیں ہوسکی تو دوسروں کی خوشی سے حسد نہ روبی انعم نے کہا کہ نے یہ بھی کہا کہ مشی خان ایک معزز گھرانے سے تعلق رکھتی ہیں اور ایئر ہوسٹس سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا تھا۔

مشہور زمانہ کارٹون 'دی سمپسنز' کے مصنف چل بسے، وجہ موت سامنے آگئی

ڈینیئل انتھونی مک گراتھ کو سمپسنز کام پر ایمی ایوارڈ سے بھی نوازا گیا

لاہور (شوبز رپورٹر) معروف اور پیش بینی کے واقعات سے شہرت پانے والی اینی میٹڈ سیریز 'دی سمپسنز' کے مصنف ڈینیئل انتھونی مک گراتھ چل بسے۔ ڈین مک گراتھ کی عرفیت سے پہچانے جانے والے اسٹیج ڈائریکٹر ڈینیئل کے بارے میں علم ہوا ہے کہ ان کی موت فالج کے باعث ہوئی۔ ڈین مک گراتھ امریکی شوبز اور مزاحیہ تحریروں کی دنیا میں اپنی الگ پہچان رکھتے تھے۔ انہوں نے جاپانی اور چینی تاریخ وسیاست کی تعلیم بھی حاصل کی تاہم جاپانی زبان کے تمام کورسز میں ناکامی کے باوجود وہ ہارورڈ لیمپون میں بطور رائٹر، ایڈیٹر اور کارٹونسٹ کام کرتے رہے۔ ڈین ہارورڈ یونیورسٹی کے ایک ہونہار طالب علم تھے اور دوران تعلیم MIT میں کمپیوٹر گیمز بھی ڈیزائن کرتے رہے۔ مک گراتھ نے ٹی وی کی دنیا میں اپنا آغاز سٹرڈے نائٹ لائیو کے ذریعے کی۔ اس کے بعد یہ سفر رکا نہیں اور ڈینیئل کے قلم نے کئی مشہور تخلیقات جنم دیں۔

بقیہ 1

لوتو بدتمیزی کا خیال آتا ہے، پنجاب میں ڈیڑھ سال میں جو ترقی ہوئی اس کی مثال نہیں ملتی، صوبے کے ہر شہر میں جدید ہسپتال بنائیں گے، الیکٹرک بس میں طلبہ کو مفت سفر کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے، میٹرو ہو یا الیکٹرک بسیں، مسلم لیگ (ن) کا عوام کیلئے تحفہ ہے، الیکٹرک بسیں ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے میں معاون ثابت ہوں گی۔ الیکٹرک بسوں کے افتتاح کے بعد تقریب سے خطاب میں مریم نواز نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کا خیال آتے ہی ذہن میں موٹر ویز اور ترقیاتی منصوبے آتے ہیں، مخالفین بھی ن لیگ کے کاموں کا اعتراف کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ الیکٹرک بسوں کو چھوٹے شہروں سے لانچ کیا ہے، میرے ذہن میں کوئی تفریق نہیں، پنجاب میں بسنے والا ہر شہری ان کے لیے برابر ہے۔ راولپنڈی میں ستھرا پنجاب کے ورکرز ہر علاقے کو صاف کر رہے ہیں۔ مریم نواز نے کہا کہ مری میں جتنے کام ہوئے شریف برادران نے کیے، (ن) لیگ آتی ہے تو ملک ترقی کرنے لگتا ہے، ن لیگ کو جب ہٹایا جاتا ہے تو ملک تنزلی کی طرف جانے لگتا ہے، کوئی شہر ایسا نہیں جہاں سڑکوں کا جال نہ بچھا ہو۔ انہوں نے کہا کہ سڑکوں کا جال ہے تو یہ بسیں چل رہی ہیں، الیکٹرک بسیں ماحول آلودہ نہیں کریں گی اور کرایہ صرف 20 روپے ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ خواتین اور خصوصی افراد کیلئے الیکٹرک بس میں سفر فری ہے، الیکٹرک بسوں کو چھوٹے شہروں سے لانچ کیا ہے، تھل ایکسپریس وے بنانے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا پہلا سرکاری کینسر ہسپتال تکمیل کے آخری مراحل میں ہے، ایک وقت تھا جب کینسر کے مریضوں کیلیے مفت دوا بند کر دی گئی تھی، اب کینسر، ہیپاٹائٹس اور شوگر کے مریضوں کو گھر پر 2،2 ماہ کی دوا مل رہی ہے۔ مریم نواز نے کہا کہ پوٹھوہار ریجن سمیت پنجاب بھر میں پینے کا صاف پانی گھر گھر پہنچائیں گے، پنجاب میں کئی سال میں پہلی بار اسموگ کی صورتحال میں بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب کی ڈیڑھ لاکھ کی ٹیم پورا پنجاب صاف کر رہی ہے، گاؤں میں بھی شہروں جیسی سہولتیں فراہم کریں گے، پنجاب پاکستان کی فوڈ باسکٹ ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ پنجاب میں چار ماہ میں جرائم میں 70 فیصد کمی ہوئی ہے، اب لوگ ہتھیار اٹھاتے ہوئے ڈرتے ہیں، خواتین کی ہراسانی کی روک تھام کیلئے نیا نظام لا رہے ہیں۔

بقیہ 2

نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ سے مستعفی ہونے والے ججز آگے آکر ہماری تحریک کو لیڈ کریں، پوری قوم ان کے ساتھ ہوگی۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا کہ سپریم کورٹ کے جن ججز نے قربانی دے کر استعفیٰ دیا ہے وہ پاکستانی قوم کے ہیروز ہیں، ہم امید رکھتے ہیں کہ وہ آگے آکر تحریک کو لیڈ کریں پوری قوم ان کے ساتھ ہوگی، ہم ججز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے مراعات چھوڑ کر انصاف کا ساتھ دیا ہے۔ اسد قیصر نے کہا کہ پاکستان، افغانستان اور ایران کو سوچنا ہوگا کہ یہ خطہ پھر سے جنگ کی آماجگاہ بنے یا امن ہو، پاکستان اور افغانستان اپنے تمام تنازعات کو مذاکرات کے ذریعے حل کریں اور دونوں ممالک کو اپنے لوگوں کا بھی خیال رکھنا چاہیے کہ جنگیں کسی مسئلے کا حل نہیں ہے مذاکرات اور ڈپلومیسی کو موقع دینا چاہیے۔ پی ٹی آئی رہنما نے اڈیالہ جیل کے سامنے پی ٹی آئی کے بہنوں پر تشدد کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اس سے حکومت کا جو فاشسٹ شکل اور رویہ ہے وہ پوری دنیا پر عیاں ہوگئی ہے، 21 نومبر کو ظلم، لاقانونیت اور غیر آئینی قانونی سازی کے خلاف ہم یوم سیاہ منائیں گے، بہت جلد اس حکومت کے خلاف ہم قومی کانفرنس بھی بلا رہے ہیں جس میں تمام سیاسی پارٹیوں کے علاوہ وکلا تنظیموں اور میڈیا کو بھی بلائیں گے، ہم سمجھتے ہیں کہ وہ تمام سیاسی قوتیں جو جمہوریت پر یقین رکھتے ہیں ان سب کو اس حکومت کے خلاف نکلنا ہوگا۔ اسد قیصر نے کہا کہ 27 ویں اور 26 ویں ترامیم عوام کے مفاد میں نہیں ہے یہ آئین سے متصادم ہے، حکمران صرف اپنی ذاتی مفاد کیلئے اس قسم کے ترامیم لا رہے ہیں۔ اسد قیصر نے کہا کہ جس پیپلز پارٹی نے ملک کو 1973 آئین کا تحفہ دیا تھا، اسی نے اس کا خاتمہ کیا اور جس نے ووٹ کو عزت دو کا نعرہ لگایا تھا آج اس نے ووٹ کو سب سے زیادہ بے توقیر کر دیا، 1973 کی آئین کو اپنی اصلی شکل میں بحال کرے۔ یاد رہے کہ گزشتہ دنوں سپریم کورٹ کے جج جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس اطہر من اللہ نے استعفیٰ دیا تھا۔

بقیہ 3

میں اہم کردار ہے۔ قانون کی بالادستی اور جمہوریت کے فروغ میں وکلا برادری ہمیشہ آگے آگے رہی۔ اسلام آباد بار سمیت دیگر ایسی جگہوں پر بھی سکیورٹی اقدامات کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ عدالتوں نے پیپلز پارٹی کو بھی بہت رگڑا دیا۔ صدر آصف علی زرداری نے کئی سال جیل کاٹی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع کچہری اسلام آباد میں اپنے دورے کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ ضلع کچہری میں ہونے والا خودکش دھماکہ بہت افسوس ناک تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایسی جگہیں ہیں جہاں روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں کی تعداد میں سائلین آتے ہیں، تھوڑا سا بھی سکیورٹی لیپس بہت بڑا نقصان ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی جگہوں پر سکیورٹی انتظامات کو مزید مضبوط اور بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ دہشتگرد بار کے اندر داخل ہونے میں کامیاب نہیں ہوا، ورنہ بہت زیادہ نقصان کا خدشہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس دھماکے میں پھر بھی کئی قیمتی انسانی جانیں چلی گئیں جس کے لئے ہم وکلاء برادری اور ان شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے شہداء کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی بھی کی۔ ایک سوال کے جواب میں گورنر پنجاب نے کہا کہ 1973 کے آئین کی رو کے مطابق جو بھی آئینی ترامیم ہوں گی، پیپلز پارٹی ان کی حمایت کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ 25 ترامیم تجویز کی گئیں تھیں جس پر پیپلز پارٹی تین ترامیم پر متفق ہوئی جبکہ باقی بائیس پر ہمار حکومت کے ساتھ اتفاق رائے نہیں ہوسکا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو چاہتے ہیں کہ کوئی بھی ترامیم ہو تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ اس پر باقاعدہ بحث ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی جمہوری پارٹی ہے اور ہمیشہ سے جمہوریت کے ساتھ کھڑی ہے۔ ایک اور سوال کے جواب میں گورنر پنجاب نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عدالتوں کا احترام کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالتوں نے پیپلز پارٹی کو بہت رگڑا دیا ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری نے کئی سال جیل کاٹی اور دن رات مشکلات کا سامنا کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر نعیم گجر سمیت وکلا کی بڑی تعداد موجود تھی۔

بقیہ 4

سٹریٹجک ڈائیلاگ کے 7 ویں اجلاس کی مشترکہ صدارت کریں۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے بدھ کو جاری بیان کے مطابق سٹریٹجک ڈائیلاگ فریقین کے درمیان ادارہ جاتی تعامل کی اعلیٰ ترین سطح ہے۔ یہ پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان پاکستان۔ای یو سٹریٹجک انگیجمنٹ پلان 2019 کے تحت تمام شعبوں میں تعاون کا جائزہ لے گا۔ نائب وزیراعظم دورے کے دوران چوتھے یورپی یونین انڈو پیسفک وزارتی فورم میں بھی شرکت کریں گے۔ فورم کے موقع پر یورپی یونین کے سینئر عہدیداروں کے ساتھ متعدد دوطرفہ ملاقاتیں بھی ہوں گی۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار کا دورہ برسلز پاکستان اور یورپی یونین کے تعلقات میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ بیان کے مطابق پاکستان یورپی یونین کے ساتھ ایک جامع اور باہمی فائدہ مند شراکت داری کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 5

انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری اور دیگر سوگوار خاندان سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مرحوم سید مجاہد حسین بخاری کی مغفرت اور اہلِ خانہ کے لئے صبرِ جمیل کی دعا بھی کی۔

بقیہ 6

ہے۔ بدھ کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ ہر بچے کو بغیر کسی امتیاز کے بنیادی حقوق اور استحصال سے تحفظ فراہم کیا جانا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کے حقوق کا تحفظ صرف قانونی ذمہ داری نہیں بلکہ ایک اہم اخلاقی فریضہ بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال عالمی موضوع ''میرا دن ، میرے حقوق'' بچوں کو اپنی زندگیوں سے متعلق فیصلوں میں شریک ہونے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ یہ موضوع اقوام متحدہ کے کنونشن کے تحت ہونے والی پیشرفت اور ایک مضبوط سماجی تحفظ کے نظام کی ضرورت کو بھی واضح کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بین الاقوامی معاہدوں کا تصدیق کنندہ ہے جو پالیسی سازی میں بچوں کی آواز شامل کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں اور ریاست ان اصولوں کی تکمیل کے لئے پُرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا آئین بچوں کے حقوق کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے اور یہ عزم قومی کمیشن برائے حقوق طفل ایکٹ 2017، آئی سی ٹی چائلڈ پروٹیکشن ایکٹ 2018، جوینائل جسٹس سسٹم ایکٹ 2018، ڈومیسٹک ورکرز ایکٹ 2022 اور آئی سی ٹی چائلڈ میرج ریسٹرینٹ ایکٹ 2025 جیسے قوانین کے ذریعے مزید مضبوط ہوا ہے جس کے مطابق 18 سال سے کم عمر بچوں کی شادی قابل سزا جرم ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ حکومت نے بچوں کے استحصال کی روک تھام اور ان کی فلاح و بہبود کے لئے مختلف ادارے اور سروس ڈیلیوری یونٹس قائم کئے ہیں جن میں چائلڈ پروٹیکشن کے ادارے بھی شامل ہیں تاہم انہوں نے زور دیا کہ بچوں کا تحفظ ریاست، معاشرے اور خاندان کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے تمام حکومتی اداروں، سول سوسائٹی، انسانی حقوق کی تنظیموں، میڈیا، اقوام متحدہ کے اداروں، کمیونٹیز، والدین، اساتذہ، مذہبی رہنماؤں اور بچوں پر زور دیا کہ وہ مل کر ملک کے ہر بچے کے لئے محفوظ، صحت مند اور پرورش پذیر ماحول کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 7

کے وزراء، ماہرین اور زیتون کے صنعت سے وابستہ رہنما شریک ہوئے۔ اپنے خطاب میں وفاقی وزیر نے ہسپانوی وزیر برائے زرعی امور، ماہی پروری اور خوراک لوئیس پلانس، ایگزیکٹو ڈائریکٹر انٹرنیشنل اولیو کونسل جائمے لیلو اور سپین کے زیتون کے شعبے کا پرتپاک میزبانی پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے لیلو اور جہانگیر، صدر آئی اوسی کونسل و نمائندہ ترکیہ کے ان حوصلہ افزاء کلمات کا بھی ذکر کیا جو انہوں نے 11 نومبر 2025ء کے ورچوئل اجلاس میں پاکستان کے زیتون کے شعبے کے بارے میں ادا کیے۔ وفاقی وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت پاکستان ملک بھر میں ایک پائیدار اور مسابقتی زیتون ویلیو چین کے قیام کے لیے پوری طرح پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس قومی پروگرام کے دو بنیادی مقاصد ہیں، خوردنی تیل کی درآمدات پر انحصار کم کرنا اور زیتون کی کاشت، پروسیسنگ اور ویلیو ایڈیشن کے ذریعے دیہی کمیونٹیز کے لیے باوقار روزگار کے مواقع پیدا کرنا۔ پاکستان قدرتی طور پر لاکھوں جنگلی زیتون کے درختوں اور تقریباً دس لاکھ ایکڑ ایسی بنجر یا کم پیداواری زمین سے مالا مال ہے جو زیتون کی کاشت کے لیے نہایت موزوں ہے۔ گزشتہ ایک دہائی میں 50 ہزار ایکڑ رقبے پر زیتون کی کاشت کامیابی سے مکمل کی جا چکی ہے جو زرعی تنوع کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے۔ رانا تنویر حسین نے بتایا کہ نیشنل اولیو پروگرام صرف زرعی منصوبہ نہیں بلکہ ایک ہمہ جہتی ترقیاتی اقدام ہے جس کے دور رس اثرات ہیں۔ یہ پروگرام موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کم کرنے، زمین کے کٹاؤ اور صحرا زدگی روکنے، زرعی تنوع بڑھانے اور دیہی معیشت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اس وژن کے تحت حکومت نے متعدد سہولیات قائم کی ہیں جن میں 51 زیتون آئل ایکسٹریکشن یونٹس، 6 فروٹ پروسیسنگ فیکٹریاں، 5 ویڈر اسٹیشن، 14 نرسریاں اور 4 اولیو آئل کوالٹی لیبارٹریاں شامل ہیں، جن میں ایک جدید سینسری ایویلیوایشن لیب بھی شامل ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہزاروں خواتین اور نوجوانوں کو زیتون کی ویلیو چین کے مختلف مراحل میں تربیت دی گئی ہے جبکہ 90 سے زائد سٹارٹ اپس زیتون پر مبنی کاروبار کے ذریعے مقامی معیشت میں مثبت کردار ادا کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے اس بات پر مسرت کا اظہار کیا کہ پاکستان کی سٹارٹ اپ برانڈ ''LO لورالائی اولیو'' نے نیویارک اولیو آئل کوالٹی مقابلے میں سلور ایوارڈ جیت کر عالمی سطح پر پاکستانی زیتون کے معیار اور ممکنات کو نمایاں کیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ حکومت نے اولیو ویلیو چین پالیسی 2030 بھی تشکیل دی ہے، جو زیتون کے شعبے کی پائیدار ترقی، موثر نظم و نسق اور جدت کیلئے واضح رہنما اصول فراہم کرتی ہے اور بین الاقوامی بہترین طریقوں سے ہم آہنگ ہے۔ وفاقی وزیر نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ پاکستان 2015ء کے انٹرنیشنل ایگریمنٹ آن اولیو آئل اینڈ ٹیبل اولیوز کا مکمل رکن بننے کا خواہاں ہے اس سلسلے میں نمایاں پیش رفت کی جا چکی ہے اور پاکستان جلد انٹرنیشنل اولیو کونسل کا فعال اور موثر رکن بننے کی امید رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی او سی کی تکنیکی معاونت، ٹیکنالوجی کے تبادلے اور افرادی قوت کی تربیت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے پاکستان اپنے زیتون کے شعبے کی ترقی کو مزید تیز کر سکے گا۔ رانا تنویر حسین نے انٹرنیشنل اولیو کونسل کے مشترکہ وژن عالمی زیتون کے شعبے میں اعلیٰ معیار، پائیداری اور بین الاقوامی تعاون کے لیے پاکستان کے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تمام رکن ممالک کے ساتھ تعلقات مزید مضبوط بنانے اور عالمی زیتون صنعت کے ایک بہتر، مستحکم اور پائیدار مستقبل کے لیے اپنا پورا کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 8

گئیں۔ جسٹس صداقت علی خان کی سربراہی میں 3 رکنی فل بینچ 5 دسمبر کو سماعت کرے گا، فل بینچ میں جسٹس جواد حسن اور جسٹس سلطان تنویر شامل ہیں۔ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے 3 رکنی فل بینچ تشکیل دیا، درخواست میں وزیراعظم اور سپیکر قومی اسمبلی کو بذریعہ سیکرٹریز فریق بنایا گیا ہے، ترمیم کے ذریعے سپریم کورٹ کا اصل اختیار ختم کر کے وفاقی آئینی عدالت بنا دی گئی ہے۔ درخواست گزار کا کہنا تھا کہ سپریم کورٹ کی حیثیت کمزور ہونے اور عدلیہ کی آزادی متاثر ہونے کا اندیشہ ہے، ترامیم اسلامی دفعات، عدالتی خودمختاری اور بنیادی حقوق کے خلاف ہیں، صوبوں کی مشاورت کے بغیر ترمیم سے آئینی ڈھانچہ متاثر ہوا ہے۔ دوسری جانب درخواست گزار نے استدعا کی کہ وکلا، سول سوسائٹی، صحافیوں اور دیگر طبقات سے کوئی رائے نہیں لی گئی، عدالت ستائیسویں آئینی ترمیم کو کالعدم قرار دے اور حتمی فیصلہ تک ترمیم پر عملدرآمد روکے۔

بقیہ 9

بارشیں زیادہ ہوں گی۔ بہت سے کام وفاق اور صوبوں نے کرنے ہیں، دریاؤں میں آنے والے پانی کیلئے سفارشات بنائی گئی ہیں، ارلی وارننگ کے تحت ہم 6 سے 8 ماہ پہلے صوبوں کو وارننگ دیتے ہیں، ہفتوں کی بات کریں گے تو صوبے بہتر اقدامات کر سکیں گے۔

بقیہ 10

بدھ کو یہاں منعقد ہوا۔ وزیراعظم نے اجلاس میں ہدایت کی کہ آئندہ برس مون سون کے نقصانات سے بچنے کیلئے ابھی سے تیاری کی جائے، وزارت موسمیاتی تبدیلی، وزارت منصوبہ بندی اور این ڈی ایم اے صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے مربوط منصوبہ سازی کریں۔ انہوں نے پانی کے بہتر انتظام کے حوالے سے قومی سطح پر منصوبہ سازی کیلئے نیشنل واٹر کونسل کا اجلاس منعقد کرنے کی تیاری کی بھی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے حکم دیا کہ پیش کردہ قلیل مدتی منصوبے پر فوری عملدرآمد شروع کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ترقی پذیر ملک ہے، ہر تیسرے سال موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات پر جی ڈی پی کا خاطر خواہ حصہ خرچ کرنا پڑتا ہے اور قیمتی و محدود وسائل ترقی کی بجائے موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات سے بچاؤ کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان جس کا موسمیاتی تبدیلی میں کردار نہ ہونے کے برابر ہے، موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات کی لپیٹ میں ہے۔ اجلاس میں وفاقی وزرا احسن اقبال، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، ڈاکٹر مصدق ملک، عطا اللہ تارڑ اور متعلقہ اعلی حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو آئندہ برس مون سون کے حوالے سے اشاریوں کے عالمی تخمینوں پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو وزارت موسمیاتی تبدیلی کی جانب سے قلیل، وسط اور طویل مدتی منصوبوں پر بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے قلیل مدتی منصوبے کی منظوری دیتے ہوئے فوری عملدرآمد شروع کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 11

بحران قومی سطح کا چیلنج ہے، نئے ڈیموں کی تعمیر اور پورے صوبے میں مؤثر اور جدید نہری نظام وقت کی ضرورت ہے، ماضی میں اس حوالے سے سنجیدہ اقدامات نہیں کیے گئے، پانی ایک امانت ہے، ہر قطرہ بچانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، پانی کے ذخائر کو محفوظ بنا کر جنوبی اضلاع کی ہزاروں ایکڑ بنجر زمین کو قابل کاشت بنا سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز پشاور میں ''پاکستان میں آبی وسائل پر موسمیاتی تبدیلی کے اثرات'' کے موضوع پر منعقدہ دو روزہ ورکشاپ سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ورکشاپ نیشنل سینٹر آف ایکسی لینس ان جیالوجی پشاور اور سینٹر آف ایکسی لینس اِن واٹر ریسورسز انجینئرنگ کے اشتراک سے منعقد ہوئی۔ کانفرنس میں پرو وائس چانسلر یونیورسٹی آف پشاور پروفیسر ڈاکٹر نعیم قاضی، ڈائریکٹر NCEG پروفیسر ڈاکٹر لیاقت علی، ڈائریکٹر نیوٹک محمد یاسر، جی آئی ایس اسپیشلسٹ شازیہ گلزار، ڈی جی واٹر اینڈ ریسورس ریگولیٹری اتھارٹی انجینئر روح الحسن، ماہرین موسمیاتی تبدیلی و آبی تحفظ اور دیگر شریک تھے۔ پروفیسر ڈاکٹر لیاقت علی نے ورکشاپ کے شرکاء کا خیر مقدم کیا اور سنٹر کی مختلف شعبوں میں خدمات پر روشنی ڈالی۔ ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے گورنر نے کہا کہ پانی کا بحران ماحولیاتی مسئلہ نہیں بلکہ قومی سلامتی، معیشت، توانائی اور صوبائی ہم آہنگی سے جڑا ہوا چیلنج ہے۔ اگر اسے دانش مندی سے نہ نمٹایا گیا تو مستقبل میں معاشی اور انتظامی مسائل زیادہ سنگین ہو سکتے ہیں۔ گورنر نے امید اور عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اجتماعی کوششوں سے پاکستان کو پانی کے حوالے سے محفوظ اور ماحولیاتی طور پر مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ غیر یقینی موسموں کی وجہ سے کسان شدید مشکلات کا شکار ہیں، شہری علاقوں میں پانی کی قلت بڑھ رہی ہے جب کہ قدرتی ماحولیاتی نظام زوال پذیر ہے۔ گورنر نے اس بات پر بھی تشویش کا اظہار کیا کہ زیرِ زمین پانی تیزی سے کم ہو رہا ہے، جب کہ ساحلی علاقوں میں سمندر کے بلند ہوتے پانی کی وجہ سے میٹھا پانی نمکین ہو رہا ہے، جس سے صاف پانی کی دستیابی مزید چیلنج بن گئی ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ ہمالیہ، قراقرم اور ہندوکش کے گلیشیئرز تشویشناک رفتار سے پگھل رہے ہیں جس کے باعث قلیل مدت میں سیلاب اور گلیشیئر جھیلوں کے پھٹنے کا خطرہ بڑھ گیا ہے، جب کہ طویل مدت میں خشک سالی اور خوراک کے بحران جیسے مسائل سر اٹھا سکتے ہیں۔ گورنر نے ورکشاپ کے انعقاد کو بروقت اور قابلِ تعریف قرار دیتے ہوئے یقین دلایا کہ وہ ورکشاپ میں دی گئی تجاویز اور سفارشات کو وفاقی حکومت تک پہنچائیں گے۔ ورکشاپ کے اختتام پر گورنر نے شرکاء اور منتظمین میں شیلڈز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کئے۔

بقیہ 12

ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ 2 روزہ دورے پر بشکیک کرغزستان پہنچ گئی ہیں۔ بدھ کو وزارت آئی ٹی و ٹیلی کام سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر کاریک ممالک کے ساتھ پاکستانی کمپنیوں کے بزنس ٹو بزنس ایم او یوز کی دستخطی تقریب میں شرکت کریں گی۔ اس کے علاوہ شزہ فاطمہ خواجہ ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر سے اہم ملاقات کریں گی۔ وفاقی وزیر اے ڈی بی کے ساتھ ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی، سرمایہ کاری اور علاقائی تعاون کے نئے مواقع پر تبادلہ خیال کریں گی۔ وفاقی وزیر آئی ٹی و ٹیلی کام بشکیک میں کاریک (CAREC) وزارتی اجلاس کے افتتاحی سیشن میں شرکت کریں گی۔ شزہ فاطمہ ''سافٹ انفرا اسٹرکچر اور ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی'' کے اہم سیشن میں پاکستان کا مؤقف پیش کریں گی۔ وفاقی وزیر اپنے خطاب میں علاقائی ڈیجیٹل تعاون، اسمارٹ کنیکٹیویٹی اور ڈیجیٹل انٹیگریشن کی اہمیت اجاگر کریں گی۔

بقیہ 13

پیشی کیلئے سپرنٹنڈنٹ جیل اڈیالہ کو ویڈیو لنک تیاری کا حکم دیدیا۔ جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ کے روبرو ہوئی تاہم بدھ کو بھی کیس کا ٹرائل نہیں ہو سکا جس کے بعد ملزمان شیخ رشید، سیمابیہ طاہر اور دیگر حاضری لگا کر واپس روانہ ہوئے۔ سماعت میں ویڈیو لنک آن نہیں ہوسکا۔ تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ مقدمے کے گواہ کرکٹ اسٹیڈیم ڈیوٹی پر ہیں جس پر عدالت نے گواہان کو طلب کرتے ہوئے سماعت 3 دسمبر تک ملتوی کر دی۔ عدالت نے کہا کہ آئندہ سماعت ویڈیو لنک واٹس ایپ کال پر ہوگی۔ عدالت نے سپرنٹنڈنٹ جیل اڈیالہ کو جیل میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی پیشی کیلئے ویڈیو لنک تیاری کا حکم دے دیا۔ دوران سماعت وکلائے صفائی کی جانب سے عمران خان سے فوری ملاقات کرانے کی درخواست دائر کی گئی، وکیل فیصل ملک نے مؤقف اختیار کیا کہ کلائنٹ بانی چیئرمین عمران خان سے کیس کے سلسلے میں مشاورت ضروری ہے۔ بعدازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وکیل فیصل ملک نے کہا کہ ستائیسویں آئینی ترمیم بنیادی انسانی حقوق سے متصادم ہے، دونوں 26 ویں اور 27 ویں ترامیم رول بیک ہونی چاہئیں، دونوں ترامیم جمہوریت و آئین پر حملہ ہے۔ فیصل ملک نے کہا کہ آزاد عدلیہ اور آئین پر حملے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ اڈیالہ جیل کے باہر رات فسطائیت کرنے والوں کیخلاف کارروائی کی جائے، آئینی ترامیم سے عدلیہ کی آزادی ختم کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالت میں استدعا کریں گے کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی اجازت دی جائے، سلمان اکرم راجا، بیرسٹر سلمان صفدر اور دیگر وکلا مل کر کیس کے حوالے سے ہدایات لیں گے، ہم ویڈیو لنک ٹرائل کو مسترد کرتے ہیں ایسے کسی ٹرائل کو نہیں مانتے، عمران خان نے ویڈیو لنک کو مسترد کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرائل ان کی موجودگی میں ہو۔ وکیل فیصل ملک نے کہا کہ بے بنیاد اور بوگس مقدمات میں بانی پی ٹی آئی کا حق ہے کہ ان کے سامنے ٹرائل کیا جائے، رات کو جو بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کے ساتھ سلوک روا رکھا گیا، اس کی مذمت کرتے ہیں، ہم اس کے خلاف قانونی کارروائی کریں گے۔ دریں اثنا شیخ رشید نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اللہ کرے گا اچھا وقت آئیگا، علیمہ خان سمیت تینوں بہنوں کو ملاقات کی اجازت ہونی چاہیے، ملاقات کرانے سے کچھ نہیں ہوتا، غربت، بے روزگاری مہنگائی بہت زیادہ ہے، بہتری کے حالات پیدا کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ میں جن کیسوں میں حاضری لگا کر جا رہا ہوں اس وقت میں بیرون ملک تھا۔ میرے بھتیجے شیخ راشد کو 40 سال سزا دی گئی جس نے کبھی فیصل آباد دیکھا ہی نہیں۔ بجلی بل، اسکولز فیسیں، آٹا چینی مہنگی ہیں، ان کا نوٹس لیا جائے۔

بقیہ 14

میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ ترقی کے ثمرات عوام تک پہنچانے کیلئے اصلاحات متعارف کرائی ہیں اور وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر سوشل فنانسنگ فریم ورک پر کام ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوموں کی ترقی میں چیلنجز آتے رہتے ہیں متحد ہو کر ہی چیلنجز پر قابو پایا جاسکتا ہے، ملکی ترقی کیلئے سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان میں مخیر حضرات کی کمی نہیں ہے، 300 سے زائد رجسٹرڈ کمپنیاں فلاحی اقدامات کیلئے فنڈنگ کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نجی شعبے کا ملکی معیشت کی بہتری میں اہم کردار ہے، نجی شعبے کی جانب سے فلاحی کاموں کیلئے فنڈز کی دستیابی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا شمار عطیات دینے والے ممالک میں سر فہرست ہے جب کہ کراچی پاکستان میں عطیات دینے والوں میں سب سے اوپر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ عطیات کو چھپا رہے ہیں وہ بھی سامنے آئیں، عطیات کو ظاہر کرنا دین و دنیا کیلئے بہتر ہے، عطیات ادا کرنے والی کمپنیاں اور کاروباری شخصیات مشعل راہ ہیں اس فریم ورک سے سماجی شعبے میں خاطر خواہ بہتری آئے گی۔

بقیہ 15

شراکت دارانہ تعلقات کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ ملاقات میں توانائی اور معدنیات کے شعبوں میں تعاون کو مزید بڑھانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا اور اس ساتھ ہی علاقائی استحکام اور مشترکہ اقتصادی ترقی کے وژن پر بھی گفتگو ہوئی۔ وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے چین کو پاکستان منرل انویسٹمنٹ فورم (پی ایم آئی ایف) 2026 میں شرکت کی باضابطہ دعوت دی۔ انہوں نے کہا کہ کان کنی کا شعبہ موجودہ حکومت کی ترجیح ہے اور اس میں دوطرفہ تعاون بڑھانے کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ چینی سفیر نے دعوت کا خیرمقدم کرتے ہوئے اپنی بھرپور حمایت کا یقین دلایا۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے متعلقہ اداروں کے سربراہان کو پاکستان منرل انویسٹمنٹ فورم میں شرکت کی ترغیب دیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ چین اور پاکستان کے درمیان معدنیات کے شعبے میں تعاون ایک اہم ستون ہے اور چینی کمپنیاں پاکستان کے پیٹرولیم اور معدنیاتی شعبوں میں فعال کردار ادا کر رہی ہیں۔ ایم سی سی اور سی این او سی اس شعبے میں نمایاں طور پر کام کر رہی ہیں جبکہ سائیندا اگ سمیت دیگر منصوبے چین کی سرمایہ کاری کے اہم مظاہر ہیں۔ وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے مشکل معاشی حالات کے دوران چین کی مستقل اور مخلصانہ معاونت پر گہری تشکر کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنے چینی بھائیوں کے ساتھ ہر سطح پر کھڑا ہے اور چین کی سالمیت اور علاقائی استحکام کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ چینی سفیر نے پاکستان کے اصلاحاتی ایجنڈے کو سراہتے ہوئے اسے پائیدار ترقی کی جانب اہم قدم قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان کی ترقی کے لیے پرعزم ہیں اور باہمی تعاون کے ذریعے پاکستانی عوام کی معاشی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ ملاقات کا اختتام دونوں ممالک کے اس عزم کے اعادے کے ساتھ ہوا کہ ہر موسم کی آزمودہ اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بناتے ہوئے سرمایہ کاری اور مشترکہ خوشحالی کے نئے راستے کھولے جائیں، خصوصاً توانائی اور معدنیات کے شعبوں میں تعاون کو نئی بلندیوں تک لے جایا جائے گا۔

بقیہ 16

اور اس وقت پشاور میں بطور مہاجر مقیم ہیں، افغانستان میں طالبان کے دوبارہ اقتدار میں آنے کے بعد بطور گلوکار وہاں رہنا انتہائی خطرناک ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ موجودہ طالبان حکومت نے موسیقی کو کسی صورت برداشت نہ کرنے کا اعلان کیا ہے، درخواست گزاروں یو این ایچ سی آر کے پاس بطور مہاجر رجسٹرڈ ہے۔ حکومت نے 2023 میں مہاجرین کی وطن واپسی سے متعلق نئی پالیسی مرتب کی، 1993 میں ہوا این ایچ سی آر نے پاکستان میں مقیم افغان شہریوں کو مہاجرین کا درجہ دیا تھا، جو آج بھی نافذ العمل ہیں، افغان مہاجرین کے زبردستی انخلاء کو روکا جائے۔

بقیہ 17

عزیز ہے، پاک چین کاروبار کا فروغ درحقیقت تعلقات کی مضبوطی ہے، گزشتہ ایک سال میں 4 بار چین گیا، دونوں ممالک مزید نزدیک آ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ہمارے تعلیمی اداروں میں پاک چین دوستی کا سبق پڑھایا جا رہا ہے، چین کو M-6 اور M-10 کے موٹروے سیکشنز میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہیں۔ انہوں نے مانسہرہ، ناران، کاغان، بابوسر اور چین کی سرحد تک کی شاہراہ پر بھی سرمایہ کاری کی پیشکش کرتے ہوئے کہا کہ یہ شاہراہ قراقرم ہائی وے کا متبادل اور تجارتی و سیاحتی اعتبار سے اہم ہے، چین M-6 اور M-10 کے باقی ماندہ حصوں کی تعمیر میں بھی حصہ لے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی سے سکھر کی موٹروے بندرگاہ سے منسلک ہوگی جو اہم ترین ہے، پاکستان کے انفرا اسٹرکچر کی ترقی میں خاطر خواہ پوٹینشل موجود ہے، چین کی آبادی کی شرح میں کمی جبکہ پاکستان میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ چین پاکستان کو علیحدہ ملک نہیں بلکہ اپنا حصہ تصور کرے، آبادی میں تیزی سے اضافہ، ضروریات زندگی کی ڈیمانڈ بھی بڑھ رہی ہے، گزشتہ ایک سال میں این ایچ اے کا ریونیو 66 ارب سے بڑھ کر 109 ارب ہوا۔ انہوں نے کہا کہ موٹرویز میں سرمایہ کاری چین کے لئے منافع بخش ثابت ہوگی، خطے میں چین اور پاکستان دونوں اہمیت کے حامل ممالک ہیں۔ چین کے بزنس گروپ کا پاکستان میں موٹرویز M-6 اور M-9 کی تعمیر میں دلچسپی ظاہر کی۔ چینی وفد نے کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی میں چین کی واضح وابستگی ہے، پاکستان میں مواصلات اور دیگر شعبوں میں ترقی کے لئے چین تعاون بڑھائے گا۔

بقیہ 18

افسوس کا اظہار کیا۔ ملاقات میں اس امر پر اطمینان کا اظہار کیا گیا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان برما کے مسلمانوں کے لیگل سٹیٹس کا دیرینہ مسئلہ حل ہو گیا، سعودی عرب کے سفیر نے مسئلے کے حل میں مثبت کردار ادا کرنے پر پاکستان حکومت کا شکریہ ادا کیا، اس ضمن میں باضابطہ معاہدے پر اگلے ہفتے سعودی عرب میں دستخط کئے جائیں گے، ملاقات میں دونوں ممالک کی وزارت داخلہ کے درمیان تعاون کو وسعت دینے پر بھی گفتگو ہوئی۔ سعودی عرب کے سفیر نے کہا کہ پاکستان کے عوام سے گہرے تعلقات پر فخر ہے، وفاقی سیکرٹری داخلہ محمد خرم آغا بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 19

حکومت کو فراہم کی ہیں، معلومات دینے والے شہریوں کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا، صوبے سے غیر قانونی مقیم افغان شہریوں کی واپسی کا آپریشن کامیابی سے جاری ہے۔

بقیہ 20

جائے گی، دوسری خلاف ورزی پر 3 ماہ کے لئے وظیفہ 15 ہزار کر دیا جائے گا جبکہ تیسری خلاف ورزی پر وظیفہ 3 ماہ کے لیے معطل کر دیا جائے گا۔ چوتھی خلاف ورزی پر وظیفہ مکمل طور پر منسوخ کر دیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ تین ماہ تک کوئی شکایت نہ ہو تو وظیفہ دوبارہ بحال کر دیا جائے گا۔ سی ٹی ڈی اور سپیشل برانچ کی مشترکہ ویٹنگ شفافیت کے لئے نیا میکنزم ہوگا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نفرت انگیز تقاریر اور ریاست مخالف سرگرمیوں کی کوئی گنجائش نہیں ہوگی۔

بقیہ 21

سربراہی میں لارجر بینچ 24 نومبر کو اپیل کی سماعت کرے گا، جسٹس حسن رضوی، جسٹس باقر نجفی، جسٹس کے کے آغا، جسٹس روزی خان اور جسٹس ارشد حسین شاہ بینچ میں شامل ہیں۔ سپریم کورٹ 5 رکنی بینچ نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں ججز کے تبادلے کو درست قرار دیا تھا، اس فیصلے کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل دائر کی گئی تھی۔

بقیہ 22

وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ یہ میرے علم میں نہیں تھا، اسٹیٹ بینک سے بات کروں گا، کمیٹی ارکان کے نکتہ نظر سے متفق ہوں۔ ڈپٹی آڈیٹر جنرل نے کہا کہ آڈیٹر جنرل کی رپورٹ میں ٹائپو غلطی ہوئی، اسٹیچوری رپورٹ میں کوئی غلطی نہیں، ایگزیکٹو سمری میں غلطی سے ملین کو بلین لکھ دیا گیا، اس سے مجموعی رقم 375 بلین لکھی گئی، انضباطی کارروائی ہو رہی ہے۔ وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ 9 ٹریلین کی مجموعی رقم بنتی ہے، دو اعداد و شمار کو جمع کرتے ہوئے غلطی ہوئی، آڈیٹر جنرل آفس کے ساتھ الگ ملاقات کر کے اعداد و شمار کی جانچ پڑتال کی جاسکتی ہے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی نے وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی کی تجویز مان لی۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ کا معاملہ ایجنڈے پر برقرار رکھنے کی درخواست بھی کمیٹی نے منظور کر لی۔ سینیٹر ڈاکٹر زرقا نے اجلاس میں ڈریس کوڈ سے متعلق سوالات اٹھاتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی خواتین کا لباس پہلے ہی بہت مہذب ہے، جس پر فاروق نائیک نے کہا کہ عبایا پہننے پر مجبور کرنا ایسے ہی ہے جیسے کسی کو داڑھی رکھنے پر مجبور کرنا۔

بقیہ 23

کوشش ناکام بنائی گئی تو ملزمان نے لیویز پوسٹ پر حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں لیویز پوسٹ انچارج دفعدار سعد اللہ شہید ہو گئے۔ ڈی سی نے بتایا کہ حملے کے بعد ملزمان اپنی ایک گاڑی چھوڑ کر فرار ہو گئے جسے کو مقامی لوگوں نے آگ لگا دی۔ ڈی پی او قلعہ عبداللہ کا کہنا ہے کہ جرائم پیشہ افراد کی قریبی پہاڑوں میں واقع پناہ گاہ کا محاصرہ کر لیا گیا ہے، ان کے سرغنہ فقیر محمد کی زندہ یا مردہ گرفتاری کے لیے آپریشن جاری ہے۔ ڈی پی او کے مطابق سرغنہ فقیر محمد قتل کے 15 مختلف واقعات میں لیویز اور پولیس کو مطلوب ہے۔ انہوں نے بتایا کہ علاقے میں جاری آپریشن میں پولیس کی مدد کیلئے ایف سی کو طلب کر لیا گیا ہے۔

بقیہ 24

جانب سے جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ بالخصوص مانچسٹر سے پی آئی اے فلائٹس کی بحالی※ خصوصی عدالتوں کا قیام، مثبت قانون سازی※ اور ون ونڈو سہولت مرکز جیسے اقدامات کو خوش آئند پیش رفت قرار دیا گیا۔ بیرسٹر امجد ملک نے اسلام آباد اور پنجاب میں خصوصی عدالتوں کے قیام کو اوورسیز کمیونٹی کے مسائل کے حل کی جانب اہم سنگ میل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ان اقدامات سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے کیسز میں تیزی آئے گی اور شفاف انصاف کے تقاضے پورے ہوں گے۔ قونصل جنرل امتیاز فیروز گوندل نے برطانوی پاکستانی کمیونٹی کو پاکستان کا قیمتی اثاثہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملک کی ترقی میں خواتین اور نوجوان نسل کے کردار کو مزید فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کمیونٹی کی مثبت کاوشوں کو سراہا اور ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقات کے اختتام پر بیرسٹر امجد ملک کی جانب سے قونصل جنرل آف پاکستان امتیاز فیروز گوندل کو اوورسیز کمیشن پنجاب کا اعزازی نشان پیش کیا گیا۔

بقیہ 25

ہنان چیمبر آف کامرس (ایچ سی سی) کی صدر مس ہو ژولنگ راو اور ڈائریکٹرز مس یانگ لینا اور مسٹر علی کے دورہ چیمبر کے موقع پر اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ممبران سے خطاب کرتے کیا۔ اجلاس میں سرحد چیمبر کے سینئر نائب صدر محمد ندیم، سابق سینئر نائب صدور عبدالجلیل جان اور عمران خان مہمند، چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین ضیاء الحق سرحدی، عدنان ناصر، اشفاق احمد، آفتاب اقبال اور اشفاق احمد اور ویمن چیمبر کی صدر قرۃ العین، سینئر نائب صدر زارا امتیاز، نائب صدر زرین اختر اور راشد اقبال صدیقی، احسان اللہ، فہد امین، فضل واحد، صدر گل، اشتیاق احمد اور حمود الرحمان، سرحد چیمبر سیکرٹری جنرل مقصد احسن اور دیگر بھی موجود تھے۔ چیمبر کے صدر جنید الطاف نے چینی وفد کا چیمبر آمد پر تپاک استقبال کیا اور ہنان چیمبر آف کامرس کی جانب سے سرحد چیمبر کیساتھ باہمی تعاون کے فروغ پر آمادگی کو سراہتے ہوئے کہا پاکستان اور چین کے درمیان ایک مضبوط باہمی تجارتی، معاشی اور ثقافتی تعلقات میں قائم ہیں جس کی مثال دنیا بھر میں نہیں ملتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ چائنیز کموڈٹی سٹی لاہور پراجیکٹ ※※ چائنا ٹاؤن ※※ دونوں ممالک کے درمیان باہمی تجارتی اور اقتصادی تعلقات کو مزید مستحکم و بہتر بنانے میں ایک کلیدی کردار ادا کرے گا۔ سرحد چیمبر کے صدر جنید الطاف نے بھی ہنان چیمبر آف کامرس کیساتھ مشترکہ منصوبے شروع کرنے آمادگی ظاہر کی اور کہا خیبر پختونخوا میں چین کیساتھ باہمی تجارت کو وسعت دینے کیلئے بے شمار مواقع موجود ہیں انہوں نے وفد کو چینی کموڈٹی سٹی لاہور پراجیکٹ میں خیبر پختونخوا کی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کیلئے کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ چیمبر کے صدر نے خیبر پختونخوا کے پوٹینشل جسمیں کان کنی، معدنیات، تیل، گیس، جیمز، جیولری، ادویات، شہد، باغبانی، حلال گوشت اور دیگر اہم شعبوں شامل ہیں میں سرمایہ کاری کے بے پناہ مواقع ہیں اور چینی کمپنیوں کو باہمی تجارتی تعلقات کو بہتر بنانے کیلئے صوبے ان اہم شعبہ جات / سیکٹرز ، بالخصوص اسپیشل اکنامک زونز (SEZs) میں سرمایہ کاری کرنے کی دعوت دی۔ سرحد چیمبر کے صدر جنید الطاف نے چائنیز کموڈٹی سٹی میں خیبر پختونخوا کیلئے مخصوص اراضی مختص کرنے کا مطالبہ کیا تاکہ مقامی سرمایہ کاروں کیلئے اپنی مصنوعات کو مناسب انداز میں ڈسپلے کرنا انتہائی فائدہ مند ثابت ہو۔ انھوں نے مزید کہا کہ چیمبر حکومت اور متعلقہ اداروں کی مدد سے صوبے میں غیر ملکی سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول فراہم کرنے کیلئے بھرپور کوششیں کر رہا ہے، تاہم، انہوں نے زور دے کر کہا کہ تجارتی اور تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے امن ناگزیر ہے۔ سرحد چیمبر کے صدر جنید الطاف نے اس موقع پر دونوں چیمبرز کے درمیان لیزان اور کوآرڈینیشن کیلئے فوکل پرسن نامزد کرنے اور چینی کموڈٹی سٹی کے حوالے سے چیمبر ہاؤس میں اسپیشل معلوماتی، ہیلپ ڈیسک کے قیام کی تجویز پیش کی۔ قبل ازیں، ہوژولنگ راو اور یانگ لینا نے چینی کموڈٹی سٹی کے بنیادی مقاصد کے بارے میں تفصیلات بتاتے ہوئے کہا یہ پراجیکٹ 18,000 مربع میٹر سے زیادہ پر پھیلے گا اور توقع کا اظہار کیا مذکورہ سرمایہ کاری کے فروغ کا منصوبہ اگلے سال تک مکمل ہو جائے گا۔ مسز ژولنگ نے مزید کہا کہ چینی کموڈٹی سٹی مقامی طور پر پیداواری مصنوعات جیسے زراعت، زرعی مشینیں، تعمیرات، بجلی کے اوزار اور عام زندگی کی اشیاء کی نمائش کا مرکز ہوگا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ یہ شہر، جو کہ مکمل طور پر تھوک کی بنیاد پر قائم کیا جا رہا ہے، سرمایہ کاروں کی مشکلات کو کم کرنے، صنعتی سامان کی ترسیل، تیز رفتار خدمات فراہم کرنے والوں میں مدد کرے گا اور سرحد چیمبر اور خیبر پختونخوا کی صنعتوں کو اس اہم منصوبے میں شراکت دار بننے اور باہمی تعاون اور مشترکہ منصوبوں کے ذریعے کاروبار اور صنعتوں کو بڑھانے کی دعوت دی۔ بعدازاں، پاکستان اور چین، بالخصوص سرحد چیمبر کے ساتھ روابط کے فروغ کیلئے دونوں چیمبرز کے مابین ایک مفاہمت کی یادداشت پر بھی دستخط کیے گئے، جس کا مقصد مصنوعات کی مارکیٹنگ ، جائنٹ ونچر، مشترکہ تجربات، فوائد، مقاصد، نیز، معذور بچوں کے ہنر کیلئے پروگرام، تعلیم و تربیت، ترقی اور CSR کے تحت مزید اقدامات اور دیگر مختلف جائنٹ ونچر کے ذریعے باہمی فوائد حاصل کرنے سمیت باہمی تجارتی تعلقات کے فروغ کے لیے مشترکہ طور پر کام کرنا ہے۔

بقیہ 26

اجازت دے تاکہ فضائی راستے کم ہوسکیں، کیونکہ پاکستانی فضائی حدود پر بھارتی ایئرلائنز کی پروازوں پر پابندی کے باعث مالی نقصان میں اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ غیر معمولی درخواست ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب صرف چند ہفتے قبل بھارت اور چین کے درمیان براہِ راست پروازیں پانچ سال کے تعطل کے بعد دوبارہ شروع ہوئیں، جو دونوں ممالک کے درمیان سرحدی جھڑپ کے سبب بند کی گئی تھیں۔ ایئر انڈیا اپنی ساکھ اور بین الاقوامی نیٹ ورک کی بحالی کی کوشش کر رہی ہے، جون میں لندن جانے والے بوئنگ 787 ڈریم لائنر کے گجرات میں تباہ ہونے کے بعد، جس میں 260 افراد ہلاک ہوئے، اس حادثے کے نتیجے میں ایئرلائن کو عارضی طور پر سیکیورٹی چیک کے لیے پروازیں کم کرنا پڑیں تاہم یہ کوشش اس وجہ سے متاثر ہو رہی ہے کہ اپریل کے آخر میں سفارتی کشیدگی بڑھنے کے بعد سے پاکستان نے بھارتی ایئرلائنز کے لیے اپنی فضائی حدود بند کر رکھی ہے۔ دستاویز کے مطابق ایئر انڈیا کے ایندھن کے اخراجات میں 29 فیصد تک اضافہ ہو چکا ہے اور کچھ طویل پروازوں کے سفر کے دورانیے میں 3 گھنٹے تک کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ دستاویز میں کہا گیا کہ بھارتی حکومت ایئر انڈیا کی اس درخواست کا جائزہ لے رہی ہے کہ وہ چین سے سفارتی طور پر بات کرے تاکہ متبادل راستے کی اجازت دی جاسکے اور ہنگامی صورت میں سنکیانگ کے ہوٹن، کاشغر اور ارمچی ایئرپورٹس تک رسائی ممکن ہو، جس کا مقصد امریکا، کینیڈا اور یورپ کے لیے پروازوں کا دورانیہ کم کرنا ہے۔ دستاویز میں کہا گیا کہ ایئر انڈیا کا طویل فضائی نیٹ ورک شدید آپریشنل اور مالی دباؤ کا شکار ہے، ہوٹن روٹ کی منظوری حاصل کرنا اسٹریٹجک آپشن ثابت ہوگا، ٹاٹا گروپ اور سنگاپور ایئرلائنز کی ملکیت رکھنے والی ایئر انڈیا نے اندازہ لگایا ہے کہ پاکستان کی فضائی حدود کی بندش سے ایئر انڈیا کے منافع میں 455 ملین ڈالر کی کمی ہوئی ہے۔ دوسری جانب، چینی وزارتِ خارجہ نے کہا کہ اسے اس صورتحال کا علم نہیں اور مزید معلومات کے لیے متعلقہ حکام سے رجوع کیا جائے۔ ایئر انڈیا، بھارت، چین اور پاکستان کے سول ایوی ایشن حکام نے غیر ملکی میڈیا کے سوالات کا جواب نہیں دیا۔

بقیہ 27

تحت تیار یہ موبائل فون انٹرنیٹ سے کنیکٹ نہیں ہوگا، محفوظ موبائل فون میں کسی بھی پاکستانی ٹیلی کام آپریٹر کی سم استعمال ہوسکے گی، این ٹی سی کے پائلٹ پراجیکٹ کے تحت تیار موبائل فون میں کوئی بیک اپ نہیں ہوگا۔ محفوظ موبائل فون میں موجود تمام ایپلی کیشنز بھی خصوصی طور پر بنائی گئی ہیں، اس موبائل فون سے ہونے والی گفتگو کی مانیٹرنگ یا انٹرسیپٹنگ ممکن نہیں ہوگی، محفوظ موبائل فون سے کال صرف کسی دوسرے محفوظ موبائل فون پر ہی ہوگی۔ ایم ڈی این ٹی سی علی فرحان نے محفوظ فون پر رپورٹ اعلی حکام کو پیش کر دی۔ علی فرحان نے کہا پائلٹ پراجیکٹ کے تحت ابتدائی طور پر 10 محفوظ موبائل فون تیار کئے گئے، مزید محفوظ موبائل فونز بنانے کیلئے فنڈنگ درکار ہوگی، واٹس ایپ کمیونیکیشن محفوظ نہیں۔ واٹس ایپ فراہم کرنے والے اسے سن سکتے ہیں، چاہتے ہیں حکومتی شخصیات اور آفیشلز کی باہمی کمیونیکیشن کہیں مانیٹر نہ کی جاسکے، حالیہ پاک بھارت جنگ کے دوران واٹس ایپ کمیونیکیشن غیر محفوظ ثابت ہوئی، واٹس ایپ پر ہونے والی گفتگو دوسروں تک پہنچ رہی تھی، اس سے سبق سیکھا۔

بقیہ 28

مصنوعی مہنگائی کی بڑھتی ہوئی شکایات کے ازالے کے لئے پرائس مجسٹریٹ کی مانیٹرنگ کا بھی فیصلہ کیا ہے، سرکاری افسران کی فرضی کارروائیوں کی روک تھام کے لئے اب یہ طے کیا گیا ہے کہ ہر پرائس مجسٹریٹ کا موبائل نمبر اور فون ڈیوائس ایک کمپیوٹر سافٹ ویئر میں رجسٹرڈ ہوگی، جس کے بعد کوئی پرائس مجسٹریٹ کسی ماتحت کو اپنا فون دے کر فیلڈ میں نہیں بھیج سکے گا اور گوگل لوکیشن کے ذریعے اس کے فیلڈ وزٹ کو ہر طرح سے مانیٹر کیا جا سکے گا۔ پرائس مجسٹریٹ جس گراں فروش کے خلاف کارروائی کرے گا اس کا چالان مع ادا شدہ جرمانہ تین روز میں ایپ پر اپ ڈیٹ کرنا لازم ہوگا اور ایسا نہ کرنے کی صورت میں اس پرائس مجسٹریٹ کا وہ وزٹ کینسل اور اس کی کارکردگی کے لئے مرتب کئے گئے چارٹ میں بھی تنزلی ظاہر ہوگی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حکومت صارفین کی سہولت کے لئے ای کورٹس کا نظام بھی لا رہی ہے جس کے تحت اب کوئی بھی صارف اپنے موبائل ایپ کے ذریعے صارف عدالت میں شکایت درج کرا سکے گا اور اگر چاہے گا تو اسی ایپ کے ذریعے ویڈیو لنک پر اپنے کیس کی سماعت میں بھی پیش ہو سکے گا۔

بقیہ 29

میں شامل ہونا تھیں، ترامیم سے 2004 میں بننے والے چارٹر آف ڈیموکریسی پر عملدرآمد ہوا ہے۔ حکومت کا مرکزی نقطہ سیاسی استحکام ہے جس سے معاشی اور ملک کے وجود کا استحکام جڑا ہوا ہے، سیاسی استحکام کیلئے پارلیمنٹ جب چاہے گی ترامیم کرے گی۔ جمعیت اہل حدیث کے علماء کے ہمراہ پریس کانفرس کرتے ہوئے کہا کہ اڈیالہ جیل کے باہر خواتین کی بے حرمتی نہیں کی گئی، بانی پی ٹی آئی کی بہنیں ہمارے لیے قابل احترام ہیں، سیاسی اختلافات کے باوجود ان کا تحفظ اور احترام ہم پہ واجب ہے۔

بقیہ 30

اور جسٹس سردار اکبر علی ڈوگر پر مشتمل دو رکنی بنچ نے سماعت کی۔ وکیل صفائی نے موقف اختیار کیا کہ قتل کا مقدمہ 23 جنوری 2021 کو تھانہ مٹھا ٹوانہ ضلع خوشاب میں درج ہوا۔ ملزم غلام عباس پر الزام تھا کہ اس نے کلہاڑیوں کے وار کر کے اپنی بھابھی زرینہ بی بی کو قتل کیا۔ ملزم کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ استغاثہ کے چشم دید گواہوں کی موقع پر موجودگی ثابت نہیں ہوتی۔ واقعے کے وقت گواہ موقع پر نہیں تھے، ان کے بیانات میں تضاد ہے۔ ٹرائل کورٹ نے ٹھوس اور مستند شواہد نہ ہونے کے باوجود ملزم کو سزائے موت سنائی۔ سرکاری وکیل نے سزا کے خلاف دائر اپیل کی مخالفت کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ پولیس تفتیش، گواہوں کے بیانات اور میڈیکل شواہد ملزم کے قصوروار ہونے کی تائید کرتے ہیں۔ ملزم نے قتل کا ارتکاب سنگین نوعیت کے حملے کے ذریعے کیا، اس لیے ٹرائل کورٹ کا فیصلہ برقرار رکھا جائے۔ عدالت نے قرار دیا کہ استغاثہ چشم دید گواہوں کی موجودگی کا کوئی قابل اعتماد ثبوت پیش نہیں کر سکا۔ ملزم کے خلاف شواہد شک و شبہ سے بالاتر معیار پر پورے نہیں اترتے، ایسے حالات میں سزائے موت برقرار رکھنا ممکن نہیں۔

بقیہ 31

فوجی کامیابی نے چینی ہتھیاروں کو نمایاں کیا، یہ کمیشن امریکا اور چین کے درمیان تجارتی و معاشی تعلقات کے قومی سلامتی پر اثرات سے متعلق رپورٹ پیش کرنے کے لیے قائم کیا گیا تھا۔ پاکستان نے ابتدا میں دعویٰ کیا تھا کہ اس نے فضائی لڑائی میں بھارت کے پانچ طیارے مار گرائے ہیں، تاہم بعد میں یہ تعداد بڑھا کر سات کر دی تھی۔ اسلام آباد نے اپنے کسی طیارے کے نقصان کی تردید کی اور کہا کہ تین فضائی اڈوں کو نشانہ بنائے جانے کے بعد اس نے بھارت کے 26 اہداف کو نشانہ بنایا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، جو اس تنازع پر تبصرے جاری رکھے ہوئے ہیں، نے حال ہی میں کہا کہ ''عملاً'' آٹھ طیارے مار گرائے گئے۔ اپنی سالانہ رپورٹ میں کمیشن نے مئی کے تنازع کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ چین نے اس موقع کو اپنی دفاعی صلاحیتوں کو آزمائش اور فروغ دینے کے لیے استعمال کیا۔ کانگریس میں پیش کی گئی رپورٹ نے اس تنازع میں چین کے کردار کو بھی اجاگر کیا اور کہا کہ یہ اس وجہ سے عالمی توجہ کا مرکز بنا کہ پاکستان کی فوج نے چینی ہتھیاروں پر انحصار کیا اور مبینہ طور پر چینی انٹیلی جنس سے فائدہ اٹھایا اس میں بھارت کے اس دعوے کا بھی حوالہ دیا گیا کہ چین نے پاکستان کو ''بحران کے دوران بھارتی فوجی پوزیشنز پر براہِ راست معلومات فراہم کیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ'' پاکستان نے ان الزامات کی تردید کی، اور چین نے نہ اس کی تصدیق کی اور نہ ہی تردید۔ رپورٹ کے مطابق، چین نے 2025 میں پاکستان کے ساتھ اپنی فوجی شراکت داری کو وسعت دی،'' جس کی وجہ سے خود اس کی بھارت کے ساتھ کشیدگی میں اضافہ ہوا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ نومبر اور دسمبر 2024 میں چین اور پاکستان نے تین ہفتے طویل وارئیر-VIII انسدادِ دہشت گردی مشقیں کیں اور اس سال فروری میں چین کی بحریہ نے پاکستان کی کثیر القومی امن مشقوں میں حصہ لیا۔ رپورٹ کے مطابق یہ مشقیں دونوں ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے دفاعی تعاون کو ظاہر کرتی ہیں۔ بھارتی تبصرہ نگاروں نے ان مشقوں کو چین کے ساتھ اپنے تعلقات میں نقصان اور اپنی سرحدی پوزیشنز کے لیے براہ راست سیکیورٹی خطرہ قرار دیا۔

بقیہ 32

خواتین متحرک کردار کے ذریعے معاشی ترقی کے سفر میں اپنا حصہ ڈالیں۔ وہ بدھ کو ایف پی سی سی آئی اور سمیڈا کے زیر اہتمام انٹرنیشنل ویمن انٹرپینور شپ ڈے کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ، سی ای او سمیڈا امس نادیہ، نائب صدر ایف پی سی سی آئی قراۃ العین، طارق جدون، چیئرمین کیپٹل آفس کریم عزیز ملک، چیئرمین کوآرڈینیشن و صدر حافظ آباد چیمبر ملک سہیل حسین و دیگر بھی شریک تھے۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ خواتین صرف معاشی منظرنامے میں شریک نہیں بلکہ وہ انوویشن اور پائیدار ترقی کے پیچھے محرک قوت ہیں، ہارون اختر خان کا ویژن اور سپورٹ ایس ایم ایز اور بزنس سیکٹر میں خواتین کو بااختیار بننے کیلئے حوصلہ دیتا ہے، خواتین کو بااختیار بنانے کے حوالے سے نائب صدر قراۃ العین کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنی نصف آبادی کو پیچھے چھوڑ کر ترقی نہیں کر سکتا، ہماری معیشت کا مستقبل اور پائیدار ترقی خواتین کی متحرک شرکت پر منحصر ہے، آج خواتین کی زیر قیادت کاروبار صنعتوں کو تبدیل کر رہا ہے، چیلنجز کے باوجود پاکستان میں کاروباری خواتین رکاوٹوں کو توڑ کر روزگار پیدا اور برانڈز ڈویلپ کر رہی ہیں، ایف پی سی سی آئی سمیڈا کے اشتراک سے خواتین انٹرپینوشپس کی کیپسٹی بلڈنگ اور ٹریننگ کیلئے پرعزم ہے۔ سی ای او سمیڈا امس نادیہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز کے ذریعے خواتین کو معاشی بااختیار بنانے کیلئے پرعزم ہے، خواتین کو قرضوں کی فراہمی اور اسکلز ڈویلپمنٹ کے ذریعے معاشی طور پر بااختیار بنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 33

مافیاز کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتی، جماعت اسلامی کے اجتماع عام میں شرکت کے لئے ملک بھر سے قافلے مینار پاکستان لاہور پہنچنا شروع ہو گئے، لاکھوں لوگوں کے قیام و طعام کے لئے انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں، بیرون ممالک سے بھی اسلامی تحریکوں کے قائدین بھی بڑی تعداد میں اجتماع میں شریک ہوں گے، جماعت اسلامی کا یہ اجتماع عام ملک و قوم کے لئے امید کے نئے چراغ روشن کرے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مینار پاکستان اجتماع گاہ میں سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی امیر العظیم اور نائب امیر و ناظم اجتماع لیاقت بلوچ کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ عوام اس وقت سخت مایوسی اور پریشانی میں ہیں، انہیں کسی طرف سے امید کی کوئی کرن نظر نہیں آرہی ، 65 فیصد نوجوان ہیں مگر انہیں تعلیم اور روزگار نہیں مل رہا۔ اعلیٰ تعلیم کے دروازے غریب کے لئے بند کر دیئے ہیں۔ طبقاتی نظام تعلیم میں امیر کا بچہ پڑھ رہا اور غریب کا بچہ سکول سے باہر ہے، چند لیپ ٹاپ تقسیم کر کے حکمران سمجھتے ہیں کہ ان کا فرض پورا ہو گیا۔ عام لوگوں کی تعلیم اور ٹیکنالوجی تک رسائی نہیں۔ ملک میں لینڈ مافیاز، ڈرگ مافیاز، آئی پی پیز مافیاز چینی اور آٹا مافیاز ٹھیکیداروں اور وڈیروں کا راج ہے۔ سینکڑوں مربع زمین کے مالک ٹیکس چوری کرتے ہیں یہ لوگ خود تو ٹیکس دیتے نہیں الٹا مزدوروں، کسانوں اور چھوٹے ملازمین کے ٹیکسوں پر عیش کرتے ہیں۔ 83 فیصد کسانوں اور مزدوروں کو ملازمت کے حقوق حاصل نہیں وہ جاگیرداروں اور ٹھیکیداروں کے رحم و کرم پر ہوتے ہیں۔ خواتین کو تحفظ حاصل نہیں، کام کرنے کی جگہ پر انہیں ہراسمنٹ کا سامنا ہوتا ہے۔ ان پریشان اور ستائے ہوئے عوام کی دادرسی کا فرض جماعت اسلامی پورا کرے گی۔ جماعت اسلامی عوام سے اتحاد کرے گی۔ کسان، مزدور، اساتذہ، طلبا اور وکلاء جماعت اسلامی کے اتحاد ہیں۔ ہم مزدوروں، کسانوں، طلبا، خواتین سمیت پسے ہوئے طبقے کو حقوق دلائیں گے۔ ہم سب مل کر ملک میں اسلام کے غلبے کی تحریک چلائیں گے۔

بقیہ 34

میں ہو چکا ہے جہاں مستقبل میں تمام ادائیگیاں انہی سمز کے ذریعے کی جائیں گی، مستحق خواتین کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ان سمز کی اسی طرح حفاظت کریں۔ دوسرے مرحلے کا آغاز 24 نومبر سے 53 اضلاع میں ہوگا، دوسرے مرحلے میں کیمپ سائٹ ماڈل کے تحت فی تحصیل کم از کم ایک کیمپ سائٹ قائم کی جائے گی، تیسرا مرحلہ یکم دسمبر سے 52 اضلاع میں ہوگا، تیسرے مرحلے میں ہر تحصیل میں کم از کم دو کیمپ سائٹس قائم کی جائیں گی، سمز کا اجرا ہفتے میں چھ دن کیا جا رہا ہے۔ خواتین کو اپنا اصل شناختی کارڈ اور موبائل فون ساتھ لانا ضروری ہے، صرف بائیو میٹرک تصدیق کے بعد ہی سم فراہم کی جائیگی، مستحق خواتین 31 دسمبر تک بی آئی ایس پی دفاتر یا نامزد کیمپ سائٹس سے مفت سمیں حاصل کر لیں، سم جاری ہونے کے بعد بی آئی ایس پی اس سم پر سوشل پروٹیکشن والٹ کو فعال کرے گا، والٹ کے فعال ہونے سے کسی بھی قسم کی دھوکہ دہی یا انسانی مداخلت کے خدشات میں کمی آئے گی۔

بقیہ 35

بحری امور کے معیار کو پورا کیا۔ بین الاقوامی تنظیم برائے بحری امور کے معیار کے مطابق انتہائی کم سلفر فیول آئل (VLSFO) کی بڑے پیمانے پر پیداواری عمل اور باقاعدہ ترسیل کامیابی سے مکمل کر لی۔ یہ تاریخی کامیابی ویٹول کی سنگاپور کی بنکر بارج کے ذریعے حاصل ہوئی جس کا وزن 722,8 میٹرک ٹن ہے۔ یہ پیش رفت پاکستان کے توانائی کی پیداوار میں ایک بڑی کامیابی ہے۔ اس کامیابی کے نتیجے میں آئی ایم او کے معیار کے مطابق ماحول دوست میرین ایندھن کی مقامی سطح پر پیداوار اور باقاعدہ ترسیل کا آغاز ہو گیا ہے۔ یہ کامیابی وزیرِ اعظم کی ٹاسک فورس برائے بحری امور اور حکومتِ پاکستان کے دیگر اہم اداروں کی مربوط کوششوں کے باعث ممکن ہوئی۔ قبل ازیں، وٹول نے بحری شعبے میں تعاون کے مختلف مواقع کا جائزہ بھی لیا، جن میں بارج آپریشنز قابل ذکر ہے۔

بقیہ 36

قیمتی سرمایہ ہوتا ہے، پاکستان کو ایسے نوجوانوں کی ضرورت ہے جو تحقیق، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ، معاشی منصوبہ بندی اور ڈیجیٹل جدیدیت کے ذریعے عالمی معیار کا مقابلہ کر سکیں۔ وفاقی وزیر نے بدھ کو کامسیٹس یونیورسٹی واہ کیمپس کے کانووکیشن میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی، جہاں انہوں نے فارغ التحصیل طلبہ و طالبات میں اسناد تقسیم کیں اور ان کے تعلیمی سفر کی تکمیل پر مبارک باد پیش کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ تعلیم کسی بھی قوم کا سب سے طاقتور سرمایہ ہے۔ انہوں نے اس موقع پر نوجوان نسل کو پاکستان کا سب سے قیمتی اثاثہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملک کی ترقی کے لیے جدید، تخلیقی اور حل تلاش کرنے والی سوچ کو فروغ دینا بے حد ضروری ہے۔ خالد حسین مگسی نے کہا کہ پاکستان کو ایسے نوجوانوں کی ضرورت ہے جو تحقیق، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ، معاشی منصوبہ بندی اور ڈیجیٹل جدیدیت کے ذریعے عالمی معیار کا مقابلہ کر سکیں۔ انہوں نے اصرار کیا کہ جدید تحقیق، اختراعات اور ہنر پر مبنی تعلیم ہی پاکستان کو ترقی کے نئے دور میں داخل کر سکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان ملکی معیشت، ٹیکنالوجی اور معاشرتی ہم آہنگی کو آگے بڑھانے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے طلبہ کو نصیحت کی کہ وہ جہاں بھی جائیں، علم، اخلاق، جدت اور قیادت کو اپنا اصول بنائیں اور پاکستان کی ترقی میں اپنا فعال کردار ادا کریں۔ نہوں نے کہا کہ پاکستان کا مستقبل نوجوانوں کی صلاحیتوں سے وابستہ ہے، اور آج کے یہ فارغ التحصیل طلبہ ہمارے لیے امید کی نئی کرن ہیں۔'' آخر میں، وفاقی وزیر نے کامسیٹس یونیورسٹی واہ کیمپس کے اساتذہ، انتظامیہ اور والدین کو بھی سراہا جنہوں نے طلبہ کی کامیابی میں بھرپور کردار ادا کیا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وزارتِ سائنس و ٹیکنالوجی پاکستان میں تحقیقی ماحول کو بہتر بنانے اور علمی اداروں کو جدید سہولیات فراہم کرنے کے لیے کام جاری رکھے گی۔

بقیہ 37

کی گئی ہے۔ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) سی پی پی اے کی درخواست پر 27 نومبر کو سماعت کرے گا، جس میں قیمتوں میں کمی سے متعلق درخواست پر حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔ توانائی حکام کے مطابق سی پی پی اے کی درخواست منظور ہونے کی صورت میں صارفین کو آئندہ ماہ بجلی بلوں میں ریلیف مل سکتا ہے۔

BAQIA PAGE

دفاع اور گورننس کو مضبوط کرنا 27 ویں آئینی ترمیم کے بنیادی مقاصد ہیں، بلال اظہر کیانی

عوام کی استفادہ کیلئے گورننس اور خدمات میں بہتری لانا ضروری ہے، وزیر مملکت خزانہ کا اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ دفاع اور گورننس کو مضبوط کرنا 27 ویں آئینی ترمیم کے بنیادی مقاصد ہیں، عوام کی استفادہ کیلئے گورننس اور خدمات میں بہتری لانا ضروری ہے۔ منگل کو قومی اسمبلی میں 27 ویں آئینی ترمیم پر بحث کے دوران بلال اظہر کیانی نے کہا کہ جی الیون میں ڈسٹرکٹ کورٹ کے گیٹ پر خودکش حملہ کی خبر ہے جس میں 4 لوگ جاں بحق اور کئی زخمی ہیں

قومی ماربل پالیسی کے نفاذ سے پاکستان عالمی منڈیوں میں نمایاں مقام حاصل کرے گا' خادم حسین

جدید مشینری کے حصول میں مدد، شپمنٹس فریٹ پر سبسڈی دی جائے' رکن بورڈ آف ڈائریکٹر پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی

لاہور (این این آئی) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ قومی ماربل پالیسی کے نفاذ سے ملک کے وسیع ماربل ذخائر کو مقامی صنعتوں اور برآمدات کے فروغ کے لیے استعمال کرنے میں مدد ملے گی، اگر درست سمت میں گامزن ہوا جائے تو پاکستان بہت جلد عالمی منڈیوں میں بڑا برآمدہ کنندہ بن سکتا ہے۔ اپنے دفتر میں ملاقات کے لئے آنے والے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے خادم حسین نے کہا کہ فنشنگ اور ویلیو ایڈیشن پر توجہ مرکوز کر کے پاکستان اپنے اعلیٰ معیار کی وجہ سے بہت جلد عالمی منڈیوں میں اپنی جگہ بنا سکتا ہے، امریکہ میں کچن سلیب ہزاروں ڈالر میں فروخت ہوتی ہیں۔

برائلر گوشت، فارمی انڈوں کے نرخ مستحکم رہے

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 504 روپے، زندہ برائلر مرغی کی 348 روپے کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 344 روپے فی درجن کی سطح پر مستحکم رہی۔ اوپن مارکیٹوں میں کئی مقامات پر دکاندار پرچون میں فی انڈا 30 روپے کے تناسب سے 360 روپے درجن جبکہ برائلر گوشت 30 روپے کلو زائد قیمت پر فروخت کرتے رہے۔

پشاور: چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ ڈسٹرکٹ سروس ڈیلیوری کانفرنس کے تیسرے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اپیلٹ ٹریبونل پی آر اے میں فیصلے قانون کے مطابق ہونے چاہیے' ٹیکس ماہرین

چیئرمین اپیلٹ ٹریبونل کیساتھ پروفیشنل جوڈیشل ممبران کی ضرورت ہے' چودھری امانت بشیر، عمر اقبال خواجہ ودیگر

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے ممبران اور ٹیکس ماہرین نے کہا ہے کہ اپیلٹ ٹریبونل پنجاب ریونیو اتھارٹی میں فیصلوں میں آئین وقانون کے برعکس ڈیپارٹمنٹ کی منشاء زیادہ دکھائی دیتی ہے جس سے رجسٹرڈ پرسنز کا استحصال کیا جارہا ہے، اپیلٹ ٹریبونل میں 90 فیصد فیصلے قانون کے خلاف کیے جارہے ہیں ۔چودھری امانت بشیر، عمر اقبال خواجہ، عاشق علی رانا، میاں امجد، عبدالوحید، محمد فاروق، اعظم شاہ، معظم رشید، عزیز بٹ، بابر نیاز، شاہد محمود نے کہا کہ وکیلوں کے دلائل کے بغیر فیصلے کیے جارہے ہیں جو قانون اور انسانی حقوق کے کھلم کھلا خلاف ورزی ہے، یہ ٹیکس دہندگان کا استحصال ہے، ٹربیونل پر ڈی آر کا قبضہ ہے جو اپنی مرضی کے فیصلے کررہے ہیں، ٹیکس قوانین اور پی آر اے قوانین کو بھی پس پشت ڈال دیا گیا ہے

ملک میں دالوں کی قیمتوں میں اکتوبر کے دوران ماہانہ اور سالانہ بنیادوں پر کمی

مکوآنہ (این این آئی) ملک میں دالوں کی قیمتوں میں اکتوبر کے دوران ماہانہ اور سالانہ بنیادوں پر کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ادارہ برائے شماریات پاکستان (پی بی ایس) کے اعداد وشمار کے مطابق اکتوبر میں ملک کے مختلف شہروں میں ایک کلوگرام دال مسور کی اوسط قیمت 294.32 روپے ریکارڈ کی گئی جو ستمبر کے مقابلے میں 0.36 فیصد اور گزشتہ سال اکتوبر کے مقابلے میں 4.09 فیصد کم ہے۔

شیخ وقاص اکرم کے وارنٹ گرفتاری، عمر ایوب اور زرتاج گل کا پاسپورٹ بلاک کرنے کا حکم

عدالت نے پاسپورٹ بلاک کرنے کی رپورٹ اور آئندہ سماعت پر فریقین کو طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت نے شیخ وقاص اکرم کے وارنٹ گرفتاری جاری اور عمر ایوب و زرتاج گل کا پاسپورٹ بلاک کرنے کا حکم دیدیا۔ اطلاعات کے مطابق اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت میں پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف 26 نومبر کے احتجاج سے متعلق مقدمات کی سماعت کے دوران عدالت نے شیخ وقاص اکرم کے وارنٹ گرفتاری جاری کردیے۔

کراچی، ای چالان جرمانوں کیخلاف درخواست پر فریقین سے جواب طلب

اس درخواست کو ای چالان کے خلاف دائر دیگر اسی نوعیت کی زیرسماعت درخواستوں کے ساتھ منسلک کیا جائے، عدالت عالیہ

کراچی (این این آئی) عدالت نے کراچی میں ای چالان جرمانوں کیخلاف درخواست پر فریقین سے جواب طلب کرلیا۔ سندھ ہائیکورٹ میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر ای چالان کے خلاف دائر مرکزی مسلم لیگ کی درخواست پر سماعت ہوئی، عدالت نے ہدایت کی کہ اس درخواست کو ای چالان کے خلاف دائر دیگر اسی نوعیت کی زیرسماعت درخواستوں کے ساتھ منسلک کیا جائے۔ درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ کراچی کا انفراسٹرکچر تباہ حالی کا شکار ہے اور شہر کی بیشتر سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، شہریوں کو سہولتیں فراہم کیے بغیر بھاری جرمانے عائد کیے جارہے ہیں جو غیر منصفانہ ہیں۔ وکیل نے کہا کہ ای چالان کی آڑ میں شناختی کارڈ بلاک کرنے کی دھمکیاں بنیادی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہیں، لاہور میں ٹریفک چالان کا جرمانہ 200 روپے ہے، کراچی میں 5000 روپے وصول کیے جارہے ہیں جو امتیازی رویہ ہے۔

ملک کو مضبوط بنانا ہے تو سیاسی استحکام لانا ہوگا' رانا جاوید عمر

آئین وقانون کی بالادستی کے لیے پوری قوم کو میدان میں آنا ہوگا' رہنما پی ٹی آئی

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رانا جاوید عمر نے کہا ہے کہ ملک میں اس وقت آئین وقانون کی بالادستی ختم ہوچکی ہے، 26 ویں ترمیم کے ذریعے آئین کو توڑا گیا اور اب 27 ویں ترمیم کے ذریعے اسے ٹکڑے ٹکڑے کیا جارہا ہے، اگر ملک کو مضبوط بنانا ہے تو سیاسی استحکام لانا ہوگا، یہ ممکن نہیں کہ ملک کی سب سے بڑی عوامی جماعت کو دیوار سے لگا کر بند کمروں میں عوام مخالف فیصلے کیے جائیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ 180 نشستیں جیتنے والی جماعت کے سربراہ عمران خان کو ناحق دو سالوں سے قید میں رکھا گیا ہے۔ ایوانوں میں عوامی نمائندوں کی جگہ مینڈیٹ چوروں کو مسلط کیا گیا ہے، جس کے باعث حالات دن بہ دن خراب ہوتے جارہے ہیں۔ اگر سیاسی استحکام نہ لایا گیا تو صورتحال مزید سنگین ہو جائے گی۔

کراچی: سندھ کے وزیر خوراک مخدوم محبوب الزمان محکمہ خوراک کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پنجاب حکومت کا ریلوے اسٹیشن کے اطراف شاہراہوں کو جدید بنانے کا منصوبہ

سڑکوں، فٹ پاتھوں، پیدل راستوں کی تعمیر و بحالی، دیگر اقدامات کے لئے 800 ملین روپے کا تخمینہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے لاہور ریلوے اسٹیشن کے گردونواح کی سڑکوں اور انفراسٹرکچر کو جدید اور خوبصورت بنانے کا فیصلہ کیا ہے جس کیلئے منصوبہ تیار کرلیا گیا ہے۔ کابینہ نے 3 کلومیٹر کے دائرے میں سڑکوں کی اپ لفٹنگ اور ری ویمپنگ کے منصوبے کی منظوری دیدی ہے منصوبے کے تحت ریلوے اسٹیشن کے اطراف سڑکوں، فٹ پاتھوں اور پیدل راستوں کی تعمیر و بحالی کی جائے گی

سندھ ہائیکورٹ نے میر مرتضیٰ بھٹو قتل کیس کی اپیلوں کی سماعت کیلیے 2 دسمبر کی تاریخ مقرر کردی

یہ ہائیکورٹ کی سب سے پرانی اپیل رہ گئی ہے، اسے تو چلالیں، قائم مقام چیف جسٹس کے دوران سماعت ریمارکس

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے میر مرتضیٰ بھٹو قتل کیس کی اپیلوں کی سماعت کیلیے 2 دسمبر کی تاریخ مقرر کردی ہے۔ منگل کو سندھ ہائیکورٹ میں میر مرتضیٰ بھٹو قتل کیس کی اپیلوں کی سماعت ہوئی۔ فیصل صدیقی ایڈووکیٹ کی پیش نہیں ہوئے، جونیئر وکیل نے موقف دیا کہ فیصل صدیقی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ میں مصروف ہیں، اس لیئے پیش نہیں ہوسکتے۔ قائم مقام چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ یہ ہائیکورٹ کی سب سے پرانی اپیل رہ گئی ہے، اسے تو چلالیں۔ عدالت نے آئندہ سماعت کیلیے 2 دسمبر کی تاریخ مقرر کردی۔ گذشتہ سماعت پر وکلا نے موقف دیا تھا کہ کیس میں متعدد ملزمان انتقال کرچکے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق شاہد حیات، شبیر احمد قائمخانی، آغا محمد جمیل، مسعود شریف کا انتقال ہوچکا ہے۔

نقب زنی کا ملزم گرفتار، کروڑوں مالیت کا چوری شدہ مال برآمد

لاہور (این این آئی) لاہور میں نقب زنی کے مطلوب ملزم کو گرفتار کرلیا گیا جس سے کروڑوں مالیت کا چوری شدہ مال بھی برآمد ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا مزید تنگ ہوگیا ہے۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن محمد نوید نے انچارج شاد باغ انویسٹی گیشن تنزیل الرحمن کو ملزم کی گرفتاری کا ٹاسک دیا تھا۔

پنجاب میں ساڑھے 12 ہزار اسکول ٹیچرز انٹرن کی بھرتی کا آغاز

لاہور (این این آئی) پنجاب میں ساڑھے 12 ہزار اسکول ٹیچرز انٹرن کی بھرتی کے لیے درخواستوں کی وصولی آج (بدھ) 12 نومبر سے شروع ہو گی۔ اس سے قبل بھرتیوں کا آغاز 10 نومبر سے کرنے کا اعلان کیا گیا تھا تاہم آن لائن ایپ میں ایس او پیز مکمل نہ ہونے کے باعث تاخیر ہوئی۔ ذرائع کے مطابق امیدوار کو فی اسکول درخواست کے ساتھ ایک ہزار روپے جمع کروانا ہوں گے۔ آن لائن درخواستیں جمع کروانے کی آخری تاریخ 21 نومبر مقرر کی گئی ہے۔

کراچی: آئی جی سندھ غلام نبی میمن سندھ پولیس کے افسران وجوانوں کے لیے نئے تعمیر شدہ فلیٹس کا افتتاح کر رہے ہیں۔

گیلپ سروے: 40 فیصد پاکستانی دوسری شادی کے حامی، 60 فیصد نے مخالفت کردی

سروے کے مطابق دوسری شادی کی حمایت کرنے والوں میں خواتین کے مقابلے میں مردوں کی شرح زیادہ رہی، رپورٹ

کراچی (این این آئی) حالیہ سروے میں 40 فیصد پاکستانی دوسری شادی کے حق میں نظر آئے۔ گیلپ پاکستان نے نیا سروے جاری کردیا جس کے مطابق 60 فیصد پاکستانی دوسری شادی کے مخالف ہیں اور انہوں نے کسی صورت اجازت نہ دینے کا کہا جب کہ 40 فیصد پاکستانیوں نے دوسری شادی کی مشروط حمایت کی اور کہا کہ مالی استطاعت ہو تو دوسری شادی ضرور کرنی چاہیے۔

لاہور: نابینا افراد نے اپنے مطالبات کے حق میں مال روڈ پر دھرنا دے رکھا ہے۔

سندھ کے وزیر وزیر خوراک کی صدارت میں سندھ فوڈ اتھارٹی کا اہم اجلاس

سندھ میں محفوظ اور معیاری خوراک کو یقینی بنانے کے لیے اصلاحات اور جدید اقدامات کیے جائیں گے، مخدوم محبوب الزمان

کراچی (این این آئی) سندھ کے وزیر وزیر خوراک مخدوم محبوب الزمان کی صدارت میں سندھ فوڈ اتھارٹی کا اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں فوڈ پروڈکٹ رجسٹریشن اینڈ لیبلنگ ونگ کی کارکردگی اور پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کے آغاز پر فوڈ پروڈکٹ رجسٹریشن اینڈ لیبلنگ ونگ کے ڈائریکٹر آغا ذوالفقار حسین نے ونگ کے تعارف، پروڈکٹ رجسٹریشن کے طریقہ کار، لیبل اپروول، سیمپلنگ اور جنوری 2024 سے نومبر 2025 تک کی کارکردگی رپورٹ پیش کی۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر لائسنس ونگ عمران خان لاشاری نے لائسنسنگ کے معاملات پر بریفنگ دی اور SBOSS پورٹل کے حوالے سے بتایا کہ اب لائسنس کے تمام مراحل آن لائن پورٹل کے ذریعے مکمل کیے جارہے ہیں، جس سے شفافیت اور کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر خوراک مخدوم محبوب الزمان نے کہا کہ پروڈکٹ رجسٹریشن کے مینول نظام کو ڈیجیٹلائز کرنے کی ضرورت ہے۔

وی پی این کا استعمال خطرہ، گوگل نے صارفین کو خبردار کردیا

صرف معتبر ذرائع جیسے گوگل پلے اسٹور یا مصدقہ ویب سائٹس سے وی پی این ایپس ڈاؤن لوڈ کریں، اعلامیہ

کراچی (این این آئی) وی پی این کا استعمال خطرہ، گوگل نے صارفین کو خبردار کردیا۔ گوگل نے اپنے اربوں صارفین کے لیے نیا الرٹ جاری کیا ہے کہ وی پی این ایپس صارفین کی نجی معلومات اور ڈیٹا کے لیے سنگین خطرے کا باعث بن سکتی ہے۔ اعلامیہ کے مطابق جعلی یا غیر مصدقہ وی پی این ایپس میں مالویئر، پاس ورڈ چوری کرنے والے پروگرام اور دیگر خطرناک کوڈز شامل ہو سکتے ہیں، جن کا مقصد صارف کے حساس ڈیٹا کو چرانا ہے۔ گوگل نے صارفین کو ہدایت کی ہے کہ صرف معتبر ذرائع جیسے گوگل پلے اسٹور یا مصدقہ ویب سائٹس سے وی پی این ایپس ڈاؤن لوڈ کریں۔ ایسی ایپس سے گریز کریں جو فون کے رابطے، نجی میسجز یا دیگر حساس اجازتیں طلب کرتی ہوں۔ مفت یا سائیڈ لوڈ کی گئی وی پی این ایپس خطرناک ثابت ہو سکتی ہیں، لہٰذا انہیں استعمال نہ کریں۔ ماہرین کے مطابق نئی آن لائن سیفٹی قوانین اور بعض ممالک میں پابندیوں کی وجہ سے صارفین وی پی این استعمال کی طرف مائل ہوئے ہیں، جس کا فائدہ بعض سائبر مجرم اٹھا رہے ہیں۔

لاہور: صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر، ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام اور انڈومنٹ فنڈ بارے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

کراچی، ڈسٹرکٹ ایسٹ پولیس کی مختلف کارروائیاں

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مجموعی طور پر ایک زخمی ملزم سمیت 20 ملزمان گرفتار

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ ایسٹ پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف مسلسل کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ ایسٹ پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مجموعی طور پر ایک زخمی ملزم سمیت 20 ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان میں 2 اسٹریٹ کرمنلز، 3 گٹکا ماوا فروش، 4 موٹر سائیکل لفٹر اور 1 مفرور شامل ہے جبکہ پولیس نے 1 ملزم کو مقابلے کے بعد زخمی حالت میں گرفتار کیا ہے۔ ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان سے 2 پسٹل بمعہ ایمونیشن، 116 پڑیاں/ پیکٹ گٹکا ماوا، 04 موٹر سائیکل، 2 موبائل فون اور 5420 نقدی رقم برآمد کرلی گئی۔ ملزمان کی گرفتاریاں تھانہ عزیز بھٹی، شارع فیصل، پی آئی بی کالونی، فیروز آباد، سولجر بازار اور سہراب گوٹھ کے علاقوں سے عمل میں لائی گئی ہیں۔ ملزمان کے خلاف متعلقہ تھانہ جات میں مقدمات درج کرکے ملزمان کو متعلقہ تفتیشی حکام کے حوالے کردیا گیا ہے۔

لاہور ہائیکورٹ نے 18 بھٹہ مزدوروں کو بازیاب کروا کر رہا کردیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ملکوال کے قریب ایک بھٹے سے 18 مزدور بازیاب کروا کے رہا کرنے کا حکم دیدیا، بازیاب ہونے والوں میں خواتین، مرد اور بچے شامل ہیں۔ جسٹس اسجد جاوید گھرال نے سائلہ نذیراں بی بی کی درخواست بازیابی پر سماعت کی۔ دوران سماعت، منڈی بہاؤالدین پولیس نے عدالت کے حکم پر تمام بھٹہ مزدوروں کو بچوں سمیت پیش کیا۔ عدالت کو بتایا گیا کہ بھٹہ مزدوروں کو عدنان احسن نامی بھٹہ مالک نے مبینہ طور پر گزشتہ چھ ماہ سے حبسِ بے جا میں رکھا ہوا تھا۔

ہائیکورٹ کا 5 سالہ بچی کو سی سی ڈی سے دادی کے حوالے کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے باپ، چچا اور بیٹی کی بازیابی کی درخواست پر سماعت کرتے ہوئے 5 سالہ بچی تحریم فاطمہ کو سی سی ڈی سے دادی کے حوالے کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس اسجد جاوید گھرال نے کیس کی سماعت کی، عدالت میں سی سی ڈی پولیس نے بچی کو پیش کیا جبکہ درخواست گزار کی جانب سے وکیل نے تفصیلی دلائل پیش کیے۔

کراچی: وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار سے سلطنت عمان کے قونصل جنرل سمیع عبداللہ سلیم النجاری ملاقات کر رہے ہیں۔

پنجاب کے سرکاری و پرائیویٹ میڈیکل وڈینٹل کالجوں میں داخلوں کا آغاز

سرکاری میڈیکل کالجوں کیلئے پہلی سلیکشن لسٹ یکم دسمبر، دوسری 5 دسمبر، تیسری 11 دسمبر کو لگے گی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں سرکاری اور پرائیویٹ میڈیکل وڈینٹل کالجوں میں داخلے کا عمل شروع ہو گیا ہے، یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کی جانب سے 21 نومبر تک آن لائن درخواستیں وصول کی جائیں گی۔ سرکاری میڈیکل کالجوں کے لیے پہلی سلیکشن لسٹ یکم دسمبر، دوسری 5 دسمبر اور تیسری 11 دسمبر کو جاری کی جائے گی۔ سرکاری ڈینٹل کالجوں کے لیے پہلی، دوسری اور تیسری سلیکشن لسٹ بالترتیب 2، 8 اور 14 جنوری کو جاری ہوگی۔ پرائیویٹ میڈیکل کالجز میں داخلے کے لیے آن لائن درخواستیں 21 نومبر تک وصول کی جائیں گی جبکہ پرائیویٹ میڈیکل کالجز کی پہلی، دوسری اور تیسری سلیکشن لسٹیں بالترتیب 18، 25 اور 31 دسمبر کو جاری ہوں گی۔ پرائیویٹ ڈینٹل کالجز کی پہلی، دوسری اور تیسری سلیکشن لسٹیں 5، 9 اور 15 جنوری کو جاری کی جائیں گی۔ تمام سرکاری و پرائیویٹ میڈیکل کالجز میں کلاسز 2 فروری 2026ء سے اور تمام سرکاری و پرائیویٹ ڈینٹل کالجز میں کلاسز 2 مارچ 2026ء سے شروع ہوں گی۔

کراچی، پاپوش نگر تھانے میں پولیس کے تشدد اور فائرنگ سے ملزم ہلاک

عدالتی احکامات پر اے ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل میں ملوث 2 پولیس اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا

کراچی (این این آئی) پاپوش نگر تھانے میں عباس نامی ملزم کی پولیس اہلکاروں کی جانب سے تشدد اور فائرنگ سے ہلاک ہوگیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق واقعے کے بعد عدالتی احکامات پر ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل میں ملوث 2 پولیس اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ مقدمہ پولیس کے سب انسپکٹر خادم حسین، کانسٹیبل اظہار الحق کے خلاف درج کیا گیا۔ نوجوان عباس کو پاپوش نگر تھانہ سے فرار ظاہر کرکے مقابلے میں ہلاک کیا گیا۔ متوفی عباس کی لاش پر تشدد کے بھی نشانات پائے گئے۔ پاپوش نگر پولیس نے 30 جولائی کو مقابلے کا مقدمہ درج کیا تھا۔ جوڈیشل مجسٹریٹ سینٹرل نے ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل کو عدالتی تحقیقات کا حکم دیا۔ عدالتی احکامات پر ایف آئی اے کو مقدمہ اندراج اور تحقیقات کے لئے ڈی آئی جی ویسٹ زون نے مراسلہ ارسال کیا تھا۔ پولیس ایف آئی آر کے مطابق ملزم لاک اپ سے باہر نکلنے پر تھانہ سے فرار ہوا تھا۔

کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری سے ہائی کمشنر آف روانڈا حریر یمانا فاتو گورنر ہاؤس میں ملاقات کر رہی ہیں۔

کراچی، فائرنگ کے واقعات میں 2 افراد جاں بحق، 5 افراد زخمی

وزیر داخلہ سندھ نے فائرنگ کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی ڈسٹرکٹ کورنگی سے رپورٹ طلب کرلی

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے واقعات میں 2 افراد جاں بحق جبکہ 5 افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ کورنگی زمان ٹاؤن سو کوارٹر کے قریب دکان پر فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق جبکہ ایک شدید زخمی ہوگیا۔ وزیر داخلہ سندھ نے فائرنگ کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی ڈسٹرکٹ کورنگی سے رپورٹ طلب کرلی، شہر میں فائرنگ کے دیگر واقعات میں چوکیدار سمیت 5 افراد زخمی ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی نفری موقع پر پہنچ گئی اور فوری طور پر کرائم سین یونٹ کو بھی طلب کرلیا۔ چھیپا حکام کے مطابق فائرنگ سے جاں بحق 2 افراد کی لاشیں چھیپا ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال لیجائی گئیں۔ جہاں ان کی شناخت 40 سالہ نور نبی ولد شاہ عالم اور 32 سالہ الیاس ولد محمود اللہ کے نام سے کی گئی جبکہ زخمی ہونے والے 25 سالہ اسمعیل کو طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔

ایک آزاد، باخبر اور تربیت یافتہ میڈیا ہی جمہوریت کو مضبوط بناتا ہے: مجتبیٰ شجاع الرحمن

اے آئی نے صحافت کے انداز، رفتار، اور طریقہ کار کو تبدیل کر دیا، ٹیکنالوجی کا استعمال ذمہ داری کے ساتھ کیا جائے

لاہور (این این آئی) وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان نے کہا ہے کہ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب نے ای گورننس، اوپن ڈیٹا ایکسیس اور ڈیجیٹل مانیٹرنگ جیسے اقدامات متعارف کرائے ہیں جو شفافیت اور عوامی شمولیت کو فروغ دے رہے ہیں، ہماری پالیسی بہت واضح ہے، میڈیا حکومت کا مخالف نہیں بلکہ سچائی، ترقی اور اصلاح کا ساتھی ہے، ہم میڈیا کو اپنی اصلاح کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔

ایئر لائنز کے انتظامی مسائل کے سبب 6 پروازیں منسوخ، 38 تاخیر کا شکار

کراچی (این این آئی) ایئر لائنز کے انتظامی مسائل کے سبب 6 پروازیں منسوخ اور 38 فلائٹس تاخیر کا شکار ہوگئیں جبکہ ایک پرواز کو متبادل لینڈنگ کروائی گئی ہے۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق نجی ایئر لائن کی کراچی اسلام آباد کی 2 پروازیں اور لاہور دبئی کی 2 پروازیں منسوخ کردی گئی ہیں۔ قومی ایئر لائن کی بھی کراچی اسکردو کی 2 پروازیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔

ای چالان کیخلاف مرکزی مسلم لیگ کی درخواست پر فریقین سے جواب طلب

چیف سیکرٹری سندھ، سندھ حکومت، آئی جی سندھ، ڈی آئی جی ٹریفک پولیس، نادرا، ایکسائز اور دیگر فریقین کو نوٹس جاری

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے ای چالان (فیس لیس ٹکٹنگ سسٹم) جرمانوں کے خلاف مرکزی مسلم لیگ کی درخواست پر فریقین سے جواب طلب کر لیا ہے۔ منگل کو سندھ ہائی کورٹ نے کراچی میں ای چالان جرمانوں کیخلاف درخواست پر فریقین سے جواب طلب کر لیا ہے۔ منگل کو سندھ ہائیکورٹ میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر ای چالان کے خلاف دائر مرکزی مسلم لیگ کی درخواست پر سماعت ہوئی، عدالت نے ہدایت کی کہ اس درخواست کو ای چالان کے خلاف دائر دیگر اسی نوعیت کی زیر سماعت درخواستوں کے ساتھ منسلک کیا جائے۔ درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ کراچی کا انفراسٹرکچر تباہ حالی کا شکار ہے اور شہر کی بیشتر سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، شہریوں کو سہولتیں فراہم کیے بغیر بھاری جرمانے عائد کیے جارہے ہیں

پشاور: خیبر پختونخوا کے وزیر ریلیف، بحالی وآبادکاری عاقب اللہ خان ریسکیو 1122 ہیڈکوارٹر کے دورہ کے موقع پر اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کراچی کی طالبات نے ڈپریشن سے بچانے والا چشمہ ایجاد کرلیا

دماغی تناؤ کم کرنے والی اس عینک کی تحقیقی آزمائش کے دوران ستر فیصد صارفین میں موڈ اور نیند میں نمایاں بہتری دیکھی گئی ہے، رپورٹ

کراچی (این این آئی) پاکستان کی ہونہار طالبات نے ڈپریشن سے بچانے والا چشمہ ایجاد کر کے دنیا کو حیران کر دیا۔ پاکستان سے برین ڈرین یعنی ذہین دماغوں کی بیرونِ ملک منتقلی ایک سنجیدہ مسئلہ ضرور ہے، لیکن اس کے باوجود پاکستان میں قابلیت، جدت اور سائنسی سوچ رکھنے والے نوجوانوں کی کمی نہیں۔ ہر روز ہمارے ہونہار طلبہ اپنی محنت اور تخلیقی صلاحیتوں سے نئی کامیابیاں رقم اور دنیا کو حیران کر رہے ہیں۔ ایسی ہی ایک مثال جامعہ کراچی کے فارمیسی ڈیپارٹمنٹ کی باصلاحیت طالبات نیہا شاہ اور جویریہ لطیف نے قائم کی ہے، جنہوں نے اپنی ٹیم کے ساتھ مل ذہنی دباؤ کم کرنے والی جدید اینٹی ڈپریسنٹ گاگلز ایجاد کیے ہیں۔ یہ حیرت انگیز گاگلز بیک وقت ویژول، آڈیو اور اروما تھراپی فراہم کرتے ہیں۔ اس منفرد عینک میں نیلی روشنی دماغی تناؤ کم کرتی ہے

گھر پر کئی ماہ سے کھڑی گاڑی کے مالک کو ای چالان موصول

کراچی (این این آئی) کراچی میں نافذ کردہ ای چالان سسٹم کی ایک کے بعد ایک خامی سامنے آنے لگی ہے جس سے شہری شدید نفسیاتی دباؤ اور پریشانی کا شکار ہونے لگے ہیں۔ ای چالان سسٹم نے شہر قائد کے باسیوں کو نہ کردہ چالان کا قصوار ٹھہرانا بھی شروع کردیا ہے، کسی کو اس کی چوری شدہ گاڑی کا ای چالان بھیجا جارہا ہے تو کسی کو ایک ہی روز میں پانچ پانچ ای چالان موصول ہورہے ہیں

کرپشن کسی صورت برداشت نہیں، شکایت پر فوری کارروائی ہوگی، سی سی پی او لاہور

بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

لاہور (این این آئی) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ محکمہ پولیس میں کرپشن کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، شکایت موصول ہونے پر فوری ایکشن ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کیپیٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژنز کی کارکردگی کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں کرائم کنٹرول، تفتیشی معیار اور دیگر پیشہ ورانہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

ایئر لائنز کے انتظامی مسائل کے سبب 6 پروازیں منسوخ، 38 تاخیر کا شکار

نجی ایئر لائن کی کراچی اسلام آباد کی 2 پروازیں اور لاہور دبئی کی 2 پروازیں منسوخ کردی گئیں

کراچی، اسلام آباد (این این آئی) ایئر لائنز کے انتظامی مسائل کے سبب 6 پروازیں منسوخ اور 38 فلائٹس تاخیر کا شکار ہوئیں جبکہ ایک پرواز کی متبادل لینڈنگ کروائی گئی۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق نجی ایئر لائن کی کراچی اسلام آباد کی 2 پروازیں اور لاہور دبئی کی 2 پروازیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ قومی ایئر لائن کی بھی کراچی اسکردو کی 2 پروازیں منسوخ کردی گئی ہیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق غیر ملکی ایئر لائن کی اسلام آباد کے لیے پرواز واپس تہران اتار لی گئی، اسلام آباد کراچی کی 10 پروازوں میں 1 سے ساڑھے 6 گھنٹے تک تاخیر کا بتایا گیا جبکہ اسلام آباد ایئر پورٹ کی 9 پروازوں میں 1 سے 10 گھنٹے تک تاخیر کا بتایا گیا۔ نجی ایئر کی اسلام آباد ابوظبی کی 2 پروازوں میں 10 گھنٹے، لاہور ایئر پورٹ کی 8 پروازوں میں 1 سے 2 گھنٹے، کراچی ایئر پورٹ کی 10 پروازوں میں 1 سے ساڑھے 8 گھنٹے تک تاخیر کا بتایا گیا۔

محکمہ تعلیم خیبر پختونخوا میں تقرر وتبادلوں پر پابندی عائد

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے محکمہ تعلیم میں تقرر و تبادلوں پر پابندی عائد کردی گئی۔ محکمہ تعلیم کے اعلامیہ کے مطابق صرف پبلک سروس کمیشن کے ذریعے نئی بھرتیوں، پروموشن اور تعیناتی کے منتظر ملازمین کے تبادلے اور تعیناتی ہوگی۔ صوبائی وزیر تعلیم نے ہدایت کی ہے کہ محکمہ تعلیم میں تبادلے اور تعیناتیاں صرف ای ٹرانسفر پالیسی کے تحت ہوگی، ای ٹرانسفر پالیسی کے تحت تبادلے اور تعیناتیاں صرف سردیوں اور گرمیوں کی چھٹیوں میں خودکار نظام کے تحت ہوگی۔

پشاور اور چاغی میں اے این ایف کی بڑی کارروائیاں، کروڑوں کی منشیات برآمد

گرفتار ملزم نے یونیورسٹی کے طلبہ کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف بھی کیا، ترجمان اینٹی نارکوٹکس فورس

راولپنڈی (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے پشاور اور چاغی میں بڑی کارروائیاں کرتے ہوئے کروڑوں روپے کی منشیات برآمد کرلی۔ ترجمان کے مطابق اینٹی نارکوٹکس فورس نے تعلیمی اداروں کے اطراف اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن کیا اور 3 مختلف کارروائیوں کے دوران 2 ملزمان کو گرفتار کرکے 2 کروڑ 95 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 83.209 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق رنگ روڈ پشاور پر یونیورسٹی کے قریب ایک کارروائی کے دوران ایک ملزم کے قبضے سے 230 گرام وزنی 350 ایکسٹیسی گولیاں برآمد ہوئیں۔ گرفتار شخص نے ابتدائی تفتیش میں اعتراف کیا کہ وہ تعلیمی اداروں کے طلبہ کو منشیات فروخت کرتا تھا۔

کے پی امن جرگے کا اعلامیہ وفاقی حکومت سمیت تمام سیکیورٹی اداروں کو بھجوانے کا فیصلہ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے 12 نومبر کو ہونے والے امن جرگہ کا اعلامیہ وفاقی حکومت سمیت تمام سیکیورٹی اداروں کو بھجوانے اور ایپکس کمیٹی میں پیش کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جرگے میں بڑی سیاسی جماعتوں سمیت تمام جماعتوں نے شرکت کا فیصلہ کیا ہے، جرگے کے شرکاء کو خصوصی پاس جاری کردیے گئے، جرگے کے روز غیر متعلقہ افراد کی شرکت پر پابندی ہوگی۔

پشاور: رائٹ ٹو پبلک سروس کمیشن میں عوامی شکایات سنیں جارہی ہیں

بھاری جرمانوں پر عوامی ردعمل کے بعد حکومت سندھ کا ای چالان کی رقم میں کمی پر غور

امکان ہے کہ حکومت اس ماہ کے آخر تک بعض خلاف ورزیوں پر جرمانے میں واضح کمی کا اعلان کرے، پیپلز پارٹی ذرائع

کراچی (این این آئی) حال ہی میں متعارف کرائے گئے ای ٹکٹنگ نظام خصوصاً بھاری جرمانوں اور ناکافی سڑکوں کے انفرااسٹرکچر پر عوامی ردعمل کے بعد حکومت سندھ نے مختلف خلاف ورزیوں پر چالان کی رقم کم کرنے پر غور وخوض کرنا شروع کردیا ہے۔ شہریوں اور سیاسی جماعتوں نے پیپلز پارٹی کی قیادت، سندھ حکومت اور پولیس پر شدید تنقید کی ہے کہ بھاری جرمانے محض پیسہ کمانے کا ذریعہ بنائے گئے ہیں۔

مریدکے، ٹک ٹاک ویڈیو بنانے کے شوق نے 12 سالہ طالب علم کی جان لے لی

عبدالہادی اپنے گھر کے اندر اپنے والد کے پسٹل سے ٹک ٹاک ویڈیو بنا رہا تھا کہ اچانک پسٹل چل گیا، پولیس

مریدکے (این این آئی) کالا شاہ کاکو کے علاقے رتہ گجراں میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں 12 سالہ طالب علم عبدالہادی اپنے والد کے پسٹل سے ٹک ٹاک ویڈیو بناتے ہوئے گولی کا شکار ہوگیا۔ گولی لگنے کے نتیجے میں طالب علم کی موقع پر ہی موت واقع ہوگئی۔ پولیس کے مطابق عبدالہادی اپنے گھر کے اندر اپنے والد کے پسٹل سے ٹک ٹاک ویڈیو بنا رہا تھا کہ اچانک پسٹل چل گیا جس سے گولی اس کے جسم میں لگ گئی۔ گولی کی آواز سن کر گھر والوں میں کہرام مچ گیا اور فوری طور پر عبدالہادی کو زخمی حالت میں اسپتال لے جایا گیا، جہاں وہ دم توڑ گیا۔ پولیس نے بتایا کہ جاں بحق ہونے والے طالب علم کی شناخت 12 سالہ عبدالہادی کے نام سے ہوئی ہے وہ اپنے خاندان کے ساتھ اپنے گھر میں موجود تھا جب یہ حادثہ پیش آیا۔

کراچی، فائرنگ کے واقعات میں 2 افراد جاں بحق، 5 افراد زخمی

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے واقعات میں 2 افراد جاں بحق جبکہ 5 افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ کورنگی زمان ٹاؤن سو کوارٹر کے قریب دکان پر فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق جبکہ ایک شدید زخمی ہوگیا۔ وزیر داخلہ سندھ نے فائرنگ کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی ڈسٹرکٹ کورنگی سے رپورٹ طلب کرلی، شہر میں فائرنگ کے دیگر واقعات میں چوکیدار سمیت 5 افراد زخمی ہوگئے۔

غیر ملکی خواتین کا کوٹ ادو کے 2 نوجوانوں سے نکاح، دونوں نے اسلام قبول کرلیا

کوٹ ادو (این این آئی) بلغاریہ اور جاپان سے تعلق رکھنے والی دو خواتین پاکستان کے شہر کوٹ ادو پہنچ گئیں، جہاں انہوں نے مقامی نوجوانوں سے شادی کرنے کیلئے اسلام قبول کیا۔ بلغاریہ کی رہائشی اسٹیفانو واجنہوں نے اسلام کو اپنے عقیدہ کے طور پر اختیار کیا، پاکستانی نوجوان عدنان گورمانی سے رشتہ ازدواج میں بندھ گئیں۔ اس کے بعد ان کا اسلامی نام مریم رکھا گیا، اسی طرح جاپان کی باشندہ ایشی موتو آکی نے بھی اپنے دل کی خواہش کے مطابق شعیب گشکوری سے نکاح کیا

پشاور: خیبر پختونخوا کے وزیر ریلیف، بحالی وآبادکاری عاقب اللہ خان ریسکیو 1122 ہیڈکوارٹر کے دورہ کے موقع مختلف سٹالز کا معائنہ کررہے ہیں

ملک کے بڑے ایئرپورٹس پر فلائٹ آپریشن شدید متاثر، متعدد پروازیں منسوخ اور موخر

قومی ایئرلائن سمیت دیگر فضائی کمپنیوں کی اندرون اور بیرون ملک پروازوں کا نظام متاثر ہونے سے مسافر کو پریشانی کا سامنا

کراچی (این این آئی) ملک کے بڑے ہوائی اڈوں پر ایئر لائنز کا فلائٹ آپریشن شدید متاثر ہوا ہے، جس کی وجہ سے متعدد پروازیں منسوخ اور کئی تاخیر کا شکار ہوگئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق کراچی سے دوحہ جانے والی قطر ایئر لائن کی دوطرفہ پرواز 604 اور 605 منسوخ کردی گئی۔ اسی طرح ایئر سیال کی کراچی سے اسلام آباد کی دوطرفہ پروازیں 121 اور 122 بھی منسوخ کردی گئیں۔